اردو مضامین

خلافت اور جمہوریت: نتائج و عواقب

Caliphate and Democracy: Results & Consequences

ڈاکٹر حافظ محمد خالد شفیع*

ABSTRACT

Islām is a complete code of life. Man is the vicegerent and representative of Allāh. The role of vicegerent and caliphate can only be fulfilled in a complete manner, when the system of the Islamic Caliphate is established. It is the duty of Muslims to endeavor for establishing such a system in the world.

The caliphate is the political title of Islām. It is, actually, the sovereignty of Almighty God on the earth. God creates its sovereignty by selecting the pious people from the humankind. With the help of Caliphate, unity, strength and equality can be established in the Muslim world. Democracy is the system of government, which is based on the wishes of the majority of the people of a state. However, the real democracy is the one in which wishes of people are directly or indirectly catered. An ideal democracy is the one in which all affairs of the country are run with the consultation of all the people. If the affairs of any state are run by the majority of the people, then that state will move towards its destruction. Allāh says, *"O Muhammad..! If you obey most of the dwellers of the earth they will lead you astray from Allah's way."*

The affairs of the Islamic state must not run by the wishes of the majority nor the minority of the people, but, on the values of truth and justice. The author of this paper presents a critical and comparative study of the Islamic Caliphate and democracy, and concludes that it is the Caliphate and not democracy, which is the true Islamic system of government.

Keywords**:** *Democracy, Caliphate, Sovereignty, Consultation, Justice*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، سکھر، آئی بی اے، سندھ

دین اسلام وہ دین ہے جس کی سنہری تعلیمات انسانیت کے لئے سراپا رحمت ہیں۔ فخر کی بات یہ ہے کہ اس کی یہ تعلیمات صرف منبر و محراب تک محدود نہیں بلکہ حیات انسانی کے ہر شعبہ پر حاوی ہیں۔ گویا حیات انسانی ایک کل ہے اور تہذیب و تمدن، تعلیم وتربیت، عادات و اطوار، اخلاق و آداب، معیشت ومعاشرت اس کے اجزاء ہیں۔ سیاست بھی اس کل کانہایت اہم جزوءہے۔ دین اسلام نے سیاست میں طرزِ خلافت کا حکم دیا ہے۔ خلافت کسے کہتے ہیں، اس کی اہمیت کیا ہے نیز قرآن و حدیث میں خلافت کا حکم کس طرح سے دیا گیا ہے؟ آیا اس طرزِ حکومت کا اپنانا اختیاری ہے یا لازمی؟ تمام امور تشریح کے محتاج ہیں اور یہ بات بھی تشریح طلب ہے کہ تقریبا نصف صدی پر مشتمل سیاست میں جمہوریت کے طرزِ حکومت کی حیثیت کیا ہے؟ دور حاضر میں اسے اپنایا جاسکتا ہے یا نہیں اور اگر اسے اپنایا گیا تو اس سے کیا نتائج مرتب ہونگے؟ یہ تمام قضایا بھی محل بحث ہیں۔

خلافت کا لغوی مفہوم:

خلافت اور خلیفہ کا مادہ لغوی "خ۔ل۔ف" ہے (خَلَفَ) اس مادہ کے لغوی معنی جانشین ہونا، ایک کے بعد دوسرے کا آنا اور نیابت کے ہیں۔ یہ مادہ مختلف ابواب کے صیغوں سے کئی بار قرآن مجید میں آیا ہے، اور خصوصیاتِ ابواب کی وجہ سے اصل معنی کے ساتھ اضافی مفہوم بھی شامل ہوتا ہے۔

علامہ ابن منظور خلافت کا لغوی مفہوم بیان کرتے ہیں:

"وخَلَفَ فُلَانٌ فُلَانًا إِذَا كَانَ خَلِيفَته.يُقَالُ: خَلَفَه فِي قَوْمِهِ خِلافَةً."(1)

ترجمہ: اور فلاں فلاں کے پیچھے آیا جب وہ اس کا قائم مقام ہوا۔ کہا جاتا ہے وہ قوم میں اس کا قائم مقام ہوا۔

قرآن مجید میں ہے: ﴿وَقالَ مُوسى لِأَخِيهِ هارُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي﴾(2)

ترجمہ: اور کہا موسی نے اپنے بھائی ہارون سے کہ میرا خلیفہ رہ میری قوم میں۔

خلافت کی اصطلاحی مفہوم:

علامہ ابن خلدون خلافت کی تعریف بیان کرتے ہوئے۔ رقمطراز ہیں:

"وأنه نيابة عن صاحب الشريعة في حفظ الدين، وسياسة الدنيا به، تسمى خلافة وإمامة، والقائم به خليفة وإماماً."(3)

ترجمہ: نیابت دین کی حفاظت اور دنیا کی سیاست کے لیے صاحب شریعت کی جانشینی کو خلافت اور امامت کہا جاتا ہے اور جو شخص اس کا انتظام کرتا ہے اسے خلیفہ اور امام کہتے ہیں۔

شاہ ولی اللہ دہلوی خلافت کی ایک جامع تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

" الخلافة هي الرياسة العامة في التصدي لاقامة الدين بإحياء العلوم الدينيه واقامة اركان الاسلام والقيام بالجهاد وما يتعلق به من ترتيب الجيوش والفرض للمقاتلة واعطاءهم من الفيء والقيام بالقضاء واقامة الحدود ورفع المظالم والامر بالمعروف والنهي عن المنكر نيابةً عن النبي ﷺ. "(4)

ترجمہ: خلافت وہ نیابتِ عامہ ہے جو نبی اکرم ﷺ کی نیابت کرتے ہوئے عملاً اقامت دین کے لیے حاصل ہوئی ہو یعنی علوم دینیہ کا احیاء ارکان اسلام کی اقامت، جہاد اور متعلقات جہاد کا قیام جیسے افواج کی ترتیب، مجاہدین کو وظائف دینا، مال غنیمت کی تقسیم، نظام قضا کا قیام، حدود کا اجراء مظالم کو دور کرنا اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینا۔

مولانا ابوالکلام آزاد خلافت کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"قرآن کی زبان میں خلافت اور "استخلاف فی الارض" اور "وراثت و تمکن فی الارض" سے مقصود زمین کی قومی عظمت و ریاست اور قوموں اور ملکوں کی حکومت و سلطنت ہے"۔(5)

علماء اسلام کی بیان کردہ شرعی و اصطلاحی تعریفات کا جائزہ لیا جائے، تو خلافت کا ایک جامع مفہوم ہمارے سامنے آتا ہے جو اسلامی نظام خلافت میں خلیفہ المسلمین کے دائرہ اختیار اور منصبی ذمہ داریوں تک کے تعین میں مددگار ہو سکتا ہے۔ اس لیے کہ خلیفہ، صرف خلیفہ کے طور پر کوئی حیثیت نہیں رکھتا جب تک وہ اللہ اور رسول ﷺ کی نیابت میں منصبی ذمہ داریاں ادا نہیں کرتا۔

قرآن اور خلافت:

قرآن کریم میں خلافت کا تذکرہ متعدد بار ہوا ہے۔ جہاں جہاں خلیفہ کا لفظ استعمال ہوا ہے اس کے بعد (الارض) کا لفظ بھی آیا ہے۔ ﴿إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾(6) سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم یعنی (بنی آدم) کو زمین میں خلیفہ بنایا ہے۔ بنی آدم کا اشرف المخلوقات ہونا ظاہر اور نوع انسانی کا زمینی مخلوقات پر حکمران ہونا عیاں ہے، پس انسان کی یہ خلافت جو زمین کے ساتھ مخصوص ہے یقیناً خلافت الہیہ ہے

اور نوع انسانی خلیفۃ اللہ۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات بے ہمتا جو سب کی خالق و مالک ہے اس سے بہت اعلیٰ وارفع ہے کہ **"من کل الوجوہ"** کوئی مخلوق چاہے وہ اشرف المخلوقات ہی کیوں نہ ہو اس کی جانشین یعنی خلیفہ ہو سکے۔ پس نوع انسان کی خلافت الہیہ "من وجہ" تسلیم کرنی پڑے گی اور وہ بجز اس کے اور کچھ نہیں ہو سکتی کہ جس طرح اللہ تعالیٰ تمام موجودات مخلوقات کا حقیقی حکمران اور شہنشاہ ہے اسی طرح زمین میں صرف نوع انسان ہی تمام دوسری مخلوقات پر بظاہر حکمران نظر آتا ہے اور ہر چیز اور ہر مخلوق سے انسان ہی اپنی فرماں برداری کرالیتا ہے پس ثابت ہوا۔﴿إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾ میں خلیفہ سے مراد حکمران ہے نہ کہ کچھ اور [7]

رسول اللہ ﷺ کی خلافت

﴿هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ﴾ [8]

ترجمہ: وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا ہے تاکہ اسے پورے کے پورے دین پر غالب کردے خواہ مشرکین کو یہ کتنا ہی ناگوار رہو۔

حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی نے اس آیت کو قرآن مجید کا عمود قرار دیا ہے کیونکہ اس آیت میں یہ بتایا گیا ہے آپ ﷺ کی بعثت کے دو مقصد تھے۔

۔دعوت و تبلیغ 2۔غلبہ دین حق

مولانا شبیر احمد عثمانی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"اسلام کا غلبہ باقی تمام ادیان پر معقولیت اور حجت و دلیل کے اعتبار سے، ہر زمانہ میں بحمد اللہ نمایاں طور پر حاصل رہا ہے۔ باقی حکومت و سلطنت کے اعتبار سے وہ اُس وقت حاصل ہوا ہے اور ہو گا، جبکہ مسلمان اصول اسلام کے پوری طرح پابند اور ایمان و تقویٰ کی راہوں میں مضبوط اور جہاد فی سبیل اللہ میں ثابت قدم تھے یا آئندہ ہوں گے" [9]

تاریخ گواہ ہے کہ اس دین کو اللہ تعالیٰ نے سینکڑوں برس تک سب مذاہب پر غالب کیا اور مسلمانوں نے تمام مذاہب والوں پر صدیوں تک بڑی شان و شوکت سے حکومت کی اور آئندہ بھی دنیا کے خاتمہ کے قریب ایک وقت آنے والا ہے جب ہر چہار طرف دین برحق کی حکومت ہو گی 'اور باطل سرنگوں ہو گا۔ آج جو کچھ مسلمانوں کے ساتھ ہو رہا ہے یہ اُن کے اپنے اعمال کا نتیجہ ہے۔

مولانا عبد الشکور فاروقی لکھنوی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"آنحضرت ﷺ کی بعثت کا مقصود یہ ہے کہ (دین اسلام) کو تمام ادیان پر غالب کر دیا جائے۔ پس اس آیت میں اگر سمجھنے کی کوئی چیز ہے تو یہ ہے کہ غالب کر دینے سے کیا مراد ہے؟ غلبہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک یہ کہ دلیل میں غالب کیا جائے یعنی دین حق کی حقانیت اور دوسرے ادیان کے بطلان پر ایسی دلیل قائم کی جائے جس کا رد نہ ہو سکے۔ دوسرے یہ کہ تیغ وسناں کے ذریعے سے غالب کیا جائے یعنی دین حق کی شوکت وسطوت کے سامنے تمام مذاہب کو سرنگوں کر دیا جائے۔ ہم کہتے ہیں کہ دونوں قسم کا غلبہ مراد ہے"(10)

رسول اللہ ﷺ نے عرب کے مشہور قبائل کو ان الفاظ میں اسلام کی دعوت دی:

((يَا أَيُّهَا النَّاسُ قُولُوا لا إِلَهَ إِلا اللَّهُ تُفْلِحُوا وَتَمْلِكُوا بِهَا الْعَرَبَ وَتَذِلَّ لَكُمُ الْعَجَمُ وَإِذَا آمَنْتُمْ كُنْتُمْ مُلُوكًا فِي الْجَنَّةِ))(11)

ترجمہ: اے لوگو! کہہ دو سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں تو کامیاب ہو جاؤ گے، عرب کے حکمران بن جاؤ گے اور عجم بھی تمہارے ماتحت ہو جائیں گے اور جب تم ایمان لے آؤ گے تو جنت میں بھی بادشاہ بن جاؤ گے۔

اُمت کی منصبی ذمہ داری:

مذکورہ آیت مبارکہ کی تشریح و تفسیر کے ضمن میں ڈاکٹر اسرار احمد امت کی منصبی ذمہ داری کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ختم نبوت ورسالت کا ایک لازمی نتیجہ یہ ہے کہ جو کام آنحضور ﷺ سے قبل انبیاء و رسل کیا کرتے تھے آپ ﷺ کے بعد اب وہ سب کے سب آپ ﷺ کی اُمت کے ذمے ہیں گویا خواہ دعوت و تبلیغ، انذار و تبشیر، تعلیم و تربیت اور اصلاح و تزکیہ پر مشتمل فریضہ شہادتِ حق ہو جو بعثت انبیاء و رُسل کی غرضِ اصلی اور غایتِ اساسی ہے خواہ اعلاء کلمۃ اللہ، اقامتِ دین اور اظہار دین حق علی الدین کلہ پر مشتمل بعثتِ محمدی کا مقصد امتیازی اور منتہائے خصوصی ہو جملہ اہل ارض اور جمیع کُرہ ارضی کے اعتبار سے یہ سارے فرائض اب ان لوگوں پر عائد ہوتے ہیں جو آنحضور ﷺ کے نام لیوا ہیں اور آپ ﷺ کے نام نامی سے منسوب ہونے پر فخر کرتے ہیں اور آپ ﷺ کی اُمت میں ہونے کو موجب سعادت جانتے ہیں"(12)

لہٰذا اقامت دین کی جدوجہد اور اسلامی نظام خلافت کا قیام امت کے فرائض منصبی میں سے ہے۔

خلافت حدیث کے آئینہ میں:

حضرت نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((تَكُونُ النُّبُوَّةُ فِيكُمْ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا، ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةٌ عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ، فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَرْفَعَهَا، ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا عَاضًّا، فَيَكُونُ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا، ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا جَبْرِيَّةً، فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا، ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةً عَلَى مِنْهَاجِ نُبُوَّةٍ ثُمَّ سَكَتَ))(13)

ترجمہ: تمہارے درمیان نبوت رہے گی جب تک اللہ چاہے گا۔ پھر جب اللہ چاہے گا اُس کو اٹھا لے گا۔ اس کے بعد نبوت کے طریقے پر کام کرنے والی خلافت آئے گی۔ جو رہے گی جب تک اللہ چاہے گا۔ پھر وہ جب چاہے گا اس کو بھی اٹھا لے گا۔ پھر کاٹ کھانے والی بادشاہت آجائے گی، جو رہے گی جب تک اللہ چاہے گا، پھر وہ جب چاہے گا اُس کو اٹھا لے گا۔ پھر جابرانہ ملوکیت کا دور ہو گا۔ جو جب تک اللہ چاہے گا رہے گا۔ پھر وہ جب چاہے گا اُس کو بھی اٹھا لے گا۔ اس کے بعد پھر نبوت کے طریقے پر کام کرنے والی خلافت آجائے گی۔ پھر آپ ﷺ خاموش ہو گئے۔

حضرت ثوبان روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((إِنَّ اللَّهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا، وَإِنَّ أُمَّتِي سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا))(14)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالی نے میرے لئے زمین کو سکیڑ دیا (یا لپیٹ دیا) میں نے اس کے تمام مشرق و مغرب دیکھ لئے۔ اور یقینا میری اُمت کا اقتدار وہاں تک پہنچ کر رہے گا، جہاں تک زمین کو میرے لئے لپیٹا گیا۔

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے سنا:

((لَا يَبْقَى عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ بَيْتُ مَدَرٍ، وَلَا وَبَرٍ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللهُ كَلِمَةَ الْإِسْلَامِ، بِعِزِّ عَزِيزٍ أَوْ ذُلِّ ذَلِيلٍ، إِمَّا يُعِزُّهُمُ اللهُ فَيَجْعَلُهُمْ مِنْ أَهْلِهَا، أَوْ يُذِلُّهُمْ فَيَدِينُونَ لَهَا))(15)

ترجمہ: روئے زمین پر نہ کوئی اینٹ گارے کا بنا ہوا گھر رہ جائے گا اور نہ اونٹ کے بالوں کا بنا ہوا کوئی خیمہ، جس میں اللہ کلمہ اسلام کو داخل نہ کر دے خواہ کسی سعادت مند کو عزت دے کر اور خواہ کسی

بدبختی کی مغلوبیت کے ذریعے یعنی یا تو اللہ تعالی لوگوں کو (اسلام کی بدولت) عزت عطا فرمادے گا اور انہیں کلمہ اسلام کا قائل و حامل بنادے گا یا (حالت کفر پر برقرار رہنے کی صورت میں) انہیں مغلوب فرمادے گا کہ وہ اس کے محکوم اور تابع بن کر رہیں گے۔

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس پر میں نے (اپنے دل میں) کہا! "پھر تو واقعتاً دین کل کا کل اللہ ہی کے لیے ہو جائے گا"۔

خلافت فقہا کی نظر میں:

علامہ ابن حزم ظاہری خلیفہ کے تقرر اور انعقاد خلافت کے حوالے سے فرماتے ہیں۔

"ولا يجوز التردد بعد موت الامام في اختيار الامام اكثر من ثلاث."(16)

ترجمہ: امام کی وفات کے بعد دوسرے امام کے تعین میں تین دن سے زیادہ کا تردد جائز نہیں۔

امام ابوالحسن الماوری المتوفی نے خلیفہ کے تقرر کو بالاجماع واجب قرار دیا ہے۔آپ فرماتے ہیں۔

"الْإِمَامَةُ ،وَعَقْدُهَا لِمَنْ يَقُومُ بِهَا فِي الْأُمَّةِ وَاجِبٌ بِالْإِجْمَاعِ"(17)

ترجمہ: ریاست کی سربراہی کے لیے اُس شخص کا تقرر جو یہ فرض انجام دے سکتا ہو بالاجماع واجب ہے۔

امام عبد القاہر البغدادی بھی خلیفہ کا تقرر اور خلافت کا انعقاد بالاجماع واجب اور فرض قرار دیتے ہوئے رقمطراز ہیں:

" فقال جمهور أصحابنا من المتكلمين والفقهاء، من الشيعة والخوارج واكثر المعتزلة، بوجوب الإمامة وأنها فرض و واجب"(18)

ترجمہ: ہمارے اساتذہ میں سے جمہور علماء علم عقائد اور فقہاء نے، اسی طرح شیعہ، خوارج اور کثیر معتزلہ نے بھی کہا ہے کہ اسلامی حکومت کا قیام فرض اور واجب ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ فرماتے ہیں:

"ان ولاية أمر النَّاسِ مِنْ أَعْظَمِ وَاجِبَاتِ الدِّينِ بَلْ لَا قيام للدين ولا للدنيا إِلَّا بِهَا."(19)

ترجمہ: حکومت اسلامیہ دین کا بلند ترین فرض اور واجب ہے، بلکہ اس کے بغیر دین و دنیا قائم نہیں رہ سکتے۔

شاہ ولی اللہ دہلوی فرماتے ہیں:

"واجب بالكفايه است بر مسلمين الي يوم القيامه نصب خليفه مستجمع شروط به چند وجه "[20]

ترجمہ: قیامت تک مسلمانوں پر فرض کفایہ ہے کہ ایسے خلیفہ کا تقرر کریں جس کے اندر خلافت کی شرائط موجود ہوں۔

احیائے خلافت، عہد حاضر کی اہم ضرورت

دور نبوت کا اصل ہدف غیر اللہ کے نظام کو قرآن سنت کے نظام سے بدلنا تھا۔ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے جانثار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نہایت احسن طریقے سے تقریباً 23 سال کی جان گسل جدوجہد سے سرزمین عرب میں دین حق کی دعوت و تبلیغ کی اور اس کا غلبہ قائم کیا جب تک نظام خلافت راشدہ قائم رہا اس وقت تک امت مسلمہ ہی انسانیت کی نگہبان و قائد رہی۔ یہی وہ مبارک دور ہے جس میں آسمان نے زمین پر خوشحالی، امن وامان، عدل وانصاف اور اخوت ومساوات کے وہ مناظر دیکھے جس کی مثال آج تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔

خلافت اسلامیہ کا یہ سلسلہ 632ء سے لے کر رسول اللہ ﷺ کے بعد تک خلافت راشدہ کی شکل میں کم وبیش 31 سال جاری رہا اس کے بعد اگرچہ خلافت اس صورت میں قائم نہ رہ سکی لیکن پھر بھی 1924ء تک کسی نہ کسی صورت میں قائم رہی اور خلافت عثمانیہ کے آخری خلیفہ سلطان عبدالحمید ثانی پر یہ سلسلہ ختم ہوا، سلطان عبدالحمید ثانی کو معزول کر کے خلافت کا ادارہ ختم کر دیا گیا اور اسلامی ممالک میں مغربی جمہوریت کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

علامہ اقبال خلافت کے خاتمے کے تاریخی پس منظر کو یوں بیان کرتے ہیں۔

چاک کر دی ترکِ ناداں نے خلافت کی قبا
سادگی مسلم کی دیکھ اوروں کی عیاری بھی دیکھ[21]

زوالِ خلافت کے بعد اسلامی نظام خلافت کا احیاء اہل اسلام کی دینی ذمہ داری ہے۔ قرآن مجید میں مختلف پیرائے میں اس ذمہ داری کا احساس دلایا گیا ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَلِكَ فَأُولَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴾(22)

ترجمہ: وعدہ کر لیا اللہ نے ان لوگوں سے جو تم میں ایمان لائے ہیں اور کیے ہیں انہوں نے نیک کام، البتہ پیچھے حاکم کر دے گا ان کو ملک میں جیسا حاکم کیا تھا ان سے اگلوں کو اور جما دے گا ان کے لیے دین ان کا جو پسند کر دیا ان کے واسطے اور دے گا ان کو ان کے ڈر کے بدلے میں امن میری بندگی کریں گے شریک نہ کریں گے میرا کسی کو اور جو کوئی ناشکری کرے گا اس کے پیچھے سو وہ ہی لوگ ہیں نافرمان۔

یعنی (وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى لَهُمْ) اور (يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا) میں خلیفہ بنانے کی علت غائیہ کا بیان ہے جیسا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا ہے خلیفہ بنانے سے مقصد یہ ہے کہ دین پسندیدہ تمکین پائے اور کلمہ الٰہی کی بلندی ظاہر ہو جائے اور دین حق کا غلبہ تمام ادیان پر ثابت ہو جائے۔

چنانچہ آیات قرآنیہ کی روشنی میں اسلام کا قانون شرعی یہ ہے کہ خلافت کو قائم کرنا پوری دنیا کے مسلمانوں پر فرض ہے اور اس کا قیام ان دوسرے فرائض کی ادائیگی کی طرح فرض ہے۔ جن کو اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں پر فرض کیا ہے، یہ ایک لازمی فریضہ ہے جس میں کوئی اختیار اور کسی قسم کی سستی کی کوئی گنجائش نہیں اور اس کی اقامت میں کوتاہی کرنا اُن بڑے عظیم گناہوں میں سے ایک گناہ کا ارتکاب کرنا ہے جن پر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے۔

قرآن مجید میں رسول اللہ ﷺ کو خطاب کرتے ہوئے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ الْحَقِّ﴾(23)

ترجمہ: پس اُن کے درمیان اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ (احکامات) کے مطابق فیصلہ کریں اور جو حق آپ کے پاس آیا ہے اس کے مقابلے میں اُن کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَأَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَنْ يَفْتِنُوكَ عَنْ بَعْضِ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ إِلَيْكَ ﴾(24)

ترجمہ: پس اے محمد! تم اللہ کے نازل کردہ قانون کے مطابق ان لوگوں کے معاملات کا فیصلہ کرو اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کرو۔ ہوشیار رہو کہ یہ لوگ تم کو فتنہ میں ڈال کر اس ہدایت سے ذرہ برابر منحرف نہ کرنے پائیں جو خدا نے تمہاری طرف نازل کی ہے۔

رسول اللہ ﷺ سے خطاب امت کے لئے بھی ہے جب تک آپ ﷺ کے ساتھ خاص ہونے کی کوئی دلیل نہ ہو اور یہاں تخصیص کی کوئی دلیل موجود نہیں، چنانچہ یہ خطاب تمام مسلمانوں کے لئے بھی ہے کہ وہ اسلامی احکامات کو قائم کریں اور خلافت کے قیام سے مراد بھی یہی ہے کہ حکومت اور سلطان (شرعی اختیار کا حامل شخص) مقرر کیا جائے۔اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اولوالامر (صاحب اقتدار) کی اطاعت کو بھی مسلمانوں پر فرض کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کا اولوالامر ہونا چاہیے۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ ﴾(25)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ کی اطاعت کرو اور اپنے میں سے اولوالامر (حکمرانوں) کی بھی۔

اللہ تعالیٰ کبھی بھی اس شخص کی اطاعت کا حکم نہیں دیتا جس کا وجود ہی نہ ہو، چنانچہ یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ **اولو الامر** کا ہونا ضروری ہے کیونکہ **اولو الامر** کے وجود پر شرعی حکم کا دار و مدار ہے اور اس کے نہ ہونے کی صورت میں حکم شرعی ضائع ہو جاتا ہے لہٰذا اس کا وجود فرض ہے۔

نظام خلافت کا احیاء آج ملت اسلامیہ کی اہم ضرورت ہے کہ گذشتہ تقریباً ایک صدی کی تاریخ یہ بتاتی ہے کہ مسلمانوں میں خلافت کا ادارہ جیسا بھی موجود رہا۔ اس میں مرکزیت کا احساس قائم رہا ہے اور ان کے بہت سے مسائل خلافت کی مرکزیت سے حل ہوتے رہے۔ آج ہم اس مرکزیت کی غیر موجودگی کی وجہ سے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر بہت سی پریشانیوں اور مشکلات سے دوچار ہیں، جس کا حل یہ نظر آتا ہے کہ مسلمانوں میں خلافت کا دوبارہ احیاء ہو، نظام خلافت دوبارہ قائم ہو اور ملت اسلامیہ ایک مرکز کی رہنمائی میں اپنی مشکلات و مصائب سے نکلنے کے لئے مشترکہ جدوجہد کرے۔

اب تک کی بحث میں یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ خلافت کا لفظ قرآن حکیم کے اختیارات لغویہ میں سے ہے۔ قرآن کریم کی زبان میں خلافت سے مقصود زمین میں اللہ تعالیٰ کے احکام کو حکومت کے ذریعے نافذ کرنا ہے۔ قرآن کے نزدیک اس کا مقصد یہ ہے کہ دنیا میں نوع انسانی کی ہدایت و سعادت کے لیے ایک خاص ذمہ دار حکومت قائم ہو، وہ اللہ تعالیٰ کی عدالت کو دنیا میں نافذ کرے تاکہ ظلم و جور اور ضلالت و طغیان سے اس کی زمین پاک ہو جائے۔

سب سے پہلے خلافت کا یہ منصب اللہ تعالیٰ کی جانب سے حضرت آدم علیہ السلام کو ملا۔ وہ زمین میں اللہ تعالیٰ کے پہلے خلیفہ ہوئے اور آپ کے بعد ہر نبی علیہ السلام اپنے سابق کا نائب اور خلیفہ قرار پایا۔ ظہور اسلام کے ساتھ جب جناب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نبوت کے ختم ہونے کا اعلان ہوا، تو قرآن نے خلافت کا یہ منصب امت مسلمہ کے سپرد کر دیا، یہی تمکن فی الارض ہے، یہی استخلاف فی الارض ہے اور اسی کا نام خلافت ہے۔

جمہوریت: مختصر تعارف، اصول و مبادی

جمہوریت کی اصطلاح اگرچہ اس وقت عالمی سطح پر رائج ہے، مگر اس اصطلاح کا کوئی ایک مفہوم متعین کرنا مشکل ہے۔ مغربی دنیا میں جمہوریت کی اصطلاح اور جمہوری نظام کو فرد کی فلاح کا ضامن سمجھا جا رہا ہے۔ جبکہ تیسری دنیا کے ممالک میں استعمار کی نگرانی میں پرورش پانے والی جمہوریتیں انسانی زندگی کے کرب اور دکھ کی ذمہ دار قرار دی جا رہی ہیں، چنانچہ جب ہم پاکستان میں جمہوریت کا شور سنتے ہیں تو معاشرے کے عام افراد کے دل و دماغ میں امید اور امنگ پیدا ہونے کی بجائے مایوسی اور پریشانی کا احساس غالب آجاتا ہے۔ اس لئے کہ پاکستان میں جس قسم کی جمہوریت سے عوام کا واسطہ ہے، اس کے ذریعے آج تک فرد کی فلاح، معاشرے کی بہبود اور قوم کی خوشحالی کی کوئی ضمانت نہیں دی جا سکی۔ اس کے برعکس مذہبی، معاشرتی، معاشی اور سیاسی میدانوں میں آزاد خیالی کے فتنوں نے راہ پائی جسے عصرِ حاضر کے دانشوروں نے Liberal Democracy کا نام دیا۔ جس کا نتیجہ فکری اِنتشار، ذہنی پراگندگی اور ایمان و یقین کی کمی کی صورت میں نکلا ہے کیونکہ جمہوریت اپنی ہر شکل میں عوام کی حاکمیت اور سیکولرازم کی دعویدار ہے۔ عوام کی حاکمیت اور سیکولرازم کا منطقی نتیجہ بے قید اور مادر پدر آزادی ہی ہو سکتا ہے اور یہ عوام کا جمہوری حق مانا جاتا ہے۔ اس کی آزادی کے تحت مغرب کا ایک شخص خدا اور رسول کو گالی دے سکتا ہے۔ شعائر دین کا مذاق اڑا سکتا ہے۔ ماں،

بہن اور بیٹی کے ساتھ جنسی تعلق قائم رکھ سکتا ہے۔ والدین تک کیلئے کسی کی نجی زندگی میں دخل دینا قانوناً جرم ہے اور یہ سب کچھ آزادی اور جمہوری حقوق کے نام پر ہو رہا ہے۔

تو نے دیکھا نہیں مغرب کا جمہوری نظام

چہرہ روشن اندروں چنگیز سے تاریک تر (26)

جمہوریت اپنے اصل عربی مفہوم کے اعتبار سے کوئی بُری چیز نہیں ہے۔

ابن منظور افریقی لکھتے ہیں:

"الجُمْهُورُ هي الرملة المشرفة على ما حولها المجتمعة الرمل الكثير المتراكم الواسع والجُمْهُور الأَرض المشرفة على ما حولها وجُمهورُ كل شيء معظمُه وجُمهورُ الناس جُلُّهُم"(27)

ترجمہ: جمہوریت ریت کے اُس ڈھیر کو کہتے ہیں جو ارد گرد کی زمین سے بلند اور مجتمع ہو اور بہت سی تہ بہ تہ ریت کے وسیع میدان کو بھی جمہور کہا جاتا ہے۔"جُمْهُورہ" وہ زمین ہوتی ہے جو ارد گرد کی زمین سے بلند ہو۔ ہر چیز کے بڑے حصے کو جمہور کہا جاتا ہے "جمہورُ الناس" سے مراد ہے لوگوں کے ممتاز اور نمایاں افراد یا اُن کی اکثریت۔

حدیث، فقہ اور لغت کی کتابوں میں لفظ جمہور اسی لغوی مفہوم میں بار بار آتا ہے۔ یعنی اکثریت یا نمایاں اور بلند مرتبہ افراد اور اس مفہوم کے اعتبار سے اس کے استعمال میں کوئی شرعی قباحت نہیں ہے۔ اسلامی ریاست کا سربراہ جمہور الناس یا اس کے نمائندوں (اہل الحل والعقد) کا منتخب کردہ اور معتمد علیہ ہونا ضروری ہے۔ اور اس لحاظ سے اسلامی نظام حکومت بھی جمہوری اور شورائی نظام ہے۔ لیکن زیر بحث لفظ جمہوریت یا جمہور نہیں ہے بلکہ یونانی لفظ "ڈیموکریسی" ہے۔ اہل مغرب نے جمہوریت کا تصور عربی لغت سے نہیں لیا بلکہ یونانی لفظ ڈیموکریسی سے لیا ہے جس کے معنی ہیں "عوام کی حکومت" یعنی عوام کی حکومت؛ عوام کے ذریعے؛ عوام کیلئے۔

اس نظام میں معیار حق اور ماخذ قانون عوام کی مرضی اور منشاء ہوتی ہے، جمہور الناس مختارِ کل اور مقتدرِ اعلیٰ ہوتے ہیں اور جمہوریت مطلق العنان ہوتی ہے۔ اس نظام کے قومی اور عوامی نمائندوں کے لئے خدا، رسول، دین اور آسمانی کتابوں یا اخلاقی قدروں کی تابعداری ضروری نہیں، ہوتی، بلکہ عوام کی مرضی اور اُن کی پسند کی تابعداری اور وفاداری لازمی ہوتی ہے۔ گویا عوام خدا ہوتے ہیں اور عوامی نمائندے اُن کے رسول

ہوتے ہیں۔ چنانچہ یہ ایک مشرکانہ نظامِ سیاست ہے۔ اس کے ذریعے ایک اسلامی نظریاتی مملکت کی کوئی خدمت نہیں ہو سکتی۔ (28)

جمہوریت دراصل مغربی معاشرے میں پروان چڑھی تو اس کا اپنا مخصوص تاریخی پس منظر ہے یہ محض انسانی حقوق اور آزادی کے تحفظ کے طور پر متعارف نہیں ہوئی، بلکہ اس نے مغرب میں مذہب اور اخلاقی اقدار کے ہر نظام کو شکست سے دوچار کرکے اپنی بنیاد لادینیت (Secularism) پر استوار کی مگر آگے چل کر جمہوریت کے تحت جو مغربی معاشرہ تشکیل پایا۔ اس میں سیکولرازم کے امکانات کو مسدود کرکے فرد کی خواہش کے معبود کی پرستش کا راستہ دکھایا گیا، تو اس کا نام ہی جمہوریت، لبرل جمہوریت، اور لبرل ازم قرار پایا۔

مسلمانوں کے ہاں جمہوریت عالمی سطح پر مسلمانوں کے زوال کے بعد آئی، لیکن لفظ ''جمہوریت'' عربی اور علومِ اسلامیہ میں کثرت سے استعمال ہونے والے لفظ ''جمہور'' سے ماخوذ ہے۔ اٹھارویں صدی میں ترکی میں جمہوریت کی اصطلاح عربی میں مستعمل ''لفظ ''جمہور'' سے ہی اخذ کی گئی، جس کا مطلب آدمیوں کا مجموعہ ہے، مجمع عام یا عام طور پر سارے لوگ ہیں۔ (29)

جمہوریتِ کے اصطلاحی مفہوم میں اس سے مراد ایک ایسا نظامِ حکومت ہے جو لوگوں کی اکثریت کی مرضی سے وضع کیا جاتا ہے۔ یعنی لوگوں کی اکثریت خود اپنے بھلے اور بُرے کا فیصلہ کرے گی اور اس کا دوسرا مطلب یہ لیا گیا ہے کہ عوام کی مرضی سے بالاتر کوئی ہستی اور قانون کا کوئی منبع تسلیم نہ کیا جائیگا۔ جمہوریت کا یہی تصور جب مغربی استعمار کے ذریعے نو آبادیاتی نظام میں عالم اسلام میں متعارف ہوا، تو ایک زبردست فکری کشمکش کا سلسلہ شروع ہو گیا، جس کے نتیجے میں دو نمایاں طبقات سامنے آئے۔

مسلمان اسلام سے کسی بھی دور میں اس طرح بدظن اور بددل نہیں ہوئے، جس طرح سترہویں اور اٹھارویں صدی کی عیسائیت نے اپنے پیروکاروں کو کیا۔ چنانچہ جب جمہوریت عالم اسلام میں اپنا راستہ بنا رہی تھی تو تجدد پسند طبقے نے جمہوریت کی جڑیں مغرب کے معاشرے سے زیادہ قرآن و سنت میں تلاش کرنے کی منظم کوشش کی اور یہ نتیجہ نکالا کہ اسلام تو سراسر ہے ہی جمہوریت لہٰذا اس طبقے سے اسلامی جمہوریت کی اصطلاح متعارف کرائی۔

دوسرا طبقہ وہ ہے جو ہر اعتبار سے اسلام کو مکمل ضابطہ ءحیات اور نجات کا ذریعہ قرار دیتا ہے۔ اور مغربی جمہوریت کو بین دلائل سے ردّ کرتا ہے، جبکہ اس کے برعکس پیش کئے جانے والے خلافت یا اسلامی

حکومت کے تصور کا کوئی عملی ماڈل موجود نہیں ہے۔اس لئے مخالف اسلام پسندوں کو اپنی فکر سمجھانے کے لئے کافی مشکل پیش آتی ہے۔[30]

موجودہ جمہوریت کے بارے میں اہل علم کی آراء:

ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری رقمطراز ہیں:

"پاکستان میں وہ حالات نہ آج ہیں نہ پہلے کبھی تھے جو اسلامی جماعتوں کی جمہوری فتح کے لئے ضرور ہیں، پاکستانی سیاست ہمیشہ سے غرض کی سیاست رہی ہے۔اس میں غرض ہی کی بنیاد پر سیاسی گروہ بندی عمل میں آتی ہے اور غرض کے بندے ہی سیاسی عمل میں شریک ہوتے ہیں۔ پاکستانی عوام کی روحانی اور اخلاقی حالت روز بروز ابتر ہوتی جارہی ہے۔ان حالات میں اُن سے یہ توقع رکھنا کہ وہ اپنی ذاتی اغراض کو پس پشت ڈال کر اسلامی حمیت اور عصبیت کی بنیاد پر جمہوری عمل میں حصہ لیکر اسلامی نمائندے منتخب کریں گے، نہایت غیر حقیقت پسندانہ ہے۔"[31]

پاکستان کی تمام اسلامی تحریکات نے اس حقیقت سے بھی صرف نظر کیا ہے کہ عوام کی اخلاقی اور روحانی حالت غلبہ دین کی جدوجہد کی راہ میں ایک بڑی روکاوٹ ہے۔جمہوری اور دستوری عمل کی تصدیق کر کے اسلامی جماعتیں عوام کی اخلاقی گراوٹ کا جواز پیش کرتی ہیں۔انتخابی عمل میں شمولیت کے نتیجہ میں عوام میں قربانی دینے کا جذبہ نہیں ابھرتا بلکہ عوام اسلامی جماعتوں کو بھی انہیں پیمانوں پر پرکھنے لگتے ہیں، جن کی بنیاد پر وہ سیکولر جماعتوں کو پرکھتے ہیں۔ چنانچہ اسلامی جماعتوں کا دینی اور اخلاقی تشخص مجروح ہوتا ہے اور اُن کا سیاسی پروگرام اس دعوے پر مرکوز ہوجاتا ہے کہ وہ جمہوری اور سرمایہ دارانہ عمل کو شفاف اور غیر کرپٹ بنا دیں گے جبکہ سرمایہ دارانہ جمہوریت کرپشن ہی کا دوسرا نام ہے۔ غیر کرپٹ جمہوریت اور غیر کرپٹ سرمایہ داری نہ کبھی دنیا میں موجود رہی ہے اور نہ اس کا وجود ممکن ہے۔ لہٰذا یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ عوام اسلامی جماعتوں کے انتخابی منشور کو ردّ کردیتے ہیں۔اور انہیں ہر انتخاب میں بری طرح ناکامی سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔

خرم مراد لکھتے ہیں:

"جمہوری راستہ اختیار کرنے سے عام سیاسی جماعتوں کے ساتھ مذہبی سیاسی جماعتوں کو بھی جمہوری عمل میں بعض لبرل رویے اختیار کرنے پڑتے ہیں، اگرچہ وہ ان لبرل رویوں کو اسلامائز کرنے کی

کوشش میں لگے رہنے کے باعث داخلی طور پر کشمکش اور تضادات میں مبتلا رہتے ہیں مثلاً جماعت اسلامی پاکستان آج تک صدر ایوب کے خلاف انتخابی جدوجہد میں محترمہ فاطمہ جناح کی حمایت پر ہدف تنقید بنتی ہے اسی طرح دیوبند کے راہنما مولانا حسین احمد مدنی کانگریس کے حمایتی رہے جس میں عورتیں بھی سرگرم اور نمایاں تھیں پھر اسی تسلسل میں مولانا فضل الرحمن نے ء سے تک بے نظیر بھٹو کے ساتھ ایم آر ڈی کے فورم پر جمہوری جدوجہد میں حصہ لیا۔ ء کے انتخابات میں مولانا فضل الرحمن نے کھل کر بے نظیر کا ساتھ دیا اور وزارتوں میں بھی حصہ لیا۔"(32)

یہ سب جمہوریت کا فیض ہے کہ اسلامی نظام کے نفاذ اور غلبہ دین کی جدوجہد کرنے والی شخصیات اور اسلامی تحریکیں۔ یورپ کی تعمیر کردہ شاہراہ جمہوریت پر سفر کرتے ہوئے اسلام کے مرکز و مبدا حجاز مقدس پہنچنا چاہتے ہیں جو شاید کبھی ممکن نہ ہو سکے۔

قیام، پاکستان کے فوراً بعد ءمیں علماء کی جدوجہد سے آئینی طور پر قراردادِ مقاصد کی منظوری گو کہ خوشگوار فیصلہ تھا لیکن اس نے مذہبی جماعتوں کو جمہوریت کے بارے میں پُر امید کر دیا۔ اس قرارداد کی منظوری میں اسمبلی کے اندر علامہ شبیر احمد عثمانی اور اسمبلی سے باہر عوامی سطح پر مولانا مودودی نے نمایاں کردار ادا کیا چنانچہ اس کے بعد مولانا مودودی نے اسلامی حکومت کے قیام کے لئے جمہوری جدوجہد کو اپنا لیا۔ جس کے باعث جماعت اسلامی میں شامل بعض نامور علماء نے مولانا مودودی سے اختلاف کرتے ہوئے اپنی راہ الگ کرلی۔

قرارداد مقاصد کی منظوری کے بعد جمہوریت کے بارے میں جو خوش فہمی پیدا ہوئی۔ اُس کی وجہ عوام کے فہمِ دین اور اسلامی شعور کی بجائے تحریک پاکستان کی جذباتی فضا تھی۔ لٰہذا یہ سمجھ لیا گیا کہ عوام کی اکثریت نہ صرف اسلامی نظام حیات کا فہم رکھتی ہے۔ بلکہ روحانی و اخلاقی اعتبار سے اسلامی حکومت کے ساتھ چلنے کے لئے تیار بھی ہے، جس کا ثبوت قرارداد مقاصد ہے۔ جس کے نتیجے میں بقول مولانا مودودی ریاست نے آئینی طور پر کلمہ پڑھ لیا ہے۔ چنانچہ مغربی طرز انتخاب کو اسلامی حکومت کے قیام کے لئے اپنا لیا گیا، مگر بدقسمتی سے ہر مرحلہ اس حوالے سے نقش برآب ثابت ہوا اور اسلامی انقلاب کے لئے اٹھنے والی ہر آواز پاکستانی معاشرے کی جمہوری تاریخ میں صدائے صحر ثابت ہوئی۔

مولانا عبدالرحمن کیلانی لکھتے ہیں کہ جمہوریت میں پانچ ارکان ایسے ہیں، جو شرعاً ناجائز ہیں۔

۔ حق بالغ رائے دہی بشمول خواتین (سیاسی اور جنسی مساوات)۔

- ہر ایک کے ووٹ کی یکساں قدر و قیمت۔
- درخواست برائے نمائندگی اور اس کے جملہ لوازمات۔
- سیاسی پارٹیوں کا وجود۔
- کثرتِ رائے سے فیصلہ۔

ان ارکان خمسہ میں سے ایک رکن بھی حذف کر دیا جائے تو جمہوریت کی گاڑی ایک قدم بھی آگے نہیں چل سکتی۔ جب کہ اسلامی نظام خلافت میں ان ارکان میں سے کسی ایک کو بھی گورا نہیں کیا جا سکتا۔ یہ دونوں نظام ایک دوسرے کی ضد اور ایک دوسرے سے متصادم ہیں۔ یعنی نہ تو جمہوریت کو مشرف بہ اسلام کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی جمہوریت کے مروجہ اصول نظام خلافت میں شامل کر کے اس کے سادہ، فطری اور آسان طریق کار کو خواہ مخواہ مکدّر اور مبہم کیا جا سکتا ہے وجہ یہ ہے کہ جمہوریت ایک لادینی نظام ہے اور اس کے علمبردار مذہب سے بیزار تھے جبکہ خلافت کی بنیاد ہی خدا اور اُس کے رسول اور آخرت کے تصور پر ہے اور اس کے اپنانے والے انتہائی متقی اور بلند اخلاق انسان تھے۔ (33)

آج کے دور میں بعض اسلامی ذہن رکھنے والے حضرات اور نیک نیتی سے اسلامی انقلاب کے داعی لیڈر جب دیکھتے ہیں کہ اقتدار پر قبضہ کئے بغیر اسلامی نظام کی ترویج ناممکن ہے تو اس کا حل انہوں نے یہ تلاش کیا کہ نیک شہرت رکھنے والے امیدوار انتخاب کے لئے نامزد کئے جائیں اور عوام میں اسلامی تعلیمات کا پرچار کر کے ایسے نمائندوں کی ہر ممکن امداد پر لوگوں کو ابھارا جائے تاکہ اسمبلی میں نیک لوگوں کی کثرت ہو جائے۔ موجودہ جمہوری دور میں معاشرہ کی اصلاح اور اسلامی نظام کی ترویج کی یہی واحد صورت ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ ووٹوں کے ذریعہ نہ آج تک کبھی اسلام آیا ہے اور نہ آئندہ آ سکتا ہے۔ اگر ایسا ہونا ممکن ہوتا تو انبیاء و رسل اس پُرامن ذریعہ انتقالِ اقتدار کو ضرور استعمال کرتے۔

بنی نوع انسان کیلئے قرآن کریم اور حضور اکرم ﷺ کی سنت سے بہتر دستور ناممکن ہے دین کی تبلیغ کے لئے جوان تھک اور جان توڑ کوششیں حضور اکرم ﷺ نے فرمائیں دوسرا کوئی نہیں کر سکتا۔ آپ ﷺ کو جان نثار اور مخلص افراد کی ایک جماعت بھی مہیا ہو گئی تھی جو اسلام کے عملی نفاذ کے لئے صرف تبلیغ و اشاعت پر ہی انحصار نہیں رکھتے تھے بلکہ انہوں نے اپنی پوری پوری زندگیاں اسی قالب میں ڈھال لی تھیں۔ صحابہ کرام

رضی اللہ عنہم کی جماعت گویا اسلامی تعلیمات کے چلتے پھرتے عملی نمونے تھے لیکن تیرہ سال کی انتھک کوششوں کے باوجود یہ نہ ہو سکا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں اسلامی ریاست قائم کر لیتے۔

جب ایک بہترین دستور بھی موجود ہو اور اُس کو عملاً نافذ کرنے والی جماعت بھی مثالی کردار کی مالک ہو وہ تو اس دستور کو کثرت رائے کے ذریعے نافذ نہ کر سکی تو آج کے دور میں یہ کیونکہ ممکن ہے؟

اسلامی نظام کی ترویج کے لئے اقتدار کی ضرورت سے انکار نہیں۔ لیکن رائے عامہ کو صرف تبلیغ کے ذریعے ہموار کرنا اور اس طرح اسلامی انقلاب برپا کرنا خیالِ خام ہے اس کے لئے ہجرت، جہاد اور دوسرے ذریعے ہی اختیار کرنے پڑیں گے جیسا کہ انبیاء اور مجاہدین اسلام کا دستور رہا ہے۔ علامہ محمد اقبال جنہیں سیاسی بصیرت کے لحاظ سے نظریہ پاکستان کا خالق اور دینی بصیرت کے اعتبار سے مفکّرِ اسلام سمجھا جاتا ہے انہوں نے مغربی جمہوریت کا بغور مطالعہ کیا اور اس کی قباحتوں سے متنبہ کرتے ہوئے فرمایا۔

گریز از طرز جمہوری غلام پختہ کار شو
کہ از مغزِ دو صد خر فکرِ انسانے نمے آید

مزید فرماتے ہیں:

جمہوریت اک طرزِ حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

مولانا زاہد اقبال رقمطراز ہیں:

"حقیقت یہ ہے کہ انتخابی سیاست سے الگ رہ کر اصلاح احوال کی جدوجہد کے اتنے اور ایسے میلان ہیں کہ اُن پر اگر صحیح توجہ دی جائے تو نہ صرف یہ کہ بہتر نتائج حاصل ہو سکتے ہیں بلکہ اُن کے زیادہ پائیدار ہونے کی بھی توقع ہے۔"(34)

انتخابی سیاست میں ایک عرصہ تک سرگرم رہنے کے بعد اپنے آپ کو عملی فکری اور نظری سرگرمیوں تک محدود کر لینے والے معروف عالمِ دین مولانا زاہد الراشدی فرماتے ہیں:

"اسلامی جمہوریہ پاکستان کا قیام اسلام کے نام پر اور اسلامی نظام کے نفاذ کے وعدے پر عمل میں آیا تھا اور جنوبی ایشیا کے مسلمانوں نے ایک نظریاتی اسلامی ریاست کی تشکیل کے جذبہ کے ساتھ اس کے لئے قربانیاں دی تھیں مگر قیام پاکستان کے بعد سے اس مملکت خداداد میں اسلامی نظام کے نفاذ اور قرآن و سنت کے احکام کی عمل داری کا مسئلہ ابھی تک مسلسل سوالیہ نشان بنا ہوا ہے۔ اس کے اسباب میں دیگر

بہت سے عوامل کے علاوہ ایک بنیادی سبب یہ بھی ہے کہ مذہبی قوتوں نے نفاذِ اسلام کے لئے اپنی ساری تگ و تاز کا ہدف انتخابی سیاست کو قرار دے رکھا ہے جبکہ جدوجہد کے دیگر فکری و نظریاتی اور عملی تقاضوں کو مکمل طور پر پس پشت ڈال دیا ہے۔"(35)

مولانا زاہد الراشدی مذہبی جماعتوں کی انتخابی سیاست اور جمہوری جدوجہد پر یوں تبصرہ فرماتے ہیں۔

" ملکی سیاست میں حصہ لینے والی جماعتیں اس وقت عجیب مخمصے میں ہیں اور ریگستان میں راستہ بھول جانے والے قافلے کی طرح منزل کی تلاش بلکہ تعین میں سر گرداں ہیں مروجہ سیاست میں حصہ لیتے وقت، مذہبی جماعتیں یقیناً اپنے اس اقدام میں پوری طرح مطمئن نہ تھیں اور وہ خدشات و خطرات اس وقت بھی ان کے ذہن میں اجمالی طور پر موجود تھے جن سے انہیں آج سابقہ درپیش ہے لیکن اُن کا خیال یہ تھا کہ مروجہ سیاست میں شریک کار بنے بغیر ملکی نظام میں تبدیلی کی کوئی کوشش نتیجہ خیز نہیں ہو سکتی۔ اور مروجہ سیاست کی خرابیوں پر وہ مذہبی قوت اور عوامی دباؤ کے ذریعے قابو پانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اس لئے مذہبی جماعتوں نے مروجہ سیاست کی دلدل میں کودپڑنے کا رسک لے لیا لیکن آج ووٹ، الیکشن اور دباؤ کی مروجہ سیاست ان کے گلے کا ہار بن گئی ہے۔ کہ نہ تو انہیں اس کے ذریعے سے دینی مقاصد کے حصول کا کوئی امکان نظر آتا ہے نہ وہ اس سے کنارہ کش ہونے کا حوصلہ رکھتی ہیں۔ نہ اس مروجہ سیاست کے ناگزیر تقاضوں کا پورا کرنا ان کے بس کی بات ہے اور نہ ہی وہ قومی سیاست میں اپنے موجودہ مقام اور بھرم کو باقی رکھنے میں کامیاب ہو رہی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس صورت حال کا ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ سنجیدہ تجزیہ کیا جائے اور اُن اسباب و عوامل کا سراغ لگایا جائے، جو ملکی سیاست میں مذہبی جماعتوں کی ناکامی کا سبب بنتے ہیں۔ تاکہ اُن کی روشنی میں دینی و سیاسی جماعتیں اپنے مستقبل کو حال سے بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کر سکیں۔(36)

عصرِ حاضر کے جید علماء کی رائے:

عصر حاضر کے جید علماء ماضی کے نتائج اور مستقبل کے خطرات کو مد نظر رکھتے ہوئے جمہوری طرز حکومت کو رد کرتے ہوئے یہ لکھتے ہیں کہ یہ طرز حکومت کبھی بھی غلبہ اسلام کے لئے معین و مددگار نہیں ہو سکتا۔ ذیل کی سطور میں اس کے چند اقتباسات پیش خدمت ہیں۔

وفاق المدارس پاکستان کے صدر شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان فرماتے ہیں:

"جمہوری سسٹم شریعت کے خلاف ہے۔ جمہوری سسٹم سے نفاذِ اسلام کبھی نہیں ہوگا۔ موجودہ وقت میں (مراد MMA کا دور ہے) قومی اسمبلی اور سینٹ میں علماء کی جتنی بڑی تعداد پہنچی ہے اتنی بڑی تعداد پہلے کبھی نہیں پہنچی اور نہ ہی آئندہ اس طرح کا کوئی امکان ہے۔ متحدہ مجلس عمل کے اتنے ارکان ہونے کے باوجود "تحفظ حقوق نسواں بل" پاس ہو گیا اور مجلس عمل نے واک آؤٹ کرنے اور ڈیسک بجانے کے سوا کچھ نہیں کیا۔ انتخابی سیاست کا کچھ فائدہ نہیں۔۔۔ انتخابی سیاست چھوڑ کر کوئی دوسرا راستہ اختیار کیا جائے اور اس حوالے سے علماء سے مشاورت کی جائے۔"(37)

مفتی نظام الدین شامزئی فرماتے ہیں:

"اڑتالیس سال علماء انتخابی و جمہوری سیاست میں ضائع کر دیئے ہیں دھڑلے سے کہتا ہوں کہ اس طرز سیاست و حکومت سے اڑتالیس ہزار سال میں بھی اسلام نہیں آئے گا۔"(38)

خلافت اور جمہوریت کا تقابلی جائزہ

- جمہوریت کا بنیادی فکر "عوام کی حکومت، عوام کے ذریعے، عوام کے لئے اسلامی نظامِ خلافت کے نظریہ سے متصادم ہے اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے عوام سے ووٹ مانگنے کا مطلب یہ ہے کہ عوام کا حق حکمرانی و قانون سازی، تسلیم کیا جارہا ہے کہ وہ اسلامی نظام خلافت قبول کریں۔ یا اس کے مقابل کسی اور نظام کو، یہ اسلامی فکر و فلسفہ کے خلاف ہے۔
- پارلیمنٹ میں اکثریت رکھنے والی سیاسی جماعت کو قانون سازی کا حق ہوتا ہے۔ جبکہ دینی سیاسی جماعت پارلیمنٹ میں اکثریت نہ ہونے کی وجہ سے کسی قسم کی قانون سازی نہیں کر سکتی۔ مزید یہ کہ اکثریتی پارٹی چاہے تو اسلام سے متصادم قانون سازی بھی کر سکتی ہے اسے اُس کا جمہوری سیاسی حق مانا جائے گا۔ جو سراسر اسلام کے اصولوں کے خلاف ہے۔
- جمہوری جدوجہد میں حصہ لینے والی سیاسی و دینی جماعت کو، جمہوری دستور پر حلف اٹھانا اور اُسکی پاسداری کرنا لازمی ہوتا ہے خواہ اُس میں خلافِ اسلام دفعات شامل ہوں۔ ورنہ وہ حکومت کا حصہ نہیں بن سکتی۔ یہ طرز عمل اسلام کے خلاف ہے۔
- موجودہ جمہوریت میں انتخابات میں اکثریت حاصل کر کے اقتدار میں آنے والی جماعت کو صرف پانچ سال تک حکومت کرنے کا حق ہے۔ مقتدر جماعت کو یہ شرط قبول کرنا اور اس پر عمل کرنا لازم ہے۔ بالفرض اگر جمہوری جدوجہد کے نتیجے میں کوئی دینی جماعت برسرِ اقتدار آکر اسلامی نظام

خلافت قائم کر دیتی ہے تو یہ مدت صرف پانچ سال کے لئے ہو گی۔اس کے بعد اُس جماعت کو اقتدار سے دستبردار ہونا پڑے گا۔اس کا مطلب عوام کو پھر سے اسلامی نظام یااس کے مقابل کسی باطل نظام کے انتخاب کا حق دینا ہے۔یہ اسلامی نظام، خلافت کے اصول کے خلاف ہے۔

- اسلام نظام خلافت اور جمہوری نظام حکومت دو متوازی نظام ہیں۔دونوں کے اصولِ حکمرانی ایک دوسرے سے متصادم اور متضاد ہیں چنانچہ دینی جماعتوں کی جمہوری سیاست میں شرکت سے باطل جمہوری نظام کی تائید و توثیق ہوتی ہے جو تعاون علی البرّوالتقوی کی بجائے تعاون علی الاثم والعدان کی ایک شکل ہے۔
- جمہوری نظام کی بنیادی فکر سیکولرازم ہے، نظام خلافت کی بنیادی فکر اسلام ہے دونوں نظاموں کو قائم کرنے اور چلانے کے طریقے الگ الگ ہیں دونوں کی پیوندکاری غیر شرعی، غیر فطری اور خلاف عقل ہے۔
- جمہوریت سرمایہ دارانہ نظام کی ایک شاخ کی حیثیت رکھتی ہے، سرمایہ دارانہ نظام جمہوریت میں ہی پروان چڑھتااور پرورش پاتا ہے۔جبکہ اسلامی نظام خلافت، سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف ہے۔لہٰذا جمہوری جدوجہد اسلامی نظامِ خلافت کے قیام کے حوالے سے ایک سعی لاحاصل ہے۔
- جمہوری سیاست کے دلدل میں داخل ہونے کے بعد دینی سیاسی جماعتیں اپنے دینی تشخص کو برقرار رکھنے میں بُری طرح ناکام رہی ہیں۔ تمام ترحیلے اختیار کرنے کے باوجود آج تک پاکستان میں اکثریت حاصل نہیں کر سکیں، لہٰذا جمہوری جدوجہد پر تاریخ گواہ ہے کہ جمہوریت کا منہج نظامِ خلافت کے قیام کا منہج نہیں۔
- جمہوری سیاست میں انتخابی مہم چلانے کے لئے جس قدر وسائل کی ضرورت ہوتی ہے وہ دینی جماعتوں اور صالح افراد کے بس کی بات نہیں،مزید یہ کہ مخالف امیدوار پر جھوٹے الزامات لگا کر اُس کی کردار کشی کرنا انتخابی سیاست کا لازمی حصہ ہے جو کہ اسلامی تعلیمات کی سراسر خلاف ورزی ہے۔
- پاکستان کے معروضی حالات میں سرمایہ دارانہ نظامِ معیشت اور جاگیرداری نظام کبھی بھی دینی جماعتوں کو جمہوری جدوجہد کے ذریعے اقتدار تک پہنچنے کا راستہ نہیں دے گا پاکستان کی 65سالہ

تاریخ اس پر گواہ ہے لہٰذا پاکستان میں اسلامی نظام خلافت کے قیام کا ایک ہی راستہ نظر آتا ہے پر امن انقلابی جدوجہد کا راستہ۔

چنانچہ انقلابی جدوجہد کے لئے رہنمائی کسی آزاد سوچ اور باغی فکر سے حاصل کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ اُسوۂ رسول ﷺ کا مطالعہ ضروری ہے کہ آپ ﷺ نے کفر و شرک اور ظلم و جور کے اندر گھرے ہوئے معاشرے میں کس طرح انقلاب برپا کیا جس کے نتیجے میں نہ صرف لوگوں کی انفرادی زندگی میں تبدیلی آئی بلکہ اُن کی معاشرت، معیشت، سیاست، عدالت ہر چیز کا دھارا بدل گیا۔ اور وہ دنیا کے لئے روشنی کا مینار بن گئے۔

حواشی و حوالہ جات

1) علامہ ابن منظور، لسان العرب، دار صادر، بیروت، سن ندارد، ص:۹/

2) سورۃ الاعراف:۷/

3) عبدالرحمن بن محمد بن خلدون، مقدمہ ابن خلدون، مؤسسہ الاعلیٰ للمطبوعات، بیروت لبنان، سن ندارد، ص:

4) شاہ ولی اللہ دہلوی، ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء، قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی، سن ندارد، ص:۱/

5) مولانا ابوالکلام آزاد، مسئلہ خلافت، مکتبہ جمال اردو بازار لاہور، ء، ص:

6) سورۃ البقرۃ:۳۰

7) محمد اکبر شاہ خان نجیب آبادی، تاریخ اسلام، دار المسلم لاہور، سن: ندارد، ص:۱/

8) سورۃ التوبہ:۹/ ، سورۃ الصف:۶۱/

9) مولانا شبیر احمد عثمانی، تفسیر عثمانی، دار التصنیف، شاہراہ لیاقت، کراچی، ص:

10) عبدالشکور لکھنوی، تحفہ خلافت، تحریک خدام القرآن اہل سنت پاکستان جہلم، سن: ھ، ص:

11) محمد بن سعد، طبقات ابن سعد، مکتبۃ العلم والحکم، مدینہ منورہ، ص:۱/

12) اسرار احمد، ڈاکٹر، نبی اکرم ﷺ کا مقصد بعثت، انجمن خدام القرآن، لاہور، طبع ہشتم، ء، ص:

13) امام احمد بن حنبل، مسند احمد، المکتب الاسلامی للطباعۃ والنشر بیروت، سن: ندارد، ص:۴/

14) امام ترمذی، جامع ترمذی، دار الغرب الاسلامی، سن ندارد، ص:

15) امام احمد بن حنبل، مسند احمد، موسسۃ الرسالۃ، طبع اول، 2001ء، ص:۶/

16) علامہ ابن حزم ظاہری، المحلّٰی، طبع بیروت، س ندارد، ص:۱/

17) الماوردی، ابوالحسن علی بن محمد، الاحکام السلطانیہ، دار الحدیث، قاہرہ، ص:

18) امام عبدالقاہر البغدادی، اصول الدین، طبع جامعہ اشرفیہ لاہور، سن: ندارد، ص:

19) شیخ الاسلام ابن تیمیہ، السیاسۃ الشرعیہ، طبع مصر، سن: ء، ص:

20) شاہ ولی اللہ، ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء، مترجم عبدالشکور، قدیمی کتاب خانہ کراچی، ص:۱/

21) علامہ اقبال، کلیات اقبال، اقبال اکادمی لاہور، ص:

22) سورۃ النور:۲۴/

23) سورۃ المائدہ:۵/

24) سورۃ المائدہ:۵/

25) سورۃ النساء:۴/

26) علامہ اقبال، کلیات اقبال، اقبال اکادمی لاہور، ص:

27) الافریقی، محمد بن مکرم، لسان العرب، مادہ جمہر، دار صادر، بیروت ص:۱۴۹/۴

28) گوہر رحمن، مولانا، اسلامی سیاست، ادارہ معارف اسلامی منصورہ لاہور، ایڈیشن: ، س: ء، ص:

29) اردو دائرہ معارف اسلامیہ، زیر اہتمام دانش گاہ پنجاب لاہور، سن: ء، ص:۷/۴۳۰

30) اشتیاق احمد، گوندل، ڈاکٹر، پاکستان میں اسلام اور لبرل ازم کی کشمکش، شیخ زاید اسلامک سنٹر پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ء، ص:

31) جاوید اکبر انصاری، ڈاکٹر، پاکستان میں تحریک غلبہ دین، ماہنامہ ساحل، فیڈرل بی ایریا کراچی، جنوری ء، ص:

32) خرّم مراد، لمحات، منشورات منصورہ لاہور، سن: ء، ص:

33) عبدالرحمن کیلانی، مولانا، خلافت وجمہوریت، مکتبہ اسلام وسن پورہ لاہور، سن: ء، ص: -

34) محمد زاہد اقبال، مولانا، تحریک پاکستان کے دینی اسباب و محرکات، مکتبہ العارفی جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد، ء، ص:

35) زاہد الراشدی، مولانا، مذہبی جماعتیں اور قومی سیاست، الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ، سن: ء، ص:

36) ایضاً، ص:۱۱-۱۲

37) سلیم اللہ خان، مولانا، خطاب علماء کنونشن اسلام آباد، روزنامہ اسلام، ستمبر ء، ص:

38) نظام الدین شامزی، مفتی، خطبات شامزئی، ص:۱/

****

فلسفہ نماز اور مکافات عمل

Philosophy of Prayer and its Remunerations

ڈاکٹر حافظ محمد فاروق *

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری*

ABSTRACT

Prayer [al-Ṣalāh] is the second most important pillar of Islām. This is the ritual which is supposed to be offered by all the Muslims, who come of age and are sane, regardless of their status and wealth. Following the acceptance of Islām, offering Prayer is the foremost obligation of a Muslim, which is considered the prime manifestation and the testimony of his or her practical submission to Allāh and His religion, Islām.

Faith in Allāh is the foundation of Islām, in the same way, Prayer is the practical foundation of Islām. Therefore, the Prophet (S.A.W) laid stress on the significance of Prayer, the most. Only those, who are steadfast in their Prayers and safeguard them are really aware of its importance, and only they can expect from Allāh to give them their reward, thus, they are the true believers. The importance and reality of Prayer can be understood only by that person who is well aware of this relation between man and Allāh and only he can feel its true spiritual pleasure. The effects of Prayer are prominently visible in the daily life of Muslims. The history of Prayer is as old as the religion itself. Its concept has been a part of all the religions, however, they have different ways to perform it.

In this paper, the author explores the Islamic academic sources to ascertain the importance and the status of Prayer in Islām. Also, he explores its history, the tidings and remuneration of Prayer and of the rites and rituals belonging to it, e.g., Mosque, Āzān, Iqāmat, Rukū‘ (to bow down), Prostration, Maintenance of Ranks, etc.

Keywords: *Emphasis, offering, Prayer, obligation, manifestation, reward*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، اسلام آباد کالج برائے طلباء، جی، سکس، اسلام آباد

* صدر شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز، اسلام آباد

نماز کے لئے قرآن کریم میں "صلوٰۃ" کا لفظ آیا ہے عربی زبان میں صلوٰۃ کا مطلب کسی چیز کی طرف رخ کرنا اور قریب ہونا ہوتا ہے۔ قرآن کریم کی اصطلاح میں "الصلوۃ" کا مفہوم خدا کی طرف متوجہ ہونا بڑھنا اور قریب سے قریب تر ہونا ہے۔

امام راغب اصفہانی لکھتے ہیں:

"والصَّلاةُ، قال كثير من أهل اللّغة: هي الدّعاء، والتّبريك والتّمجيد"[1]

ترجمہ: اور نماز کے لئے لفظ "صلاۃ" اکثر اہل لغت نے دعا، برکت اور بزرگی کے معنی میں لیا ہے۔

جبکہ اصطلاح میں مخصوص اوقات، مخصوص طریقے اور مخصوص رکعتوں کے ساتھ ادا کرنا نماز کہلاتا ہے۔ امام جرجانی یوں وضاحت کرتے ہیں:

"الصلاة في اللغة الدعاء وفي الشريعة عبارة عن أركان مخصوصة وأذكار معلومة بشرائط محصورة في أوقات مقدرة"[2]

ترجمہ: صلوٰۃ کا لغوی معنی دعا ہے جبکہ شریعت میں مخصوص ارکان، معلوم اذکار، مخصوص شرائط اور مقررہ اوقات میں ادا کرنا نماز کہلاتا ہے۔

نماز کا پس منظر:

نماز کا پس منظر اتنا ہی قدیم ہے جتنا خود مذہب کا ہے۔ اس کا تصور تمام مذاہب میں رہا ہے البتہ اس کے طریقہ کار، اوقات اور تعداد میں کمی بیشی ہوتی رہی ہے قرآن نے بتایا ہے کہ اللہ کے تمام پیغمبروں نے اس کی تعلیم دی ہے نبی ﷺ کی بعثت جس دین ابراہیمی کی تجدید کے لئے ہوئی اس میں بھی اس کی حیثیت سب سے نمایاں ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کو بے آب و گیاہ چٹیل میدان میں آباد کیا تو اس کا مقصد بھی یہی بتایا کہ:

﴿رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِي﴾[3]

ترجمہ: اے میرے پالنے والے! مجھے نماز کا پابند رکھ اور میری اولاد سے بھی۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام بھی اپنی اولاد کو نماز ہی کی وصیت کر رہے ہیں ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلَاةِ﴾[4] ترجمہ: وہ اپنے گھر والوں کو نماز کی تلقین کرتے تھے۔

سیدنا شعیب علیہ السلام کو ان کی قوم نے طعنہ دیا کہ تمہاری نماز تمہیں یہ سکھاتی ہے کہ ہم اپنے معبودان کو چھوڑ دیں۔ارشاد الٰہی ہے۔

﴿أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ أَنْ نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَنْ نَفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ﴾(5)

ترجمہ: تمہاری نماز تمہیں یہ سکھاتی ہے کہ ہم اپنے باپ دادا کے معبودوں کو چھوڑ دیں۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی نسل کے پیغمبروں کے بارے میں ارشاد ربانی ہے:

﴿وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَإِقَامَ الصَّلَاةِ ﴾(6)

ترجمہ: اور ہم نے اس کو بھلائی کے کام کرنے اور نماز قائم کرنے کی وحی کی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نبوت عطا کی تو ساتھ ہی فرمایا کہ میری یاد کا ذریعہ نماز کو بناؤ۔

ارشاد الٰہی ہے۔﴿وَأَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي ﴾(7) ترجمہ: میری یاد کے لئے نماز کو قائم کرو۔

حضرت زکریا علیہ السلام جو ہر وقت عبادت میں مشغول رہتے تھے ان کے بارے میں ارشاد ہوا۔

﴿وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي الْمِحْرَابِ﴾(8)

ترجمہ: اور وہ محراب میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے بارے میں فرمایا:

﴿وَأَوْصَانِي بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴾(9)

ترجمہ: اور اس نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا ہے جب تک بھی میں زندہ رہوں۔

لقمان حکیم بھی اپنے بیٹوں کو نماز ہی کی وصیت کرتے ہیں، ارشاد الٰہی ہے:

﴿ يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلَاةَ ﴾(10)

ترجمہ: اے میرے بیٹے نماز کو قائم کرو۔

بنی اسرائیل کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ اگر تم نماز قائم کرو گے تو میں تمہارا ساتھ ہوں۔

ارشاد الٰہی ہے:﴿ إِنِّي مَعَكُمْ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ ﴾(11)

ترجمہ: میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نماز پر قائم رہو گے۔

الغرض اسلام میں نماز کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے جتنی عقیدہ توحید کی لہٰذا ایک مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ وہ نماز کو اپنا مونس و مددگار سمجھے اور جب بھی اس کو کوئی مشکل پیش آئے تو فوراً رب کی طرف

رجوع کرتے ہوئے سجدہ ریز ہو جائے کیونکہ نماز مومن کے لئے اس محبت کرنے والی ماں سے بھی زیادہ پناہ لینے، سر چھپانے اور آرام پانے کی جگہ ہے یہ وہ مضبوط رسی ہے جو اس کے اور اس کے رب کے درمیان پھیلی ہوئی ہے وہ جب چاہے اس رسی کو مضبوطی سے تھام کر اپنی حفاظت کی ضمانت حاصل کر سکتا ہے یہ اس کی روح کی غذا، زخم کا مرہم، بیماری سے شفا اور اس کا سب سے بڑا ہتھیار اور سہارا ہے نماز بندے اور اللہ کے درمیان ملاقات کا ذریعہ ہے۔

نماز کی اہمیت

نماز کی حقیقت اور اہمیت وضرورت کو وہی شخص سمجھ سکتا ہے اور اس کا صحیح لطف بھی وہی شخص اٹھا سکتا ہے جو اس عجیب وغریب، بلند ولطیف اور ناقابل قیاس تعلق سے پوری طرح آگاہ ہو جو رب اور بندہ کے درمیان قائم ہے یہ ایک ایسا تعلق ہے جس کی نظیر کسی اور جگہ نہیں مل سکتی۔ نماز بندوں پر اللہ تعالی کا سب سے بڑا فریضہ ہے، دین کا ستون ہے، مسلمان اور کافروں کے درمیان وجہ امتیاز ہے نجات کی شرط ہے ایمان کی محافظ ہے اور اس کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت و تقویٰ کی بنیادی شرائط کے طور پر بیان کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ﴾ (12)

ترجمہ: اور وہ (مومن) غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

گویا ایمان کی بنیادی شرائط میں سے نماز کی پابندی کو بھی قرار دیا گیا ہے اور ایک اور مقام پر ایمان عمل صالح اور نماز کو ایک ہی صف میں شمار کیا گیا ہے۔ ارشاد الٰہی ہے۔

﴿ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ﴾ (13)

ترجمہ: ہاں جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور نماز کا اہتمام کیا۔

ایمانیات میں جو حقیقت توحید کی ہے وہی اعمال میں نماز کی ہے قرآن کریم کے مطالعہ سے پتا چلتا ہے کہ آیات الٰہی کی تذکیر سے خدا کی جو معرفت حاصل ہوتی اور اس سے اللہ تعالیٰ کے لئے محبت اور شکر گزاری کے جو جذبات انسان کے اندر پیدا ہوتے ہیں یا ہونے چاہئیں، ان کا پہلا ثمرہ یہی نماز ہے۔

اسلام کے ارکان خمسہ میں توحید، اور رسالت کے بعد جس فریضے کی بجاآوری کا حکم بنص قطعی تاکید کے ساتھ آیا ہے، وہ نماز ہی ہے۔ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

((بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ))(14)

ترجمہ: اسلام کی بنا پانچ ارکان پر ہے اس بات کی گواہی دینا کہ خدا کے سوا ان کا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکوۃ ادا کرنا، حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔

تزکیہ جسے قرآن میں دین اور تمام عبادات کا مقصد قرار دیا گیا ہے اس تک پہنچنے کے لئے بھی سب سے پہلے نماز ہی کی ہدایت ہوئی ہے۔

ارشاد الٰہی ہے۔﴿قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى ، وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى﴾(15)

ترجمہ: (اس وقت) البتہ کامیاب ہوا جس نے اپنا تزکیہ کیا (اور اس کے لئے) اپنے پروردگار کا نام یاد کیا اور نماز پڑھی۔

نماز ایک ایسی عبادت ہے جس کو ادا کر کے نہ آدمی آزاد اور اپنی تمام ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو جاتا ہے اور نہ اس کو چھوڑ کر کسی اور چیز سے اس کی تلافی کر سکتا ہے یہ مومن کا سکون اور آنکھوں کی ٹھنڈک بھی ہے آپ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو خصوصی طور پر حکم دیا کہ۔

((قُمْ يَا بِلَالُ، فَأَرِحْنَا بِالصَّلَاةِ))(16)

ترجمہ: اے بلال اٹھو اور ہمیں (نماز کے ذریعے سے) راحت پہنچاؤ۔

جب نماز سب سے بہتر عمل ہے تو راحت بھی کس قدر اعلیٰ و ارفع ہو گی اور ایک دوسری حدیث میں نماز کو آنکھوں کی ٹھنڈک قرار دیا گیا ہے۔

آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے۔((وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلَاةِ))(17)

ترجمہ: اور نماز کو میری آنکھوں کی ٹھنڈک بنا دیا گیا۔

ارکان اسلام میں سے یہ خصوصیت نماز ہی کو حاصل ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد ﷺ تک تمام انبیاء علیہم السلام کے ادوار میں ہر امت اور ہر ملت پر یکساں طور پر فرض رہی ہے۔ کوئی نبی اور کوئی رسول ایسا نہیں گذرا جس کی شریعت میں نماز کو قطعیت کے ساتھ فرضیت کا درجہ حاصل نہ رہا ہو۔

مساجد کی تعمیر اور مکافات

نماز کے لئے مسجد کی حیثیت ایک بنیادی اکائی کی طرح ہے جہاں مسلمان اکٹھے ہو کر نماز پڑھ سکیں اسی پہلو کو مد نظر رکھتے ہوئے مساجد تعمیر کرنے کی فضیلت میں بہت سی احادیث میں اجر و ثواب کا ذکر کیا گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔((مَنْ بَنَى مَسْجِدًا، بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ))[18]

ترجمہ: جس نے مسجد بنائی اس کے لئے اللہ تعالی جنت میں گھر بنائے گا۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس دنیا میں جس طرح کا نیک عمل کریں گے اللہ تعالیٰ اس کی جنس سے یا اس سے بہتر بدلہ دے گا اللہ کا گھر تعمیر کرنے والے یا اس کی تعمیر میں حصہ ڈالنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ جنت میں گھر بنائے گا دنیا کے گھر کے بدلے جنت میں گھر کی تعمیر مکافات عمل کی اعلیٰ ترین مثال ہے۔ اس کی بابت اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

﴿أُولَئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَامًا﴾[19]

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جنہیں ان کے صبر کے بدلے جنت کے بلند و بالا گھر دیے جائیں گے جہاں انہیں دعا و سلام پہنچایا جائے گا۔

کہاں یہ دنیا کے گھر مٹی گارا اور اینٹوں سے تیار کردہ، اور کہاں وہ گھر ' جو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں دے گا، جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے تیار ہوں گے، جس کا گارا مٹی کی بجائے کستوری کی خوشبو والا ہو گا۔ کتنا اچھا بدلہ ہے اور کتنی اچھی جزا ہے۔

مؤذن اور اس کی جزا

نماز کے لئے اذان دینے والے کو عربی میں مؤذن کہتے ہیں۔ اذان نماز کے لئے بلانے کا ایک مشروع طریقہ ہے۔ دین اسلام نے اپنے پیروکاروں کو عبادت کی طرف بلانے کا طریقہ اذان سکھایا ہے جو سب طریقوں سے عمدہ اور نرالا ہے۔ دین اسلام میں پانچوں وقت کی فرض نمازیں اور ان میں جمعہ بھی شامل

ہے جب جماعت اُولیٰ کے ساتھ مسجد میں وقت پر ادا کی جائیں تو ان کے لئے اذان سنت مؤکدہ ہے اور اس کا حکم مثل واجب ہے کہ اگر اذان نہ کہی گئی تو وہاں کے تمام لوگ گنہگار ہوں گے۔

اذان میں اللہ تعالیٰ کی کبریائی اور اس کی وحدت، پیغمبر ﷺ کی نبوت و رسالت کا اعتراف ہے الفاظ اگرچہ کم، لیکن اسلام کے مکمل عقائد کی ترجمان ہے اس میں نماز کی طرف بلاوا بھی ہے اور کامیابی کی ضمانت بھی، جو آخرت کو یاد کراتی ہے آخر میں ایک بار پھر اللہ کی کبریائی اور تمام معبودان باطلہ سے اظہار برات کا بہترین ذریعہ ہے۔

مؤذن کی فضیلت میں بہت سی روایات آئی ہیں، جن سے مکافات عمل کا پتا چلتا ہے۔ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ صبح سویرے ہی دشمنوں پر حملہ کرتے تھے اور اذان کی آواز پر کان لگائے رکھتے تھے، اگر (مخالفوں کے شہر سے) آپ ﷺ کو اذان کی آواز سنائی دیتی، تو ان پر حملہ نہ کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک شخص کو آپ ﷺ نے اللہ اکبر اللہ اکبر کہتے سنا تو فرمایا کہ یہ مسلمان ہے۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے اسے اشھد ان لا الٰہ الا اللہ، اشھد ان لا الٰہ الا اللہ کہتے سنا تو ارشاد فرمایا کہ اے شخص تو نے دوزخ سے نجات پائی۔ لوگوں نے دیکھا تو وہ بکریوں کا چرواہا تھا۔[20]

اذان کا لغوی واصطلاحی مفہوم

شیخ قاسم القونوی اذان کا لغوی معنی لکھتے ہیں:

"ھو فی اللغۃ الاعلام مطلقا قال اللہ تعالیٰ "وَأَذَانٌ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ"[21]

ای اعلا م منھا" [22]

ترجمہ: عربی زبان میں اذان کا مطلقا معنی اطلاع دینا ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اطلاع۔

شریعت میں اذان کا شرعی مفہوم ہے۔

"ھو الإعلام علی الوجه المخصوص"[23]

ترجمہ: مخصوص طریقے (اور الفاظ) سے اطلاع دینا اذان کہلاتا ہے۔

مؤذن اور مکافات عمل

اذان دینے والے کے لئے خصوصی اجر و ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے کہ جہاں تک اس کی آواز پہنچے گی، وہاں تک اس کی بخشش ہو گی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((إِنَّ الْمُؤَذِّنَ يُغْفَرُ لَهُ مَدَى صَوْتِهِ، وَيُصَدِّقُهُ كُلُّ رَطْبٍ وَيَابِسٍ سَمِعَهُ، وَلِلشَّاهِدِ عَلَيْهِ خَمْسٌ وَعِشْرُونَ دَرَجَةً))(24)

ترجمہ: بے شک مؤذن کی اس آواز کے پہنچنے تک (لمبی) مغفرت کر دی جاتی ہے اور ہر خشکی یا تری میں جو بھی اس کی آواز سنتا ہے اس کی تصدیق کرتا ہے اور اس پر گواہی دیتا ہے اس کو پچیس گنا زیادہ اجر دیا جاتا ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مؤذن جب اپنے حلق سے آواز نکالتا ہے تو وہ اللہ کی طرف بلا رہا ہوتا ہے اس بلاوے میں ریاکاری کا عنصر شامل نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ بھی اس کو اتنی بڑی مغفرت سے نوازتے ہیں کہ ہر چیز اس کی تصدیق کرتی اور گواہی دیتی ہے۔

شیخ عبد الرؤف المناوی مذکورہ حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

"يعني يغفرله مغفرة طويلة عريضة على طريق المبالغة أي يستكمل مغفرة الله إذا استوفى وسعه في رفع الصوت وقيل تغفرخطاياه وإن كانت بحيث لو فرضت أجساما ملأت ما بين الجوانب التي يبلغها"(25)

ترجمہ: یہ بطور مبالغہ بیان کیا گیا ہے کہ اس کی بہت لمبی (یعنی زیادہ گناہوں سے) مغفرت کر دی جاتی ہے اور اس کی بخشش اس حد تک ہو گی جہاں تک (مؤذن کی) آواز کی وسعت ہو گی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر گناہوں کو مجسم بنا کر (چاروں) اطراف میں پھیلا دیا جائے تو جہاں تک آواز پہنچتی ہے (اس قدر گناہوں کو معاف کر دیا جائے گا)۔

اس حدیث کی روشنی میں یہ فیصلہ کیا جا سکتا ہے کہ مؤذن کی آواز کی بلندی اور پہنچنے کی حد تک گناہوں کا معاف ہو جانا عین مکافات عمل ہے۔ اور دوسری حدیث میں مؤذن کو قیامت کے دن سب سے لمبی گردن عطا کئے جانے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، جو اس کی فضیلت پر دلیل ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **((الْمُؤَذِّنُونَ أَطْوَلُ النَّاسِ أَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ))** (26)

ترجمہ: اذان دینے والے قیامت کے دن سب سے لمبی گردنوں والے ہوں گے۔

شیخ عبدالرؤف المناوی لمبی گردن سے تشبیہ دی جانے کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"أي أكثرهم تشوفا إلى رحمة الله لأن المتشوف يطيل عنقه إلى ما تشوف إليه أو يكونون سادة والعرب تصف السادة بطول العنق"[27]

ترجمہ: اس سے مراد یہ ہے کہ وہ اللہ کی رحمت کو سب سے زیادہ (لمبی گردنوں سے) اوپر سے جھانکنے والے ہوں گے کیونکہ جھانکنے والا جس کو دیکھنا ہو لمبی گردن کرکے دیکھ لیتا ہے (اور ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے) کہ وہ (قیامت کے دن) سردار ہوں گے کیونکہ اہل عرب اپنے سرداروں کو لمبی گردن والے کہتے ہیں۔

اذان دینے والے سب سے افضل ہیں، کیونکہ وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلاتے ہیں، لوگوں کو نماز اور کامیابی کی طرف بلاتے ہیں اور اذان سننے کے بعد اس پر عمل کرنا واجب ہو جاتا ہے، کیونکہ یہ اذان مسافروں، جنگلوں اور صحراؤں میں رہنے والوں کے لئے بھی مسنون ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ:

((إِنِّي أَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ ، فَإِذَا كُنْتَ فِي غَنَمِكَ أَوْ بَادِيَتِكَ ، فَأَذَّنْتَ بِالصَّلَاةِ ، فَارْفَعْ صَوْتَكَ بِالنِّدَاءِ ، فَإِنَّهُ لا يَسْمَعُ مَدَى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَلَا إِنْسٌ وَلَا شَيْءٌ ، إِلَّا شَهِدَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))[28]

ترجمہ: میں دیکھتا ہوں کہ آپ دیہاتی (ماحول) اور بکریاں وغیرہ پسند کرتے ہیں۔ جب آپ بھیڑ بکریوں میں ہوں یا دیہات میں ہوں تو اونچی آواز سے نماز کے لئے اذان کہو اس لئے کہ جنوں انسانوں اور دیگر مخلوق میں سے جو بھی مؤذن کی آواز سنے گا وہ قیامت کے دن اس (موذن) کے لئے گواہی دے گا۔

اس حدیث سے پتا چلتا ہے کہ مخلوقات میں ہر ایک کی گواہی سے مؤذن کے درجات کس قدر بلند ہوں گے اور جہاں تک اس کی آواز پہنچے گی اس قدر مغفرت کردی جائے گی کیونکہ دنیا میں اذان دینے کے لئے اس کی آواز بلند تھی آخرت میں اس کے درجات بلند کردیے جائیں گے اور گناہوں کو مٹا دیا جائے گا کیونکہ اعمال کا بدلہ (مکافات) اس کی جنس سے ملتا ہے۔

نماز کے لئے وضو اور اس کی جزا

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اور دین فطرت ہے۔ اس نے نماز کی درستی کے لئے یہ ضروری قرار دیا کہ انسان کا بدن اور اس کے کپڑے اور نماز پڑھنے کی جگہ نجاستوں اور آلودگیوں سے پاک ہو۔ اہل عرب کو دوسری وحشی قوموں کی طرح طہارت و نظافت کی مطلقاً تمیز نہ تھی۔ نماز نے انسان کو وضو کر کے اپنے ظاہر کو صاف ستھرا رکھنے پر مجبور کر دیا، دن میں عموماً پانچ دفعہ ہر نمازی کو منہ، ہاتھ، پاؤں جو اکثر کھلے رہتے ہیں ان کو دھونے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ وضو کے لئے دھونا شرط قرار دے دیا کہ ان کے دھوئے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی وضو کرنے سے انسان کے گناہ جھڑتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ جَسَدِهِ حَتَّى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ أَظْفَارِهِ))[29]

ترجمہ: جس نے اچھی طرح وضو کیا اس کے جسم سے گناہ نکل جاتے ہیں یہاں تک کہ ناخنوں کے نیچے سے بھی۔

وضو کرنے سے انسانی اعضا کا دھل جانا اور گناہوں کا نکل جانا اس بات کی دلیل ہے کہ اعمال کا بدلہ اسی کی جنس سے ملتا ہے۔ ایک اور حدیث میں وضو کے تمام اعضاء کا ذکر کر کے بتایا گیا کہ وضو انسانی گناہوں کا کس طرح کفارہ ہوتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ تَوَضَّأَ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ فِيهِ وَأَنْفِهِ، فَإِذَا غَسَلَ وَجْهَهُ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ وَجْهِهِ، حَتَّى يَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ أَشْفَارِ عَيْنَيْهِ، فَإِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ يَدَيْهِ، فَإِذَا مَسَحَ بِرَأْسِهِ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ رَأْسِهِ، حَتَّى تَخْرُجَ مِنْ أُذُنَيْهِ، فَإِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ رِجْلَيْهِ، حَتَّى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ أَظْفَارِ رِجْلَيْهِ، وَكَانَتْ صَلَاتُهُ وَمَشْيُهُ إِلَى الْمَسْجِدِ نَافِلَةً))[30]

ترجمہ: جس نے وضو کیا کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اس کے منہ اور ناک کے گناہ نکل جائیں گے اور جس نے چہرہ دھویا اس کے چہرے کے گناہ نکل جائیں گے یہاں تک کہ آنکھوں کی پلکوں کے نیچے سے بھی نکل جائیں گے اور جس نے اپنے ہاتھوں کو دھویا اس کے ہاتھوں کے گناہ نکل جائیں گے

اور جس نے سر کا مسح کیا اس کے سر کے گناہ یہاں تک کہ کانوں سے بھی نکل جائیں گے اور جس نے اپنے پاؤں دھوئے اس کے پاؤں کے گناہ یہاں تک کہ ناخنوں کے نیچے سے بھی نکل جائیں گے اور اس کا نماز پڑھنا اور مسجد کی طرف جانا نفلی ہو گا۔

اور وضو کرنے والوں کے اعضاء قیامت کے دن چمک رہے ہوں گے اور حضور ﷺ قیامت کے دن حوض کوثر پر انہی اعضاء کی چمک سے اپنی امت کو پہچانیں گے، جیسا کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

((إِنَّ أُمَّتِي يُدْعَوْنَ يَوْمَ القِيَامَةِ غُرًّا مُحَجَّلِينَ مِنْ آثَارِ الوُضُوءِ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يُطِيلَ غُرَّتَهُ فَلْيَفْعَلْ))[31]

ترجمہ: میری امت قیامت والے دن وضو کے آثار کی چمک سے بلائی جائے گی جو اس چمک کو بڑھانے کی طاقت رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ وہ ایسا کرے۔

اور مؤمن کے وضو کرنے سے جہاں تک پانی پہنچے گا وہاں تک اعضاء پہ آثار کی چمک نظر آئے گی کیونکہ اعمال کا بدلہ (مکافات) اسی کی جنس سے ملتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((تَبْلُغُ الحِلْيَةُ مِنَ الْمُؤْمِنِ حَيْثُ يَبْلُغُ الْوَضُوءُ))[32]

ترجمہ: ایک مومن کی چمک وہاں تک پہنچے گی جہاں تک اس کا وضو (کا پانی) پہنچے گا)

یعنی انسان کے لے جتنا ممکن ہو سکے اعضاء کو اچھی طرح دھوئے تاکہ اعمال کی جزا اسی عمل کے بقدر مل سکے۔

نماز اور مکافات عمل

اللہ تعالیٰ نے نماز کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے اور اس کو تمام عبادات پر مقدم رکھا ہے اور نماز کی وہی حفاظت کرتا ہے جو اس کی قدر و قیمت جانتا ہے اور اس کے اجر و ثواب کی امید رکھتا ہے اور اس کو چھوڑنے کی سزا کو جانتا ہے نماز سے سستی وہی شخص کر سکتا ہے جس کا ایمان کمزور ہو یا وہ کلی طور پر انکار کر رہا ہو۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((إِنَّ بَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ الشِّرْكِ وَالْكُفْرِ تَرْكَ الصَّلَاةِ))[33]

ترجمہ: نماز چھوڑ دینا انسان اور کفر و شرک کے درمیان حد فاصل ہے۔

یعنی جب انسان نماز چھوڑ دیتا ہے تو کفر اور شرک کی طرف چل پڑتا ہے۔ عربی زبان میں "صلوۃ" کا لفظ "صلۃ" سے ماخوذ ہے جس کا معنی جوڑنا ہوتا ہے گویا انسان مخلوق سے تعلق توڑ کر خالق سے جوڑ لیتا ہے اسی لئے اسے صلاۃ کہتے ہیں اور یہ مکافات کی اعلی ترین مثال ہے۔ ایک حدیث میں اس شخص کے بارے بتایا گیا ہے کہ جو گھر سے پاک صاف ہو کر چلتا ہے اور نماز ادا کرنے کی خاطر قدم اٹھاتا ہے تو اس کے ہر قدم کے بدلے گناہ مٹ جاتے اور درجات بلند ہو جاتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَا مِن امْرِئٍ مُسْلِمٍ تَحْضُرُهُ صَلاَةٌ مَكْتُوبَةٌ فَيُحْسِنُ وُضُوءَهَا وَخُشُوعَهَا وَرُكُوعَهَا إِلاَّ كَانَتْ كَفَّارَةً لِمَا قَبْلَهَا مِنَ الذُّنُوبِ مَا لَمْ يُؤْتِ كَبِيرَةً وَذَلِكَ الدَّهْرَ كُلَّهُ))(34)

ترجمہ: جس مسلمان کے پاس کسی فرض نماز کا وقت آ پہنچتا ہے وہ اس کے لئے اچھے وضو اور خشوع و خضوع کے ساتھ رکوع و سجود کا اہتمام کرتا ہے تو وہ نماز اس کے پہلے گناہوں کے لئے کفارہ بن جائے گی جب تک کہ بڑا گناہ نہ کیا جائے اور یہ قانون ساری زندگی جاری رہتا ہے۔

نماز کے لئے ہر اٹھنے والا قدم اور تمام حرکات و سکنات کا بدلہ اللہ تعالیٰ اسی کی جنس سے دیتا ہے رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھنے کی مثال دیتے ہوئے فرمایا

((أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ نَهْرًا بِبَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ ، هَلْ يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ ؟ قَالُوا : لَا يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ، قَالَ: فَذَلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، يَمْحُو اللَّهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا))(35)

ترجمہ: لوگو، تمہارا کیا خیال ہے کہ اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر سے ایک نہر گزر رہی ہو جس میں وہ ہر روز پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو، تو کیا اس کے جسم پر کوئی میل کچیل باقی رہ جائے گا؟ صحابہ نے عرض کی ''اس کے جسم پر تو کوئی میل کچیل باقی نہ رہے گا'' فرمایا'' بالکل یہی مثال پانچ نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے سے خطاؤں کو مٹا دیتا ہے۔

اندھیرے میں مساجد کی طرف جانے والوں کا اجر و ثواب

جب کوئی مؤمن نماز کے لئے گھر سے پاک ہو کر چل پڑتا ہے تو اس کے ہر قدم کے بدلے ایک گناہ مٹ جاتا ہے اور ایک درجہ بلند ہو جاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ تَطَهَّرَ فِي بَيْتِهِ ثُمَّ مَشَى إِلَى بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اللَّهِ لِيَقْضِيَ فَرِيضَةً مِنْ فَرَائِضِ اللَّهِ كَانَتْ خَطْوَتَاهُ إِحْدَاهُمَا تَحُطُّ خَطِيئَةً وَالأُخْرَى تَرْفَعُ دَرَجَةً))[36]

ترجمہ: جس نے اپنے گھر میں طہارت کی پھر وہ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر کی طرف چلا تاکہ اللہ کے فرائض میں سے کسی فرض کو ادا کرے تو اس کے ہر دو قدم اٹھنے سے ایک سے گناہ مٹ جاتا ہے جبکہ دوسرے سے ایک درجہ بلند ہو جاتا ہے۔

نماز کے لئے چل کر جانا افضل عمل ہے ہر قدم پر نیکی اور گناہ کا مٹ جانا عین مکافات عمل ہے، نمازی جتنا دور چل کر اللہ کے گھر میں نماز کے لئے پہنچے گا، اتنے ہی اس کے گناہ معاف کر دئے جائیں گے۔ اور ہر قدم کے بدلے درجات کا بلند ہونا نماز کی خاص برکات میں سے ہے۔ رات کے اندھیروں میں مساجد کی طرف جانے والوں کے لئے خصوصی روشنی کا اعلان کیا گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ فِي الظُّلَمِ إِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))[37]

ترجمہ: خوش خبری دیجئے، ان لوگوں کو جو اندھیرے میں مساجد کی طرف جاتے ہیں۔

اس حدیث میں "بالنور التام" کی قید اس لئے لگائی گئی کہ قیامت کے دن ہر کلمہ گو خواہ وہ مومن ہو یا منافق اسے نور دیا جائے گا پھر منافقین سے نور سلب ہو جائے گا ارشاد الٰہی ہے:

﴿يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انْظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُورًا فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُورٍ لَهُ بَابٌ بَاطِنُهُ فِيهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهُ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ﴾[38]

ترجمہ: اس دن منافق مرد و عورت ایمان داروں سے کہیں گے کہ ہمارا انتظار تو کرو کہ ہم بھی تمہارے نور سے روشنی حاصل کر لیں جواب دیا جائے گا کہ تم اپنے پیچھے لوٹ جاؤ اور روشنی تلاش کرو۔ پھر ان کے اور ان کے درمیان ایک دیوار حائل کر دی جائے گی جس میں دروازہ بھی ہو گا اس کے اندرونی حصہ میں تو رحمت ہو گی اور باہر کی طرف عذاب ہو گا۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اعمال کا بدلہ اسی کی جنس سے ملا کرتا ہے، جو لوگ اندھیروں میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے مساجد میں جاتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اس عمل کے بدلے روشنیوں سے نوازتا ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی واضح رحمت اور اعمال کی مکافات ہے۔

نماز میں مل کر کھڑا ہونا اور اس کی جزا

کسی قوم کی زندگی اور اس کا نظم جماعت کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا، یہی گرہ جب کھل جاتی ہے تو قوم کا شیرازہ بکھر جاتا ہے۔ اسلام میں نماز باجماعت مسلمانوں کے ڈسپلن کی عملی مثال ہے۔ اسی کو حضور ﷺ نے عربوں کے سامنے پیش کر کے ان کی زندگی کا خاکہ کھینچا اور بتایا کہ مسلمانوں کا یہ صف بہ صف کھڑا ہونا، ایک دوسرے کے شانہ سے شانہ ملانا اور یکساں حرکت و جنبش کرنا ان کی قومی زندگی کی مستحکم و مضبوط دیوار کا مسالہ ہے، جس طرح نماز کی درستی اس صف اور نظم جماعت کی درستی پر موقوف ہے، اسی طرح پوری قوم کی زندگی باہمی تعاون، تضامن، مشارکت، میل جول اور باہمی ہمدردی پر موقوف ہے۔ اسی لئے آپ ﷺ نے صفوں کی درستگی پر زور دیا اور فرمایا:

((سَوُّوا صُفُوفَكُمْ , فَإِنَّ تَسْوِيَةَ الصُّفُوفِ مِنْ إِقَامَةِ الصَّلاةِ))(39)

ترجمہ: اپنی صفیں سیدھی کرو، صفیں درست کرنا نماز کی تکمیل سے ہے۔

اور صفوں کی درستی کو لازمی قرار دیا گیا و گرنہ اس کے نتائج نظم جماعت میں اختلاف اور انتشار کی صورت میں ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا

((لَتُسَوُّنَّ صُفُوفَكُمْ أَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللَّهُ بَيْنَ وُجُوهِكُمْ))(40)

ترجمہ: تم اپنی صفیں سیدھی کر لو ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان اختلاف پیدا کر دے گا۔

اور یہ صفیں درست نہ کرنے کی سزا ہے کہ امت اختلافات کا شکار ہو جائے گی جس کا منظر آج دیکھ رہے ہیں کہ امت مختلف فرقوں اور جماعتوں میں بٹ چکی ہے اور جو صفوں کو ملاتا ہے اللہ اس کو ملا دیتا ہے اور جو اسے توڑتا ہے اللہ اسے توڑ دیتا ہے کیونکہ اعمال کا بدلہ (مکافات) اس کی جنس سے ملتا ہے حضور ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ وَصَلَ صَفًّا وَصَلَهُ اللَّهُ، وَمَنْ قَطَعَ صَفًّا قَطَعَهُ اللَّهُ))(41)

ترجمہ: صفیں ملانے (یعنی خلا کو پر کرنے) والوں کو اللہ (اپنے ساتھ) ملا لیتا ہے اور صفیں کاٹنے والوں کو اللہ (اپنے سے) کاٹ دیتا ہے۔

اور صفیں ملانے والوں پر فرشتے بھی دعائے رحمت کرتے ہیں اور جو خلا کو پر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے درجات کو بلند کر دیتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلِّونَ عَلَى الَّذِينَ يَصِلُونَ الصُّفُوفَ، وَمَنْ سَدَّ فُرْجَةً رَفَعَهُ اللَّهُ بِهَا دَرْجَةً))(42)

ترجمہ: بلاشبہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے صفیں ملانے والوں پر درود بھیجتے ہیں اور جو شخص صف کے خلا کو پر کرتا ہے اللہ اس کے ذریعے اس کا درجہ بلند کرتا ہے۔

صفوں کو ملانے سے اللہ تعالیٰ درجات کو بلند کر دیتا ہے اور صفوں کو کاٹنے سے اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت اور ثواب سے دور کر کے کاٹ کر رکھ دیتا ہے اور دلوں میں اختلافات پیدا کر دیتا ہے۔ اور جب دلوں کا اختلاف پیدا ہو گا، تو اس کا لازمی نتیجہ چہروں کے اختلاف کی صورت میں سامنے آئے گا، جیسے کوئی آدمی کسی آلہ قتل کے ساتھ خودکشی کرتا ہے، تو قیامت کے دن وہ اس آلہ سے اپنے آپ کو قتل یعنی عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔

عبدالرؤف المناوی لکھتے ہیں:

((لأن مخالفتهم في الصفوف مخالفة في الظواهر واختلاف الظواهر سبب لاختلاف البواطن))(43)

ترجمہ: صفوں میں مخالفت ظاہری مخالفت ہے اور ظاہری مخالفت باطن کی مخالفت کا سبب بن جایا کرتی ہے (کیونکہ اعمال کا بدلہ (مکافات) اسی کی جنس سے ملتا ہے۔

نماز میں سجدہ اور اس کی جزا

نماز میں سب سے بڑی مہم اطمینان قلب و حضور و نفس اور خشوع اور خضوع جوارح ہے۔ انسان اپنے تمام اعضاء اور جذبات سے خدا کی جانب متوجہ ہوتا ہے۔ اور نماز تمام جسمانی اعضاء کی عبادت کا مجموعہ ہے، قرآن پاک میں مسلمانوں کا قیام، رکوع، سجود، تہلیل، تسبیح، تکبیر، قرات، قرآن، ذکر الٰہی اور درود پڑھنے کے جو احکام عطا کئے گئے ہیں، ان کی مجموعی تعلیم کا نام نماز ہے۔ جن میں سجدہ کی اہمیت مسلمہ ہے کیونکہ انسان اپنی ہستی کو خاک پر رکھ کر اللہ سے عاجزی وانکساری کا اظہار کرتا ہے۔ اور کثرت سے سجدے کرنے کا حکم دیا گیا ہے، کیونکہ جتنا انسان کثرت سے سجود کرے گا اللہ تعالیٰ اتنے ہی گناہ ختم کر دے گا، اور درجات کو بلند کر دے گا۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((أَكْثِرْ مِنَ السُّجُودِ ، فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَسْجُدُ لِلَّهِ سَجْدَةً ، إِلا رَفَعَهُ اللَّهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً))(44)

ترجمہ: کثرت سے سجدے کیجئے جب کوئی مسلمان اللہ کے لئے سجدہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں ایک درجہ بلند دیتے ہیں اور ایک گناہ معاف کر دیتے ہیں۔

درج بالا حدیث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جب انسان صدق دل سے درست حالت میں خشوع وخضوع کے ساتھ اللہ کے سامنے گر جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے مقام کو بلند کر دیتے ہیں اور اس کے گناہوں کو معاف کر دیتے ہیں، کیونکہ جب انسان نے دنیا میں اپنے آپ کو عاجز وذلیل اور کم تر بنا کر اپنی پیشانی زمین پر رکھ دی، جہاں لوگوں کے قدم چلتے اور گزرتے ہیں، تو اللہ تعالیٰ اس زمین پر گرنے کو عروج یعنی بلندیوں کا سبب بنا دیتا ہے اور درجات کو بلند کر کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے، کیونکہ اعمال کا بدلہ اسی کی جنس سے ملتا ہے۔

ایک دوسری حدیث میں ایسا عمل کرنے والے کی ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے اور ایک درجہ بلند اور ایک گناہ ختم کر دیا جاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْجُدُ لِلَّهِ سَجْدَةً إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِهَا حَسَنَةً، وَمَحَا عَنْهُ بِهَا سَيِّئَةً، وَرَفَعَ لَهُ بِهَا دَرَجَةً، فَاسْتَكْثِرُوا مِنَ السُّجُودِ))(45)

ترجمہ: جب کوئی بندہ سجدہ کرتا ہے تو اس کی ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور ایک گناہ ختم ہو جاتا ہے اور ایک درجہ بلند ہو جاتا ہے اس لئے کثرت سے سجدہ کیا کرو۔

سجدہ انسان کی عاجزی وانکساری کی علامت ہے کمزوروں کی سجدوں میں پکار طاقتوروں پر اللہ کی مار بن جاتی ہے، بے مددگاروں کو سہارا مل جاتا ہے۔ جب کوئی سر سجدے میں رکھتا ہے، تو یہ خاکساری اس کو فرشتوں کے برابر کر دیتی ہے۔ سجدوں میں آدمی کو اپنے عجز کا اعتراف ہوتا ہے۔ پس خالق کی عبادت اور مخلوق کی خدمت میں تگ ودو ہی حاصلِ زندگی ہے، سجدے عبودیت کی آخری سرحد ہیں، دل کا اضطراب سجدوں کی جان ہے، مضطرب ہو کر مانگنا اور اللہ کی خوشنودی حاصل کرنا؛ یہی انسان کے لئے سب مرادوں سے بڑی مراد ہے نماز کے دونوں سجدوں کی حقیقت بیان کرتے ہوئے مولانا اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:

"سجدہ اول نفس کو اس بات پر متنبہ کرنے کے لئے ہے کہ میں اس خاک سے پیدا ہوا ہوں اور دوسرا سجدہ اس بات پر دال (دلیل) ہے کہ میں اسی خاک میں لوٹ جاؤں گا"۔ (46)

نماز سے پیچھے رہ جانے والوں کی سزا

نماز دراصل فطرت انسانی اور بشری تقاضا کی تسکین اور تکمیل ہے۔ جس کو ہم ضعف و احتیاجی مجبوری و درماندگی، دعاو مناجات اور اس خدائے بزرگ و برتر کی پناہ میں آجانے کو کہہ سکتے ہیں، یہ درحقیقت شکر، احسان مندی، وفاشعاری اور خشوع و خضوع کے اس جذبے کی تسکین ہے، جو انسان کی سرشت میں ہے اور اس کی انسانیت کا سب سے بڑا جوہر بھی ہے۔

مؤمن کی مثال ایک مچھلی کی سی ہے، جس کی زندگی پانی کے ساتھ وابستہ ہے۔ اگر اس کو زبردستی پانی سے نکال بھی لیا جائے، تب بھی وہ پانی کے لئے بے قرار اور پانی کی محتاج رہے گی، اور موقع ملتے ہی بے ساختہ اس پر ٹوٹ پڑے گی لیکن اس کے برعکس کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے، جن کی سرشت میں ہمیشہ نمازوں میں تاخیر اور پیچھے رہنا شامل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے "وَيْلٌ" یعنی ہلاکت کی وادی کا اعلان کیا ہے جو اپنی نمازوں میں سستی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّينَ ، الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ﴾ (47)

ترجمہ: ان نمازیوں کے لئے افسوس (اور ویل نامی جہنم کی جگہ) ہے جو اپنی نماز سے غافل ہیں۔

اس آیت مبارکہ میں وہ لوگ مراد ہیں، جو نماز یا تو پڑھتے ہی نہیں یا پہلے پڑھتے رہے ہیں، پھر سست ہو گئے، یا نماز کو اپنے وقت مقررہ پر نہیں پڑھتے۔ جب جی چاہتا ہے پڑھ لیتے ہیں، یا تاخیر سے پڑھنے کو معمول بنا لیتے ہیں، یا خشوع و خضوع سے نہیں پڑھتے۔ اور نماز میں ان کوتاہیوں کے مرتکب وہی لوگ ہوتے ہیں جو آخرت کی جزا اور حساب کتاب پر یقین نہیں رکھتے اور جن کی فطرت میں نمازوں کا تاخیر سے ادا کرنا شامل ہو چکا ہے اللہ تعالیٰ بھی ان کو پیچھے (موخر) کر دیتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَتَأَخَّرُونَ حَتَّى يُؤَخِّرَهُمُ اللهُ)) (48)

ترجمہ: جو قوم ہمیشہ پیچھے رہتی ہے (پہلی صف اور نماز سے) اللہ تعالیٰ بھی ان کو (دنیا و آخرت میں) پیچھے کر دیتا ہے۔

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے امام نووی لکھتے ہیں:

"لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَتَأَخَّرُونَ أَيْ عَنِ الصُّفُوفِ الْأُوَلِ حَتَّى يُؤَخِّرَهُمُ اللَّهُ تَعَالَى عَنْ رَحْمَتِهِ أَوْ عَظِيمِ فَضْلِهِ وَرَفْعِ الْمَنْزِلَةِ وَعَنِ الْعِلْمِ وَنَحْوِ ذَلِكَ "(49)

ترجمہ: وہ قوم جو ہمیشہ پہلی صفوں سے پیچھے رہتی ہے ان کو اللہ تعالی بھی اپنی رحمت، فضل و کرم اور بلند و بالا مرتبے اور علم وغیرہ میں پیچھے کر دیتا ہے۔

کیونکہ وہ لوگ دنیا میں پہلی صفوں اور نماز میں پیچھے رہتے تھے، اللہ تعالیٰ ان کو قیامت کے دن پیچھے کر دے گا کیونکہ اعمال کا بدلہ (مکافات) اس کی جنس سے ملتا ہے۔

المختصر اللہ رب العالمین نے جو شرائع (عبادات، معاملات، اخلاقیات) انسانیت کے لئے لازمی قرار دی ہیں، یہ ویسے ہی نہیں، بلکہ اس حکیم کے پیش نظر بہت سے دنیاوی اور اخروی فوائد پنہاں ہیں۔ عبادات میں بنیادی اور اولین فریضہ نماز کا ہے۔ نماز معراج نبوی کا تحفہ ہے جس کو چھوڑ دینا یقیناً اللہ کی نعمتوں کو فراموش کر دینے کے مترادف ہے۔ نماز صرف چند ایک ارکان اور افعال کو بجالانے کا عمل نہیں، بلکہ اس کا بنیادی مقصد بے حیائی اور برائی کی باتوں سے روکنا ہے نیز نماز کو اللہ نے اپناذکر قرار دیا ہے۔ مقالہ ہذا میں نماز کا فلسفہ اور اس سے متعلقہ امور مثلاً مسجد، وضو، اذان اور صف بندی وغیرہ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے اور یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ اس کے ہر ایک عمل سے مکافات کا پہلو ظاہر ہوتا ہے، لہذا اگر کوئی مسلمان نماز قصداً چھوڑے گا تو وہ نہ صرف اخروی سزا کا مستحق ہوگا، بلکہ دنیا میں مکافات عمل کا شکار ہو کر مختلف مسائل سے دوچار رہے گا۔

حواشی وحوالہ جات

1) الاصفہانی، راغب، مفردات الفاظ القرآن، دار القلم، ص: ۴۹۰، نیز دیکھئے: رازی، فخر الدین، أبو عبد اللہ محمد بن عمر بن حسین، تفسیر الکبیر، دار الفکر 1401، ص: ۲/۲۹

2) الجرجانی، علی بن محمد علی، التعریفات، دار الکتاب العربی، بیروت، 1992، ص: ۱۷۵

3) سوۃ ابراہیم: ۱۴/۴۰

4) سورۃ مریم: ۱۹/۵۵

5) سورۃ ھود: ۱۱/۸۷

6) سورۃ الانبیاء: ۲۱/۷۳

7) سورۃ طہٰ: ۲۰/۱۴

8) سورۃ آل عمران: ۳/۲۹

9) سورۃ مریم: ۱۹/۳۱

10) سورۃ لقمان: ۳۱/۱۷

11) سورۃ المائدۃ: ۵/۱۲

12) سورۃ البقرۃ: ۲/۳

13) سورۃ البقرۃ: ۲/۲۷۷

14) بخاری، صحیح بخاری، دار ابن کثیر الیمامۃ، ۱۹۸۷م، کتاب الایمان، باب دعاؤ کم ایمانکم، حدیث نمبر: ۸

15) سورۃ الاعلیٰ: ۸۷/۱۴۔۱۵

16) ابوداؤد، سنن ابی داؤد، دار الحدیث، دمشق، کتاب الادب، باب فی صلاۃ العتمۃ، حدیث نمبر: ۴۹۸۶

17) نسائی، سنن نسائی، دار الفکر بیروت، 1930، کتاب عشرۃ النساء، باب حب النساء، حدیث نمبر: ۳۳۹۴

18) ابن ماجہ، سنن ابن ماجہ، دار الریان، للتراث القاہرہ، کتاب المساجد باب من بنیٰ للّٰہ، حدیث نمبر: ۷۳۶

19) سورۃ الفرقان: ۲۵/۷۵

20) صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، باب الإمساك عن الإغارة على قوم فی دار الکفر، حدیث نمبر: ۳۸۲

21) سورۃ التوبۃ: ۹/۳

22) التعریفات، ص: ۳۰، القونوی، قاسم بن عبد اللہ بن أمیر علی، انیس الفقہاء فی تعریفات الالفاظ المتداولۃ بین الفقہاء، دار الکتب العلمیہ، ص: ۷۶

23) التعریفات، ص: ۳۰، انیس الفقہاء ص: ۷۶

24) احمد بن حنبل، مسند احمد، طبعہ المکنز والمنھاج، ص: ٢٦٦/٢، شیخ ناصر الدین البانی نے اسے حسن کہا ہے۔١٠٧، سنن ابن ماجہ، کتاب الاذان باب فضل الأذان، حدیث نمبر: ٧٢٤

25) عبدالرؤف المناوی، فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، دار المعرفہ، ص: ٢٤٩/٦

26) صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ ،باب فضل الاذان و ھرب الشیطان عندسماعه، حدیث نمبر: ١٤

27) فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، ص: ٢٥٠/٦

28) صحیح بخاری، دار الریان للتراث، القاہرہ، کتاب الاذان، باب رفع الصوت بالنداء، حدیث نمبر: ٦٠٩

29) صحیح مسلم، کتاب الطھارة باب خروج الخطایا مع ماءالوضوء، حدیث نمبر: ٣٣

30) سنن ابن ماجہ،، کتاب ،باب ثواب الطھور، حدیث نمبر: ٢٨٢

31) صحیح بخاری، کتاب الوضوء، باب فضل الوضوء، حدیث نمبر: ١٣٦

32) صحیح مسلم، کتاب الطھارة، باب استحباب اطالة الغرة و التحجیل بالوضوء، حدیث نمبر: ٤٠

33) صحیح مسلم، کتاب الایمان ،باب اطلاق اسم الکفر علی من ترک الصلاۃ، حدیث نمبر: ١٣٤

34) صحیح مسلم، دار الریان، للتراث القاہرہ، کتاب الطھارة باب فضل الوضوءوالصلاۃ عقبه، حدیث نمبر: ٧

35) صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلوة ،باب الصلوات الخمس کفارة، حدیث نمبر: ٥٢٨

36) مسلم، صحیح مسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب ثواب المشی الی الصلاۃ، حدیث نمبر: ٨٧

37) سنن ابی داؤد،، کتاب الصلاۃ، باب ماجاء فی المشی الی الصلاۃ ،حدیث نمبر: ٥٦١

38) سورۃ الحدید: ١٣/٥٧

39) صحیح بخاری، کتاب الاذان باب اقامة الصف من تمام الصلاۃ، حدیث نمبر: ٧٢٣

40) صحیح بخاری، کتاب الآذان باب تسویة الصفوف عندا الاقامة و بعدھا، حدیث نمبر: ٧١٧

41) ابوداؤد، سنن ابوداؤد، کتاب الصلاۃ باب تسویة الصفوف، حدیث نمبر: ٦٦٦

42) سنن ابن ماجہ، کتاب اقامة الصلوة ،باب اقامة الصفوف، حدیث نمبر: ٩٩٥، اس روایت میں ایک راوی اسماعیل بن عیاش ضعیف ہیں، خصوصاجب اہل حجاز سے روایت کریں، تو ضعیف سمجھے جاتے ہیں، بہر حال فضائل میں روایت مقبول ہو گی۔

43) فیض القدیر شرح الجامع الصغیر ص: ٧٢/٢

44) احمد بن حنبل، مسند احمد، ٢٨٠/٥، ٢٨٢، ٢٨٦ نیز دیکھئے سلسلة الاحادیث الصحیحة، حدیث نمبر: ١٥١٩، صحیح بخاری، حدیث نمبر: ١٢٠٤

45) سنن ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلوۃ، باب ماجاء فی کثرۃ السجود، **حدیث نمبر**: ۵۷۴۲، **شیخ ناصر الدین الالبانی**، **صحیح الترغیب والترھیب حدیث نمبر**: ۱۴۱۵، **والجامع الصحیح، حدیث نمبر**: ۵۷۳۲

46) **اشرف علی تھانوی**، احکام اسلام عقل کی نظر میں، ص: ۶۲، **طباعت دارالاشاعت مولوی مسافر خانہ اردو بازار، کراچی**

47) سورۃ الماعون: ۱۰۷/۴-۵

48) **صحیح مسلم**، کتاب الصلاۃ، باب تسویۃ الصفوف و اقامتھا، **حدیث نمبر**: ۱۳۰

49) نووی، شرح نووی علی صحیح مسلم، دارالریان، للتراث، القاہرہ، ص: ۱۵۹/۴

****

سرکاری عہدیداران کی تقرری، نگرانی اور محاسبہ

(عہد خلفائے راشدین کے تناظر میں)

Appointment, Monitoring and Accountability of the Government Officials (in prospective's of Caliphs,era)

محمد علی *

ABSTRACT

The period of the rightly guided caliphate is the best role model after the time of the Prophet of Islām, Muḥammad (S.A.W). The rightly guided caliphs crafted the best honest governing mechanism. They understood their commitment with their Lord, Allāh, and the people. They took up the responsibility for providing for the basic needs of their people, like food, shelter, education, peace, stipends of children, married and unmarried persons, social security and justice, etc.

The caliphs would appoint the tax collectors, governors and other government officials on the basis of merit: their honesty, qualifications, experience, physical fitness, etc. Further, they, at the time of their appointment, would advise their officials in an open gathering to better use their abilities, resources and powers for the welfare of the masses. Moreover, the government prepared a list of the assets and the properties of their government officials at the time of their appointments. It they found, later, significant increase in the assets, it was investigated and asked for an explanation. If the officials failed to justify the means of the increase in their assets, the additional assets and properties were confiscated by government.

In this research study, the author highlights the measures adopted by the rightly guided Caliphs to ensure honest conduct of affairs by the appointed officials of the government.

Keywords: *Rightly Guided Caliphs; Appointment of Officials; Merit; Monitoring; Accountability*

---

* ریسرچ آفیسر، وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، اسلام آباد

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پیغام نبوت کے امین تھے۔ عہد خلفائے راشدین میں ریاستی امور کے حوالے سے جو اجتماعی پالیسیاں بنیں، حقیقت میں وہ تعلیمات نبوی کی روشنی میں ہی حالات کے مطابق تشکیل دی گئی تھیں ۔کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مزاج شناسِ نبوت تھے۔ اس لئے ان کی کوئی بات تعلیماتِ نبوی کے خلاف نہیں ہو سکتی، خود پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان، عہد خلفائے راشدین کے اقدامات کی تائید کے لئے کافی ہے۔

((فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الْمَهْدِيِّينَ الرَّاشِدِينَ تَمَسَّكُوا بِهَا وَعَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ)) (1)

ترجمہ: پس تم میری سنت (طریقہ) اور میرے خلفاء راشدین کی سنت کو جو نیک اور سیدھی راہ پر ہیں لازم پکڑو، اسے دانتوں سے مضبوطی سے پکڑ لو۔

خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے نزدیک حکومت اور اختیارات خدا اور مسلمانوں کی امانت کی حیثیت رکھتے تھے، جنہیں ایمان دار اور عادل لوگوں کے سپرد کیا جانا چاہیئے اور اس امانت میں کسی کو من مانے طریقے یا نفسانی اغراض کے لئے تصرف کا حق نہیں ہے۔ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم ہر وقت ذمہ داریوں کے متعلق اپنے آپ کو اُمت کے سامنے جوابدہ سمجھتے تھے، ان کے دروازے ہر شخص کے لئے کھلے رہتے تھے اور وہ بازاروں میں کسی محافظ دستے کے بغیر عوام کے درمیان میں چلتے پھرتے تھے۔ عوام کو ان کے مناصب اور اختیارات پر تنقید اور محاسبہ کرنے کی کھلی آزادی تھی اسی وجہ سے اگر کسی معاملہ کی نظیر سنتِ میں نہ ملے، تو اسے سنتِ خلفاء راشدین میں دیکھا جا سکتا ہے۔ عہد خلفائے راشدین میں سرکاری مناصب پر تقرری، محاسبہ اور نگرانی کے طریقہ کار درج ذیل ہے۔

الف: عہد صدیقی میں سرکاری اہل کاروں کی تقرری، محاسبہ اور نگرانی

سرکاری اہل کاروں کی تقرری

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کے نقوش کی روشنی میں اسلامی فلاحی ریاست کے تصور کو عملاً آگے لے جانے اور واضح کرنے والوں میں سے پہلے خلیفہ راشد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔ جنہوں نے خلافت کا بار گراں اٹھایا۔ اسلام میں خلافت یا شورائی حکومت کی بنیاد سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے

ڈالی ، خود ان کا انتخاب بھی جمہور اصحاب رسول ﷺ کے انتخاب کے ذریعہ ہوا۔آپ رضی اللہ عنہ کا عرصہ خلافت مختصر دورانیہ پر مبنی تھا تاہم یہ دور درج ذیل رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

ا۔ تجربہ کار عمال وعہدیداران کا تقرر

آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ حکومت میں عموماً نبی کریم ﷺ کے مقرر کردہ عمال ہی کو مقرر فرمایا، جو اپنے اپنے علاقوں میں عوام کی عمومی اصلاح کی نگرانی کرتے رہے۔اس عہد میں چونکہ فتنوں کی کثرت تھی (فتنہ ارتداد اور منکرین زکوٰۃ)،اس لئے اس عہد میں دیگر اہم معاملات کی طرف کم توجہ رہی، تاہم پھر بھی آپ رضی اللہ عنہ عمال کی تقرری کو نہایت اہم معاملہ سمجھتے تھے۔

اسی لئے آپ رضی اللہ عنہ نے عمال اور عہدیداران کے انتخاب میں ہمیشہ اُن لوگوں کو ترجیح دی، جو عہد نبوت میں عامل کے عہدہ پر فائز رہے اور ان سے ان ہی مقامات میں کام لیا جہاں وہ پہلے کام کر چکے تھے عہد نبوت میں مکہ میں عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ، طائف میں عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ ، صنعاء میں المهاجر رضی اللہ عنہ بن أبي أمیہ ، حضرموت میں زیاد بن لبید رضی اللہ عنہ، خولان میں یعلی بن أمیہ رضی اللہ عنہ، یمن میں ابو موسی الاشعری رضی اللہ عنہ اور بحرین میں العلاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ مامور تھے۔ خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی ان مقامات پر ان ہی لوگوں کو مامور رکھا۔[2]

۲۔ تقرری کے وقت فرائض منصبی کی تعلیم

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ جب کسی کو عہدہ پر مامور فرماتے، تو عموماً اسے بلا کر اس کے فرائض کی تشریح کر دیتے اور تقوی کی نصیحت فرماتے۔ چنانچہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ کو قبیلہ قضاعہ پر عامل بنا کر بھیجا، تو ان کو درج ذیل الفاظ میں نصیحت فرمائی:

((اتَّقِ اللَّهَ فِي السِّرِّ وَالْعَلانِيَةِ ، فَإِنَّهُ مَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لا يَحْتَسِبُ فَلا تَنِ وَلا تَفْتُرْ وَكَتَبَ إِلَيْهِمَا اسْتَخْلِفَا عَلَى أَعْمَالِكُمَا، وَانْدُبَا مَنْ يَلِيكُمَا))[3]

ترجمہ: خلوت و جلوت میں خوف خدا رکھو جو خدا سے ڈرتا ہے، وہ اس کے لئے ایسی سبیل اور اس کے رزق کا ایسا ذریعہ پیدا کر دیتا ہے، جو کسی کے وہم و گمان میں نہیں آسکتا... تم اللہ کی ایک ایسی راہ میں ہو

جس میں افراط و تفریط اور ایسی چیزوں سے غفلت کی گنجائش نہیں، اور ان کی طرف لکھ بھیجا کہ تم اپنے اعمال کی محافظت کرو اور جو شخص تمھارے قریب آئے اس سے عمدہ طریقے سے پیش آؤ۔

الغرض معلوم ہوا کہ عہد صدیقی میں کسی بھی سرکاری عہدیدار کی تقرری کے وقت خلیفہ اوّل رضی اللہ عنہ جن پہلوؤں کو مدنظر رکھتے تھے ان میں ایک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اور تجربہ کاری کا پہلو شامل تھا، یعنی جو شخص عہد نبوی میں عامل یا عہدیدار رہا ہوا سے ہی آپ رضی اللہ عنہ نے سرکاری عہدہ عطا کیا۔

محاسبہ و نگرانی

عہد خلفائے راشدین میں حضرت ابو بکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا دور کئی لحاظ سے مثالی اہمیت کا حامل ہے۔ جس کا اعتراف نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم مفکرین نے بھی کیا ہے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خلیفہ منتخب ہونے کے بعد جو پہلا تاریخی خطبہ دیا۔ اس میں لوگوں کے حقوق کے تحفظ کے معاملہ کے متعلق جو کہا وہ تعلیمات نبوی کا نچوڑ ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میری نظر میں معاشرے کا سب سے طاقت ور وہ کمزور شخص ہو گا، جس کے حقوق میں کوتاہی ہو رہی ہو گی، یہاں تک کہ میں اس کے حقوق اسے واپس دلا دوں اسی طرح میرے نزدیک معاشرے کا سب سے طاقتور وہ شخص ہو گا، جو لوگوں کے حقوق غصب کرتا ہو۔ یہاں تک کہ میں اس سے غصب شدہ حقوق واپس نہ لے لوں اگر میں اچھا کام کروں تو میرا ساتھ دو اور اگر میں غلط کروں تو مجھے سیدھا کر دیجئے۔ (4)

آپ رضی اللہ عنہ کے دربار میں کوئی محافظ مقرر نہ تھا اور ملکی معاملات کی براہ راست خود نگہداشت کرتے تھے۔ رات کی تاریکی میں محلوں کا چکر لگا کر غرباء کی امداد کیا کرتے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ:

((وَإِنَّهُ مَنْ يَكُنْ أَمِيرًا فَإِنَّهُ أَطْوَلُ النَّاسِ حِسَابًا وَأَغْلَظُهُ عَذَابًا ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ أَمِيرًا فَإِنَّهُ مِنْ أَيْسَرِ النَّاسِ وَأَهْوَنِهِ عَذَابًا ، إِلا أَنَّ الأُمَرَاءَ هُمْ أَقْرَبُ النَّاسِ مِنْ ظُلْمِ الْمُؤْمِنِينَ ، وَمَنْ يَظْلِمِ الْمُؤْمِنِينَ فَإِنَّهُ يَخْفِرُ اللَّهُ))(5)

ترجمہ: جو شخص حکمران ہو اُس کو سب سے زیادہ بھاری حساب دینا ہو گا اور وہ سب سے زیادہ خطرناک عذاب میں مبتلا ہو گا اور جو حکمران نہ ہو سکا تو اس کو ہلکا حساب دینا ہو گا۔ اس کے لئے ہلکے عذاب ہے کیونکہ حکام کے لئے سب سے بڑھ کر مواقع ہیں کہ ان کے ہاتھوں سے مسلمانوں پر ظلم ہو جو مسلمانوں پر ظلم کرے وہ خدا سے غداری کرتا ہے۔

آپ رضی اللہ عنہ سرکاری عہدیداروں کی خصوصی نگرانی و محاسبہ وقتاً فوقتاً فرماتے رہتے تھے۔ مسند خلافت پر متمکن ہونے کے باوجود چھ ماہ تک تجارت کرکے اپنا گزارہ کرتے رہے۔ گھر کا رہن سہن بھی سادہ تھا۔ اپنی تمام دولت راہ خدا میں صرف کردی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ بیت المال کو خدا کی امانت سمجھتے تھے۔

ب: عہد فاروقی میں سرکاری اہل کاروں کی تقرری، محاسبہ اور نگرانی

تقرری

خلفائے راشدین میں دوسرے خلیفہ راشد حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ 13ء ہجری سے 24ء ہجری تک خلافت کے منصب پر فائز رہے۔ آپ رضی اللہ عنہ خلافت کو ایک آزمائش سمجھتے تھے۔ نیز آپ رضی اللہ عنہ کی نگاہ میں منصب خلافت کا یہ تقاضا تھا کہ ملکی ذمہ داریوں سے متعلق جو معاملات بھی آپ رضی اللہ عنہ کے سامنے آئیں، آپ رضی اللہ عنہ انہیں خود حل کریں لوگوں کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولتیں اور آسانیاں فراہم کریں۔ یہی وجہ تھی کہ آپ رضی اللہ عنہ سرکاری عہدیداروں کی تقرری میں بے حد احتیاط سے کام لیتے تھے جنہیں ذیل میں بیان کیا جارہا ہے:

ا۔ قابل و باصلاحیت عہدیداران کا انتخاب

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد میں بہترین و باصلاحیت امراء، عمال، محصلین، گورنر اور دیگر سرکاری عہدیداران کا انتخاب فرمایا، تاہم آپ رضی اللہ عنہ اللہ کے سامنے جواب دہی اور اپنی ذمہ داری سے سبکدوشی کے لئے صرف اتنا کرنا کافی نہیں سمجھتے تھے۔ بلکہ آپ رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا کہ ان گورنروں، محصلین اور ان کے مقام کی سخت نگرانی کرنا بھی ایک ایسی ذمہ داری ہے، جس سے صرف نظر نہیں کیا جاسکتا۔ اسی وجہ سے ان میں سے جس نے بہتر کام کیا آپ رضی اللہ عنہ نے اس کے ساتھ احسان کیا اور جس نے آپ رضی اللہ عنہ کی مرضی کے خلاف کیا اس کی آپ رضی اللہ عنہ نے گرفت کی اور سزادی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نزدیک سرکاری عہدیداروں کا انتخاب کرنا نہایت ہی اہمیت کا حامل تھا، کیونکہ کوئی کتنا ہی بیدار مغز اور کوئی قانون کتنا ہی مکمل کیوں نہ ہو، لیکن جب تک حکومت کے اعضاء و جوارح یعنی عہدہ دارانِ ملکی قابل، لائق، راست باز نہ ہوں اور ان سے نہایت بیدار مغزی کے ساتھ کام نہ لیا جائے تو ملک و ملت کی فلاح ممکن نہیں ہو سکتی۔ اس معاملے میں آپ رضی اللہ عنہ نے خوب تتبع اور تلاش بسیار کے بعد افراد کو عہدوں پر مامور کیا خواہ ان کی

طبیعت اس طرف مائل نہ تھی۔ایک موقع پر آپ رضی اللہ عنہ نے ایک مجلس شوری منعقد کی اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے مخاطب ہو کر فرمایا:

((إِذَا لَمْ تُعِينُونِي فَمَنْ يُعِينِنِي؟ فَقَالُوا: نَحْنُ نُعِينُكَ؛ فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ ائْتِ الْبَحْرَيْنَ وَهَجَرَ أَنْتَ الْعَامَ))(6)

ترجمہ: جب تم لوگ ہی میری مدد نہ کروگے تو کون میری مدد کرے گا؟ ان حضرات نے جواب دیا کہ ہم آپ کی مدد کریں گے، اس پر آپ نے فرمایا: ابوہریرہ تم اس سال بحرین اور ھجر (کے عامل بن کے) چلے جاؤ۔

۲۔ زہد و تقویٰ کے تصور کی درستگی

عہد خلفائے راشدین میں ملکی انتظام میں حصہ لینا زہد اور تقویٰ کے خلاف سمجھا جاتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس تصور کو ختم فرمایا۔ ایک مرتبہ حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے آپ رضی اللہ عنہ پر جب یہ اعتراض کیا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے تقوی کو عہدوں سے داغدار کیا ہے، تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

((يَا أَبَا عُبَيْدَةَ إِذَا لَمْ أَسْتَعِنْ بِأَهْلِ الدِّينِ عَلَى سَلامَةِ دِينِي فَبِمَنْ أَسْتَعِينُ؟))(7)

ترجمہ: ابو عبیدۃ اگر میں اپنے دین کی سلامتی کے لئے دین داروں سے مدد نہ لوں، تو کس سے مدد لوں؟

۳۔ سرکاری عہدیداران کی تقرری کے وقت چند شرائط کی پابندی کا معاہدہ

عہد فاروقی میں جب کسی کو سرکاری عہدیدار (یعنی عامل و محصل یا گورنر وغیرہ) بنا کر بھیجا جاتا، تو ان سے چند شرائط کی پابندی کا عہد بھی، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں لکھ لیا جاتا:

((كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِذَا اسْتَعْمَلَ رَجُلا أَشْهَدَ عَلَيْهِ رَهْطًا مِنَ الأَنْصَارِ وَغَيْرِهِمْ وَاشْتَرَطَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا: أَنْ لَا يَرْكَبَ بِرْذَوْنًا، وَلا يَلْبَسَ ثَوْبًا رَقِيقًا، وَلا يَأْكُلَ نَقِيًّا، وَلا يُغْلِقَ بَابًا دُونَ حَوَائِجِ النَّاسِ، وَلا يَتَّخِذَ حَاجِبًا))(8)

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب کسی شخص کو عامل مقرر کرتے تو انصار اور دوسرے لوگوں پر مشتمل ایک جماعت کو گواہ بنا کر اس شخص سے چار شرائط کی پابندی کا عہد لیتے تھے، یہ کہ وہ عمدہ خچر پر نہ سوار ہو گا،

باریک کپڑے نہ پہنے گا، چھنا ہوا آٹا نہ کھائے گا، اپنے دروازے بند کرکے لوگوں کی ضروریات سے بے نیازی نہ برتے گا اور اپنی ڈیوڑھی پر دربان نہ رکھے گا۔

عہد فاروقی میں کسی عامل کی تقرری پر بہت سے مہاجرین اور انصار کی گواہی ثبت ہوتی تھی، عامل جس مقام پر جاتا تھا تمام لوگوں کو جمع کرکے یہ فرمان پڑھتا تھا جس میں مذکورہ چاروں شرائط لکھی ہوتی تھیں۔ اس عمل کی وجہ سے لوگ اس کے اختیارات سے واقف ہو جاتے تھے اور جب وہ عامل بیان کردہ اختیارات سے تجاوز کرتا تو لوگ اس پر گرفت کرتے۔ اس حوالہ سے یہ واقعہ مشہور ہے کہ جب ایک بار آپ رضی اللہ عنہ مدینہ کی ایک شاہراہ سے گذر رہے تھے، تو کسی نے پکار کر کہا کہ: عمر (رضی اللہ عنہ) تمہارا عامل عیاض بن غنم کے بارے میں کیا خیال ہے جو باریک کپڑے بھی پہنتا ہے اور اپنے دروازے پر دربان بھی رکھتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو بلایا۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انھیں دیکھا تو فرمایا کہ: اپنی قمیص اتارو، پھر آپ رضی اللہ عنہ نے موٹے اون کا ایک کرتا منگوایا اور بھیڑ بکریوں کا ایک گلہ اور ایک لاٹھی بھی منگوائی اور ان سے فرمایا کہ یہ کرتا پہنو، یہ لاٹھی لو اور یہ بکریاں چراؤ، ان کا دودھ خود پیو اور راہ گیروں کو پلاؤ اور جو بچ رہے، وہ ہمارے لئے محفوظ رکھو۔[9]

آپ رضی اللہ عنہ کی یہ شرائط نہایت ہی حکمت پر مشتمل تھیں۔ آپ رضی اللہ عنہ کی خواہش تھی کہ امت مسلمہ کے تمام افراد امر و نواہی کے پابند ہو جائیں اور جب یہ ہستیاں اخلاق کریمانہ کا مظاہرہ کریں گی، تو وہی معاشرہ کے لئے نمونہ ہوں گی۔

۴۔ عمال کے اثاثوں کی فہرست

عہد فاروقی میں تقرری کے وقت عمال کے اثاثوں کی فہرست تیار کروائی جاتی تھی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اپنے عمال کے اموال (کی مقدار و مالیت) لکھ لیتے اور پھر اس میں جو کچھ اضافہ ہوتا، اس کا ایک حصہ اور کبھی کل کا کل ضبط کر لیتے تھے۔

اس بارے میں علامہ بلاذری رقمطراز ہیں:

((كان عمر بن الخطاب يكتب أموال عماله إذا ولاهم، ثم يقاسمهم ما زاد على ذلك، وربما أخذه منهم.))[10]

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اپنے عمال کے اموال (کی مقدار و مالیت) لکھ لیتے اور پھر اس میں جو کچھ اضافہ ہوتا، اس کا ایک حصہ اور کبھی کل کا کل ضبط کر لیتے تھے۔

الغرض عہد فاروقی میں جب کوئی عامل مقرر ہوتا تھا، تو اس کے پاس اس وقت جس قدر مال و اسباب ہوتا تھا۔ اس کی مفصل فہرست تیار کرا کر محفوظ رکھی جاتی تھی اور اگر عامل کی مالی حالت میں غیر معمولی ترقی واضافہ ہوتا، تو اس وقت اس کا مواخذہ کیا جاتا تھا۔

مذکورہ بحث سے ثابت ہوا، حضرت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سرکاری مناصب پر تقرری کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طریقہ کی پیروی فرمائی۔

عہد فاروقی میں تقرری کا معیار اور اس کی شرائط

ا۔ عمال کا قوی اور امانت دار ہونا

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سرکاری عہدیداروں، عمال اور گورنروں کے انتخاب و تقرر میں قوی کے مقابلے میں قوی ترین افراد کو ترجیح دیتے، تاکہ سرکاری عہدیداروں کی کارکردگی بہتر سے بہتر نظر آئے۔ کسی سرکاری عہدیدار کا کارآمد اور سب سے زیادہ قوی ہونا آپ کے نزدیک کتنا اہم تھا؟ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے، جس کا اظہار آپ اپنے ایک خطبہ میں اس طرح سے فرمایا:

((وَلَوْلا رَجَائِي أَنْ أَكُونَ خَيْرَكُمْ لَكُمْ، وَأَقْوَاكُمْ عَلَيْكُمْ، وَأَشَدَّكُمْ اضْطِلاعًا بِمَا يَنُوبُ مِنْ مُهِمّ أَمْرِكُمْ، مَا تَوَلَّيْتُ ذَلِكَ مِنْكُمْ))(11)

ترجمہ: اگر مجھ کو یہ امید نہ ہوتی کہ میں تم لوگوں کے لئے سب سے زیادہ کارآمد سب سے زیادہ قوی اور مہمات امور کے لئے سب سے زیادہ قوی بازو ہوں، تو میں اس منصب کو قبول نہ کرتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ جس خوبی کو مد نظر رکھ کو لوگوں کو عہدے عطا فرماتے تھے، وہ خوبی آپ رضی اللہ عنہ اپنے اندر بہتر انداز میں سمجھتے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے تو یہاں تک فرما دیا کہ اگر یہ صفت مجھ میں دوسروں کی نسبت کم ہوتی، یا دوسروں میں یہ خوبی زیادہ ہوتی، تو میں اس خلافت کی ذمہ داری بھی نہ سنبھالتا۔

۲۔ تقرری میں اعلیٰ اوصاف کی اہمیت

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلامی افواج کے امراء و قائدین کی تقرری میں سنت نبوی کی اقتدا کی۔ امام طبری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب اسلامی فوج حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جمع ہوتی، تو اس پر ایک عالم دین اور شرعی بصیرت رکھنے والے آدمی کو مقرر کر دیتے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تعلیم و تربیت کا یہ اثر ہوا کہ اسلامی ریاست کی انتظامیہ کا ہر ممبر پاکیزہ نفسی، نیک خوئی، حلم و تواضع، جرأت و آزادی، حق وپرستی و بے نیازی کی تصویر بن گیا۔ تاریخ اسلامی میں اس وقت کی مجالس اور محافل کا نقشہ دیکھا جائے تو ہر شخص کے حلیہ میں یہ خدّ و خال صاف نظر آتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فیض سے قوم میں وہ اخلاق محفوظ رہے۔ اور نئی قومیں جو اسلام میں داخل ہوتی گئیں، اسی اثر سے متاثر ہوتی گئیں۔ (12)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اخلاق کے متعلق مسور بن مخرمہ کا بیان ہے کہ ہم اس غرض سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہتے تھے کہ تقویٰ سیکھ جائیں۔ مؤرّخ مسعودی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حالات اس جملے سے شروع کئے ہیں کہ ان میں جو اوصاف تھے وہ ان کے تمام افسروں اور عہدہ داروں میں پھیل گئے تھے۔ (13)

۳۔ تجربہ کاری اور قابلیت

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی طبیعت شروع سے ہی جوہر شناس واقع ہوئی تھی، یعنی جس شخص میں جس قسم کی قابلیت ہوتی تھی، وہ اس کی تہہ کو پہنچ جاتے تھے، اس کے ساتھ انہوں نے ملک کے تمام قابل آدمیوں سے واقفیت بہم پہنچائی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ آپ رضی اللہ عنہ نے جس شخص کو جو کام دیا، اس کے انجام دینے کے لیے اس بڑھ کر کوئی آدمی نہیں مل سکتا تھا۔ عرب میں چار شخص تھے، جن کو دہاۃ العرب کہا جاتا تھا، یعنی جو فن سیاست و تدبیر میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔ حضرت امیر معاویہ، حضرت عمرو بن العاص، حضرت مغیرہ بن شعبہ اور حضرت زیاد بن سمیہ رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زیاد رضی اللہ عنہ کے سوا تینوں کو بڑے بڑے ملکی عہدے دیئے اور ان پر اس طرح سے قابو رکھا کہ کبھی کسی قسم کی خود سری نہ کرنے پائیں۔ عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ ایک معزز صحابی رسول تھے۔ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کہیں سے ایک جواب طلب تحریر آئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس کا جواب کون لکھے گا؟ حضرت عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ

نے عرض کی کہ میں۔ یہ کہہ کر خود جواب لکھ کر لائے، آنحضرت ﷺ نے سنا، تو نہایت پسند فرمایا ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، ان کی اس قابلیت پر ان کو خاص خیال ہوا اور جب آپ رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو ان کو میر منشی مقرر کیا۔ (14)

۴۔ طالبِ عہدہ کو عہدہ نہ دینا

طالب عہدہ کو عہدہ نہ دینے کا اصول آپ رضی اللہ عنہ نے سنت نبوی سے ماخوذ فرمایا تھا، جیسا کہ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں دو آدمیوں کو ساتھ لے کر رسول اکرم ﷺ کے پاس گیا۔ اُن میں سے ایک نے خطبہ پڑھا۔ پھر کہنے لگا کہ ہم اس واسطے آپ ﷺ کے پاس آئے ہیں کہ آپ ﷺ ہم سے حکومت پر مدد لیجیے (یعنی ہم کو کوئی کام دیجیے یا عامل بنائیے)، پھر دوسرے نے ایسا ہی کہا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: تم سب میں زیادہ جھوٹا ہمارے نزدیک وہی ہے، جو حکومت کو طلب کرے۔ پھر حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عذر کیا کہ مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہ دونوں آدمی اس کام کو آئے ہیں (ورنہ میں ان کو اپنے ساتھ نہ لاتا)۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے ان سے کسی کام میں مدد نہ لی، یہاں تک کہ آپ ﷺ کی وفات ہو گئی۔ (15)

۵۔ سرکاری عہدیداران کے انتخاب اور تقرر کے لئے مشاورت

سرکاری عہدیداران کے انتخاب اور تقرر میں ممتاز بزرگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مشاورت کی جاتی تھی، اس کے بعد ہی یہ انتخاب و تقرر کیا جاتا تھا۔ (16)

محاسبہ و نگرانی

خلیفہ وقت کا سب سے بڑا کام حکام کا احتساب و نگرانی اور قوم کے اخلاق و عادات کی حفاظت ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس فرض کو نہایت اہتمام کے ساتھ انجام دیتے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ اپنے سرکاری عہدیدار کے انتخاب کی شرائط پر سختی سے عمل کرتے تھے جس کی چند مثالیں درج ذیل ہیں۔

ا۔ عمال کے اثاثوں کا محاسبہ

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنے عمال کا تقرر فرمانے کے بعد آپ رضی اللہ عنہ اُن پر مسلسل نظر رکھتے تاکہ ان کا محاسبہ کر سکیں اور جیسے ہی محسوس کرتے کہ کسی کے مال و دولت میں غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے، تو اُس

سے اس اضافہ کی وجہ پوچھتے اور اگر وہ زیادتی کی یہ وجہ بیان کرتا کہ میں نے کچھ سامان کی تجارت کی اور یہ میری تجارت کی آمدنی ہے تو آپ رضی اللہ عنہ اس کے جواب کو قبول نہیں کرتے اور اُن سے کہتے کہ میں نے تمہیں گورنر بنا کر بھیجا ہے، تاجر بنا کر نہیں بھیجا اور پھر آپ رضی اللہ عنہ نے ان سے حاصل کردہ منافع لے لیتے۔ (17)

ایک دفعہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے گورنر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ "مجھے معلوم ہوا ہے کہ تمھارے پاس ایسے غلام، ظروف اور جانور ہیں جو اُس وقت نہیں تھے جب میں نے تمھیں مصر کا والی بنایا تھا، عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ ہماری زمین زراعت اور تجارت کی زمین ہے اور اس سے ہمیں اتنی آمدنی ہوتی ہے جو ہمارے مصارف سے زائد ہوتی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے جواب میں انہیں لکھا کہ مجھے عمال السوء کا کافی تجربہ ہو چکا ہے میں تم سے بدگمان ہو گیا ہوں اور محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو مال کو تقسیم کرنے کی لئے تمہارے پاس بھیجتا ہوں، تم اس سے اپنا راز کہہ دو جو کچھ وہ مانگے اسے دے دو..... چنانچہ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے اموال کو تقسیم کر دیا گیا"۔ (18)

اسی طرح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے اموال کی ضبطی کی وضاحت ابن سیرین کی اس روایت سے ہوتی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بحرین سے واپس آئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: "اے اللہ کے دشمن! اے کتاب اللہ کے دشمن! تو اللہ کا مال چراتا ہے! انہوں نے جواب دیا: میں نہ اللہ کا دشمن ہوں نہ اُس کی کتاب کا دشمن ہوں، بلکہ جو ان دونوں سے دشمنی کرے میں اُس شخص کا دشمن ہوں۔ میں نے قطعاً اللہ کا مال نہیں چرایا"۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تو پھر دس ہزار درہم تمہارے پاس کہاں سے جمع ہو گئے؟ اُنہوں نے جواب دیا: میرے گھوڑوں کی نسل بڑھتی رہی۔ میرے وظیفے مجھے ملتے رہے اور میرے حصے مجھے پہنچتے رہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اُن کے اس جواب سے مطمئن نہیں ہوئے اور اُن کی وہ رقم اُن سے لے لی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب میں نے صبح کی نماز پڑھی تو امیر المؤمنین کے لئے بھی دعا کی۔ (19)

۲۔ اعلی سرکاری عہدیداران کی اولاد کا احتساب

عہد فاروقی میں احتساب کے حوالہ سے ایک سنہری مثال گورنر کے بیٹے کی بھی ہے۔ جس میں وہ جب حد سے تجاوز کرتا ہے تو عدل فاروقی کی زد میں آجاتا ہے۔ یہ واقعہ عہد فاروقی کا بڑا مشہور ہے جس میں گورنرِ وقت بھی اپنے بیٹے کو بے لاگ احتساب کی زد میں آنے سے بچانے میں بے بس نظر آتا ہے۔
ذیل میں یہ واقعہ بیان کیا جارہا ہے:

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ عہد فاروقی میں حاکم مصر تھے۔ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا اے امیر المؤمنین! میں آپ رضی اللہ عنہ کی پناہ لینے آیا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب نے فرمایا! تم نے ایسے آدمی کی پناہ حاصل کی، جو تمھیں پناہ دے سکتا ہے۔ مصری بولا: مجھے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے بیٹے نے مارا ہے، یہ شکوہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو انکے بیٹے کے ساتھ بلایا۔ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اپنے بیٹے کے ساتھ حاضر ہوئے جب وہ سامنے آیا۔ تو امیر المومنین نے کہا یہ کوڑا لے اور مار۔ حکم ملتے ہی مصری عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے بیٹے پر کوڑا برسانے لگا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مصری نے عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے بیٹے کو کوڑے لگائے اور اللہ کی قسم بہت مارا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوڑا عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو بھی لگاؤ۔ مصری نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! ان کے بیٹے نے مجھے مارا تھا، اس سے قصاص لے لیا۔ تاہم اس واقعہ کے حوالے سے ایک دوسری روایت یہ ہے کہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے صلح کی اجازت چاہی۔ جس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت دے دی۔

"فَأَرْضَوْهُ بِأَنِ اشْتَرَيْتُ مِنْهُ بِمِائَتَيْ دِينَارٍ، كُلَّ سَوط بدينارين" (20)

ترجمہ: پس اس شخص کو فی کوڑا دو دینار کے حساب سے دو سو دینار دے کر اپنا حقِ قصاص فروخت کر دینے پر راضی کر لیا۔

۳۔ سرکاری عہدیداران سے قصاص

حضرت عمر رضی اللہ عنہ احتساب کے حوالہ سے کڑی نظر رکھتے تھے اور اس پہلو سے اپنے گورنر، عمال، محصلین اور دیگر سرکاری عہدیداروں کو وقتاً فوقتاً آگاہ کرتے رہتے تھے۔ جب کوئی آپ رضی اللہ عنہ کے گورنر وں کے خلاف کوئی شکایت پیش کرتا تو آپ رضی اللہ عنہ کسی بھی ہچکچاہٹ کے بغیر اس کا بدلہ دلواتے۔ اس لئے

کہ آپ رضی اللہ عنہ کے سامنے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مثالی نمونہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ اپنی اس پالیسی پر سختی سے عمل فرماتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب نے حج کے موقع پر پورے حدود خلافت کے گورنروں کو ایک عظیم الشان اجتماع میں جمع کیا اور لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ خدا کی قسم ! میں اپنے افسروں کو تمہارے یہاں اس لیے نہیں بھیجتا کہ وہ تمہارے منہ پر تھپڑ ماریں، یا تمھارے مال چھین لیں۔ میں انھیں تمھارے پاس اس لیے بھیجتا ہوں کہ وہ تمھیں تمھارا دین اور تمھارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت سکھائیں۔ جس کسی کے ساتھ دین اور سنت سے ہٹا ہوا سلوک کیا جائے۔ اسے چاہیے کہ اپنا معاملہ میرے سامنے پیش کرے۔ اس ذات کی قسم ! جس کے قبضہ میں میری جان ہے، میں متعلقہ افسر سے اس مظلوم کا بدلہ لے کر رہوں گا۔[21] یہ سن کر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اور بولے: امیر المؤمنین ! کیا آپ رضی اللہ عنہ کا خیال یہ ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی رعایا پر والی مقرر کیا گیا ہو اور وہ ان میں سے کسی کی تادیب کرے، تو آپ اُس سے اس آدمی کی جانب سے قصاص لیں گے۔ جس پر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہاں اس ذات کی قسم ! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، میں اس سے ضرور قصاص لوں گا کیونکہ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے سے قصاص دلواتے دیکھا تھا۔

پھر آپ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی۔

((وَقَدْ رَأَيْت رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقِيدُ مِنْ نَفْسِهِ))[22]

ترجمہ: میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے سے قصاص دلواتے دیکھا ہے۔

۴۔ رئیسِ وقت کا احتساب اور اصول مساوات

جبلہ بن ایہم غسانی شام کا مشہور رئیس، بلکہ بادشاہ تھا اور مسلمان ہو گیا تھا۔ کعبہ کے طواف کے دوران اس کی چادر کا گوشہ ایک شخص کے پاؤں کے نیچے آگیا، جبلہ نے اس کے منہ پر تھپڑ مارا۔ اس نے بھی برابر جواب دیا۔ جبلہ غصے سے بیتاب ہو گیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی شکایت کو سن کر کہا کہ تم نے جو کچھ کیا اس کی سزا پائی۔ اس کو سخت حیرت ہوئی اور اس نے کہا کہ : ہم اس رتبہ کے لوگ ہیں کہ کوئی ہمارے آگے گستاخی سے پیش آئے تو قتل کا مستحق ہوتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جاہلیت میں ایسا ہی تھا لیکن اسلام نے پست و بالا کو ایک کر دیا۔ اس نے کہا کہ اگر اسلام ایسا مذہب

ہے جس میں شریف وذلیل کی کچھ تمیز نہیں، تو میں اسلام سے باز آتا ہوں۔ غرض وہ چھپ کر قسطنطنیہ چلا گیا، لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی خاطر سے قانونِ انصاف کو نہیں بدلا۔[23]

عہد فاروقی میں عدل وانصاف کے معاملہ میں اصول مساوات پر سختی سے عمل کیا جاتا خواہ کوئی امیر ہو یا غریب۔ اصول مساوات میں ان طبقاتی درجوں کی کوئی اہمیت نہیں تھی۔ یہی وجہ ہے عہد فاروقی کو اس اصول مساوات کی فراہمی کی وجہ سے تاریخ اسلام میں ایک ممتاز اور نمایاں حیثیت ہے۔ اس حقیقت کا اعتراف مسلمان تو مسلمان، بلکہ غیر مسلموں نے بھی کیا ہے۔

۵۔ خطوط ورسائل کے ذریعہ احتساب ونگرانی

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ گورنروں کے پاس قاصد بھیجا کرتے تھے اور قاصد کو حکم دیتے تھے کہ جب وہ مدینے واپس آنے لگے تو لوگوں میں اعلان کر دے کہ کیا کوئی شخص امیر المومنین رضی اللہ عنہ کے نام کوئی خط بھیجنا چاہتا ہے؟ اس اعلان کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ قاصد اس خط کو بغیر کسی دخل اندازی کے امیر المؤمنین تک پہنچائے۔ اس خط کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ ایک عام آدمی کا دکھ درد امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ تک پہنچانے کا راستہ کھلا رہے۔ جب قاصد یہ خطوط لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچتا تو آپ رضی اللہ عنہ انہیں زمین میں پھیلا دیتے اور ایک ایک کر کے سارے خطوط دیکھتے اور پڑھتے۔[24]

۶۔ شکایتوں کی تحقیق

والیانِ ریاست کی نگرانی، ان کے محاسبہ اور ان کے خلاف آئی ہوئی شکایات کی تحقیق کے لئے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے محمد بن مسلمہ انصاری رضی اللہ عنہ سے تعاون لیتے تھے۔ گویا عہد فاروقی میں محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ انسپکٹر جنرل کے عہدہ پر فائز تھے۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ گورنروں کی نگرانی اور ان کی جانچ پڑتال اور ان کے خلاف آئی ہوئی شکایتوں کی حقیقت معلوم کرنے کے لئے انہیں بھیجتے تھے، جو افسران تک آپ رضی اللہ عنہ کے پیغامات بھی پہنچایا کرتے۔[25] محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ لوگوں کے روبرو معاملے کی اصلیت معلوم کر کے گورنروں کے متعلق عوام کی رائے براہ راست امیر المومنین تک پہنچاتے تھے۔

۷۔ بیت المال کا صحیح استعمال

ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آپ کے خسر تشریف لائے کہ بیت المال سے ان کی کچھ مدد کر دی جائے۔ جس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ناراض ہو کر فرمایا کہ کیا بیت المال کسی شخص کی ملکیت ہے اور کیا آپ کی یہ خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بد دیانت بادشاہوں کی فہرست میں رکھے کہ آدمی جس طرح چاہے اس میں تصرف کرے اور اعزہ واقرباء کو دے۔آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بیت المال پر تو عام مسلمانوں کا حق ہے۔اس میں سے کسی ایک کے ساتھ کوئی خصوصی رعایت نہیں ہو سکتی، یہ کہنے کے بعد آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے ذاتی مال سے دس ہزار درہم کی امداد کی۔ (26)

خلیفہ وقت کا سب سے اہم کام گڈ گورننس قائم کرنا ہے اور یہ کام بہتر طور پر جب ہی انجام پا سکتا ہے، جب سرکاری عہدیداران اور ذمہ داران کے تقرر میں اہلیت کا پہلو شامل ہو اور پھر ان کا مناسب احتساب اور نگرانی کا انتظام بھی ہو کہ کوئی بھی ذمہ دار اپنے اختیارات کے معاملہ میں حد سے تجاوز نہ کر سکے۔اس حوالہ سے دیکھا جائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عہد نہایت عمدہ وممتاز نظر آتا ہے۔

ج: عہد عثمانی میں سرکاری اہل کاروں کی تقرری، محاسبہ اور نگرانی

اسلامی حکومت میں شوریٰ کی بڑی اہمیت ہے جس کو بہتر انداز میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مکمل اور منظم کیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے بھی اس نظام کو اپنے عہد میں قائم رکھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اگرچہ طبعاً نہایت نرم خو تھے اور ذاتی حیثیت سے تحمل بردباری اور نرمی آپ رضی اللہ عنہ کا شیوہ تھا، لیکن ملکی معاملات میں انہوں نے احتساب اور مؤاخذہ کو اپنا طرز عمل بنایا۔

حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ نے آج سے تیرہ سو سال پہلے عمال وحکام کی ایک مجلس شوریٰ ترتیب دی تھی۔اس مجلس کے ارکان سے عموماً تحریری آراء طلب کی جاتی تھیں۔ کوفہ میں پہلے پہلے جب فتنہ و فساد کی ابتدا ہوئی تو اس کی بیخ کنی کے متعلق تحریر کے ذریعہ آراء طلب کی گئیں تھیں، کبھی کبھی دارالخلافہ میں باقاعدہ جلسے بھی ہوتے تھے چنانچہ ۳۴ھ میں ملکی اصلاحات پر غور کرنے کے لئے جلسہ ہوا تھا۔ اس میں تمام اہل الرائے اور اکثر عمال شریک تھے۔ (27)

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ملکی نظم و نسق اور سرکاری اہل کاروں کی تقرری کا جو دستور العمل مرتب کیا تھا ۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس کو بعینہ باقی و جاری رکھا۔ یہاں تک کہ عہد فاروقی میں جس قدر محکمے قائم ہو چکے تھے، ان کو مضبوطی اور مزید ترقی دی۔ یہ اسی تسلسل اور نظم و نسق کو جاری رکھنے کا نتیجہ تھا کہ ملکی محاصل میں غیر معمولی اضافہ ہو گیا۔ یہی وجہ تھی کہ جو خراج عہد فاروقی میں ۲۰ لاکھ دینار تھا، وہ عہد عثمانی میں بڑھ کر ۴۰ لاکھ دینار تک پہنچ گیا تھا۔(28)

محاسبہ و نگرانی

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ملکی نظم و نسق کا جو دستور العمل مرتب کیا تھا، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے نہ صرف اس کو باقی رکھا۔ بلکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کو مزید مضبوط کیا اور ترقی دی۔ عہد عثمانی میں جب لوگوں کو سرکاری عمال سے شکایات پیدا ہوئیں تو آپ رضی اللہ عنہ نے مختلف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کمیشن کے طور پر مختلف علاقوں کا جائزہ لینے کے لئے بھیجا؛ جیسے حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو کوفہ ، حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو بصرہ، حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو مصر اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو شام کی طرف متعین کیا۔ گویا عوامی شکایات کی حقیقت کو جاننے کے لئے خصوصی کمیشن تشکیل دیا۔ مزید یہ کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ حج کے موقع پر بھی لوگوں کی شکایات سنا کرتے تھے۔

ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ نے آپ رضی اللہ عنہ کا ایک بیان نقل کیا ہے جس میں فرماتے ہیں کہ :

> جب سے مجھے بار خلافت ملا ہے میں نے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو اپنا شعار بنایا ہے۔ جو معاملات ہم تک پہنچائے جاتے ہیں میں ان کا تدارک کرتا ہوں۔ رعایا کے اسی مال میں میرا اور میرے اہل و عیال کا حق ہے جس کے ساتھ کوئی زیادتی ہوئی ہو وہ حج کے موقع پر بیان کر کے مجھ سے اور میرے عمال سے اپنا حق حاصل کرے یا صدقہ کر دے کیونکہ اللہ صدقہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔(29)

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد میں جب ایک دفعہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے بیت المال سے ایک بڑی رقم لی، جس کو ادا نہ کر سکے، تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سختی سے باز پرس کی اور انہیں معزول کر دیا۔ اسی طرح جب حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ کی بادہ نوشی کی طرف توجہ دلائی گئی تو تحقیق کرنے پر فوراً معزول کر دیا اور حد بھی جاری فرمائی۔ اسی طرح جب حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ والئ مصر، مصر کے خراج میں اضافہ نہ کر سکے تو ان کو عہدہ سے علیحدہ کر دیا۔(30)

د: عہد مرتضوی میں سرکاری اہل کاروں کی تقرری، محاسبہ اور نگرانی

ملکی نظم ونسق کے سلسلہ میں سب سے اہم کام سرکاری عہدیداران کا تقرر و نگرانی کا معاملہ ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کا خاص اہتمام فرمایا کرتے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ جب بھی کسی کو عامل، کو سرکاری عہدہ پر مقرر فرماتے یا کسی کو فوجی دستہ کا امیر مقرر کرتے، توانہیں تقرری کے وقت نہایت مفید نصائح کرتے تھے جواُن کی سرکاری تقرری سے متعلق ہوتیں۔

ایک موقعہ پر آپ رضی اللہ عنہ نے ایک فوجی دستہ کی روانگی کے وقت فرمایا کہ میں تم کو اس اللہ کا تقویٰ اختیار کرنے کی تلقین کرتا ہوں، جس سے تمھیں لامحالہ ملنا ہے، جس کے علاوہ تمھاری منزل کوئی اور نہیں ہو سکتی، جو دنیا و آخرت کا مالک ہے۔ دیکھو جس مہم پر تم روانہ کئے جارہے ہو اس کا پورا اہتمام کرنا، اور ایسے کام کرنا جو تمھیں اللہ عزوجل سے قریب کریں، کیونکہ دنیا کی وہی چیز کام آئے گی جو اللہ کے پاس پہنچ گئی۔ (31)

تقرر کرنے کے بعد آپ رضی اللہ عنہ اپنے عمال کی کارکردگی اور دیگر اہم معاملات پر خصوصی نگاہ بھی رکھتے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ وقتاً فوقتاً عمال وحکام کے طرز عمل کی تحقیقات کرتے تھے، چنانچہ ایک مرتبہ جب حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو اس خدمت پر مامور کیا تو یہ ہدایت فرمائی:

((وَاخْرُجْ فِي طَائِفَةٍ مِنْ أَصْحَابِكَ حَتَّى تَمُرَّ بِأَرْضِ السَّوَادِ كَوْرَةً كَوْرَةً فَتَسْأَلَهُمْ عَنْ عُمَّالِهِمْ، وَتَنْظُرَ فِي سِيرَتِهِمْ)) (32)

ترجمہ: تم اپنے ساتھیوں کا ایک گروہ لے کر روانہ ہو جاؤ اور عراق کے ہر ضلع میں عمال کے بارے میں تحقیقات کرو اور ان کی روش پر غائر نظر ڈالو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ انتظام مملکت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نقش قدم پر چلنا چاہتے تھے اور اس زمانہ کے انتظامات میں کسی قسم کا تغیر کرنا پسند نہیں فرماتے تھے۔ عہد مرتضوی میں جہاں عمال و عہدیداران کے تقرر میں احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا جاتا تھا وہیں ان کی کارکردگی پر نظر رکھی جاتی تھی۔ تاکہ ان کے مستقبل کے بارے میں مزید ذمہ داری دیتے وقت صحیح و مناسب فیصلہ کیا جاسکے۔

ایک دفعہ نجران کے یہودیوں نے (جن کو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حجاز سے جلاوطن کر کے نجران میں آباد فرمایا تھا) نہایت عاجزی سے کہا کہ ان کو پھر اپنے قدیم وطن میں واپس آنے کی اجازت دی جائے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے صاف انکار کر دیا اور فرمایا:

((وَيْحَكَ إِنَّ عُمَرَ كَانَ رَشِيدَ الأَمْرِ))[33]

ترجمہ: تیرا برا ہو، عمر کے فیصلے بہت موزوں ہوتے تھے۔

محاسبہ و نگرانی

عہد مرتضوی میں عمال و سرکاری عہدیداران کی نگرانی اور محاسبہ کس طرح سے کیا جاتا تھا، اس حوالے سے درج ذیل واقعات ملاحظہ ہوں:

ا۔ عہدیداران کا اعلیٰ و عمدہ کھانوں پر احتساب

عہد مرتضوی میں جب سرکاری عہدیداران کی طرف سے اعلیٰ و عمدہ کھانے جب اُن کے دستر خوان پر نظر آنے لگے، تو اس پر بھی اُن کا سخت احتساب کیا گیا۔ جیسے: منذر بن جارود، والئ اصطخر کے متعلق معلوم ہوا کہ وہ عیش کی زندگی گزارتا ہے، تو آپ رضی اللہ عنہ نے اسے لکھا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتے ہو، روغنیات کا استعمال زیادہ کرتے ہو، تمھارے دستر خوان پر طرح طرح کی نعمتیں ہوتی ہیں، منبر پر بیٹھ کر تم صدیقین کا وعظ کرتے ہو اور تنہائی میں تمھارا عمل یہ ہے کہ تم مشکوک چیزوں کو بھی جائز قرار دے لیتے ہو۔ اگر یہ شکایتیں صحیح ہیں، تو تم نے اپنے نفس کو نقصان پہنچایا، اور مجھے مجبور کیا کہ میں تمھارے خلاف تادیبی کارروائی کروں، تم بیواؤں اور یتیموں سے حاصل کئے ہوئے مال سے عیش و نعم میں ڈوب کر اللہ سے صالحین کے اجر کی توقع کس طرح رکھتے ہو، اپنے نفس کی اصلاح کرو اور اللہ کے حقوق ادا کرو۔[34] کسی سرکاری عہدیدار کو یہ بھی زیب نہیں دیتا کہ وہ بیت المال سے اپنے کھانے پر بے جا خرچہ کرے۔ عہد خلفائے راشدین میں اس طرح کے اقدامات جو کہ معمولی نوعیت جیسے کھانے کی مد میں خرچ وغیرہ کے کہلاتے تھے، اُن پر بھی احتساب کر لیا جاتا تھا۔ جب کہ آج اس طرح کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

خلاصہ بحث

عہد خلفائے راشدین میں سرکاری عہدیداران (عمال، محصل، گورنرز وغیرہ) کے تقرری کے طریقہ کار اور ان ذمہ داران کے نگرانی و محاسبہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کی زندگی کا مقصد اسلام کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچانا اور انسانیت کی خدمت کرنا تھا۔ وہ اپنے آپ کو تمام معاملات میں اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہ سمجھتے تھے اور اللہ سے ہر وقت ڈرتے رہتے تھے۔ یہی وہ بنیادی وجہ تھی جس کی وجہ سے وہ سرکاری مناصب پر اہل، قابل، تجربہ کار، ماہر اور دیانت دار لوگوں کو فائز کرتے تھے اور پھر اُن کی مسلسل نگرانی و محاسبہ کرتے رہنے کو خلیفہ کا اہم فرض بھی سمجھتے تھے، تاکہ انسانیت کے لئے بہترین حکومت کی مثال قائم کر سکیں اور انسانیت کو خلافت علی منہاج النبوۃ کے فیوض و برکات سے مستفید کر سکیں۔

درج بالا بحث سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ عہد خلفائے راشدین میں سرکاری مناصب پر تقرری اور تعیناتی کے لیے معیار بڑا ہی سخت تھا۔ مثلاً عامل و محصلین وغیرہ کا قوی ہونا، امانت دار ہونا، تجربہ کار ہونا، صاحب بصیرت ہونا، اُن ہی علاقوں میں تعینات کرنا جن میں کام کرنے کا انہیں تجربہ ہو، ایسے افراد کو خصوصی طور پر اہمیت دینا جو کہ عہد نبوی میں بھی سرکاری ذمہ داری ادا کر چکے ہوں۔ اسی طرح جن چیزوں سے لوگوں کو اجتناب برتنے کی تلقین کرتے تھے۔ اُن میں سرکاری مناصب کی طلب بھی شامل تھی۔ اسی طرح عہد خلفائے راشدین میں سرکاری اہل کاروں کو تجارت سے اجتناب برتنے کی ہدایت کی جاتی تھی۔ مزید یہ کہ سرکاری عہدہ پر تقرری کے وقت اُن کی جائیداد و اثاثہ جات کی فہرست تیار کر لی جاتی تھی اور اگر بعد میں اُن کی جائیداد وغیرہ میں غیر معمولی اضافہ ہو جاتا، تو ان کو طلب کر کے پوچھا جاتا تھا کہ یہ اضافہ کیسے ہوا ہے؟ اگر وہ مطمئن نہ کر پاتے، تو اُن کی جائیداد کا کچھ حصہ ضبط کر لیا جاتا۔ بے لاگ احتساب کی زد میں آنے والوں میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دونوں بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبیداللہ رضی اللہ عنہ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ وغیرہ جیسے جلیل القدر اصحابِ رسول رضی اللہ عنہم شامل تھے حالانکہ ان اصحاب رسول رضی اللہ عنہم سے کوئی چھوٹی سی مالی بدعنوانی یا پھر کوئی بڑی بے ضابطگی ثابت نہیں ہوئی تھی، بلکہ ان کا قصور صرف اتنا تھا کہ انہوں نے اپنی آمدنی سے کچھ بچت کر لی تھی اور کسی نے کچھ تجارت کر کے کچھ بچا لیا تھا۔ لیکن اس کو بھی اُن کے مقام و مرتبہ کے لیے مناسب و موزوں نہیں سمجھا گیا اور اُن کا سخت

احتساب کیا گیا، نیز ان عظیم اصحاب رسول نے خلفائے راشدین کے فیصلوں پر تنقید نہیں کی اور نہ کوئی احتجاج کیا ،بلکہ خلفاء کو دعا ہی دیا کرتے تھے۔

اس عہد میں مالی بدعنوانی کے سدباب کے لیے خلفائے راشدین نے جو اقدامات کیے، اُن میں خاص طور پر سرکاری عمال و محصلین اور دیگر ذمہ داران کے حوالہ سے کیا جانے والا ایک اہم اقدم سرکاری عہدیداران کی معقول اور اچھی تنخواہیں اور دیگر مراعات کا تعین تھا، تاکہ اُن کی ضروریاتِ زندگی کی تکمیل احسن طریقے سے ہو سکے۔ اصحابِ رسول رضی اللہ عنہم اپنے زہد و تقوی کی بناء پر تنخواہیں وصول کرنے سے کتراتے تھے۔ تنخواہوں کا آغاز تو کسی حد تک عہد نبوی سے ہی ہو گیا تھا کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی ذمہ داریاں ادا کرنے پر تنخواہیں دیں تھیں۔ لیکن اس کا باقاعدہ اور منظم انتظام عہد خلفائے راشدین میں ہی ہوا۔ الغرض یہ کہ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم بیت المال کے استعمال میں انتہائی احتیاط سے کام لیتے تھے۔

مذکورہ بالا بحث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عہد خلفائے راشدین میں جب کسی شخص کا سرکاری مناصب پر تقرر کیا جاتا، تو اُس کے تقرر کے حوالہ سے جید اصحاب رسول رضی اللہ عنہم سے مشورہ کیا جاتا تھا، اور مشورہ میں جس شخص کا نام منظور ہوتا، تو اُس کا تقرر کیا جاتا تھا اور یہ کہ تقرر کے وقت سرکاری عہدیدار کو اُس کی ذمہ داری کے حوالہ سے سمجھایا جاتا تھا، اور اُس کو تقوی اختیار کرنے کے حوالہ سے خلوص سے نصیحت کی جاتی ہے اور لوگوں کے معاملات میں انصاف اور خدا سے ڈرنے کی تلقین کی جاتی تھیں۔ یہ تمام نصیحتیں دیگر اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کی جاتی تھیں، تاکہ وہ لوگ بھی گواہ ہو جائیں اور سب کو ان کی ذمہ داریوں کا معلوم بھی ہو جائے، تاکہ اگر وہ اپنی ذمہ داریوں سے انحراف کرنے لگیں، تو اُن کی شکایات خلیفہ وقت تک پہنچا دی جائے۔
سرکاری عمال کو لوگوں سے تحفہ و تحائف لینے سے بھی منع کیا جاتا تھا۔ اگرچہ تحائف کا تبادلہ آپس میں محبت و الفت کا باعث بنتا ہے، مگر سرکاری ملازم کو اس سے منع کیا جاتا تھا تاکہ کوئی اس تحفے کے ذریعے اُس عہدیدار سے ناجائز کام نہ کروا سکے۔

حواشی وحوالہ جات

1) ابو داؤد، سنن ابی داؤد، دار السلام للنشر والتوزیع، الطبعۃ الثانیہ، صفر ۱۴۳۰ھ، کتاب السنة،باب فی لزوم السنة حدیث نمبر: ۴۶۰۷

2) الطبری، محمد بن جریر، تاریخ الامم والملوک، دار التراث، بیروت ۱۳۸۷ھ، سنة ثلاث عشرة،ذكر أسماء قضاته وكتابه وعماله على الصدقات،ص:۳/۴۲۷

3) ایضاً،سنة ثلاث عشرة،ذكر الخبر عما كان فيها من الاحداث،ص:۳/۳۹۰

4) ابو عبید،القاسم بن سلام،كتاب الأموال،باب حق الامام على الرعية ،ص:۵

5) الھندی،علاء الدین علی بن حسام،كنز العمال فی سنن الأقوال والأفعال،موسسة الرسالة،الطبعۃ الخامسۃ: ۱۴۰۱ھ، كتاب الخلافة مع الامارة وتوابعها،ص:۵/۷۵۲

6) ابو یوسف، کتاب الخراج،دار ابی سلامۃ للطباعۃ والنشر والتوزیع،باب فی الزيادة والنقصان ص:۱۱۷

7) أیضاً،ص:۱۱۶

8) أیضاً،ص:۱۱۹

9) أیضاً

10) البلاذری،احمد بن یحییٰ،فتوح البلدان،دار ومکتبۃ الھلال،بیروت،۱۹۸۸ء،ص:۲۱۶

11) البلاذری،جمل من انساب الاشراف،بیروت،دار الفکر،۱۴۱۷ھ،كتاب ابوحفص عمر بن الخطاب بن نفيل باب خطبة لعمر عقب توليته،ص:۱۰/۳۶۳

12) شبلی نعمانی،الفاروق،ادارہ اسلامیات لاہور ص:۲/۲۹۴

13) أیضاً

14) ایضاً

15) ابوداؤد، سنن ابی داؤد،كتاب الخراج والفيئ والامارة، باب ماجاء فى طلب الامارة،حدیث نمبر: ۲۹۳۰

16) كتاب الخراج،ص:۱۱۷

17) فتوح البلدان،ص:۲۱۶

18) أیضاً

19) فتوح البلدان،ص:۲۱۷

20) كتاب الخراج، باب فى الزيادة والنقصان والضياع فى الزكاة، فصل: فى تقبيل السواد ،ص:۱۱۹

21) أيضاً

22) أيضاً

23) شبلی نعمانی، الفاروق، باب سیاست وتدبیر، عدل وانصاف، ص: ۲۷۲

24) وزارتِ مذہبی امور اسلام آباد، مقالات سیرت (مرد) سرکاری مناصب وذرائع کا ذمہ دارانہ استعمال، تعلیمات نبوی کی روشنی میں، ۲۰۱۴، ص: ۵۰۵

25) كتاب الخراج، باب فى الزيادة والنقصان والضياع فى الزكاة، فصل فى تقبيل السواد ،ص:۱۱۹

26) السیوطی، جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابو بکر، تاریخ الخلفاء، باب الخلفاء الراشدون، ،ص:۱۰۴

27) ندوی، معین الدین احمد شاہ، تاریخ اسلام، اسلامی اکیڈمی، اردو بازار لاہور، مارچ ۱۹۹۶ء ص: ۲۳۶/۲

28) فتوح البلدان، فتوح مصر والمغرب، ص: ۲۱۳

29) ابن اثیر، ابو الحسن علی بن أبی الکرم، الشیبانی، الکامل فی التاریخ، دار الکتاب العربی بیروت، ص: ۵۲۶/۲

30) تاریخ اسلام،، ص: ۲۳۹

31) کتاب الخراج، ص: ۱۷

32) أيضاً، باب: فى الزيادة والنقصان والضياع فى الزكاة، فصل فى تقبيل السواد ،ص:۱۲۲

33) ایضاً، باب فى قسمة الغنائم اذا أصيبت من العدو ، ص:۷۷

34) الیعقوبی، احمد بن یعقوب، تاریخ یعقوبی، بیروت، دارِ صادر، ص: ۲۳۸/۲

****

غربت کے خاتمے میں قرض حسنہ کا کردار

Interest Free Loan: its Role in Poverty Reduction

ڈاکٹر محمد ایاز*

ڈاکٹر حافظ راؤ فرحان علی**

ABSTRACT

Poverty is a global issue, particularly, related to the developing countries. The whole world is taking measures to eradicate it. People have different types of talent to earn money. Some are skilled, some have good entrepreneurship ideas and some others are good at manual work. We find that a great number of such skilled people are suffering from lack of resources in Pakistan and therefore not properly able to exert their skills to their utmost.

Pakistan, being a developing country, is suffering from the issue of poverty. Many efforts were made for the alleviation of poverty during various regimes. Pakistan People's Party introduced the Benazir Income Support Program. The same program has been maintained by the present Muslim League (Nawaz) government, due to its so-called utility. However, the fact is that its utility is not promising, as the meager amount given to the needy ones consumes in the daily expenditures and produces no lasting good.

Contrary to this thesis of alms-giving, an anti-thesis is provided by the tradition of the Holy Prophet, Muhammad (S.A.W), which emphasizes the provision of interest-free loan. The loan without interest, can enable a person to run his or her business, according to his or her capacity and the person can become independent.

The present paper explores the prospects that how interest-free loan is more effective in removing poverty than alms-giving on a regular basis by the government.

Keywords: *Poverty; Global Issue; Developing countries; Loans*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات زرعی یونیورسٹی پشاور

** لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد

امیر و غریب کے مابین بڑھتی ہوئی خلیج، غریب کے لئے دو وقت کا نان و نفقہ، تن ڈھاپنے کو ضروری لباس اور سر چھپانے کے لئے چھت، وہ عالمی مسائل ہیں، جو چودھویں صدی کی چکا چوند ترقی کے باوجود مہذب انسانیت کا منہ چڑا رہے ہیں۔ تعلیم و صحت کی سہولیات اور دور حاضر کی ضرورتوں سے ہم آہنگ انفراسٹرکچر ابھی ثانوی ترجیحات ہیں۔ پہلے ذی روح کو اس چیز کی ضرورت ہے جس سے اس کی سانسوں کا سلسلہ جاری و ساری رہ سکے، روح کو روح پرور بنانا بعد کی بات ہے۔ یہ کرۂ انسانی جس میں سات ارب لوگ آباد ہیں، سن ۲۰۱۲ء کے اعداد و شمار کے مطابق اس میں نو سو ملین اور ۲۰۱۵ء میں تقریباً سات سو ملین افراد ایسے ہیں جن کی یومیہ آمدنی دو ڈالر بھی نہیں جس سے وہ اپنی زندگی کا پہیہ رواں رکھ سکیں (1)

یہ الگ بات ہے کہ وہ دن بھر ذروں کی خاک چھانتے، استخوان آدم پر بارِ کوہ اٹھاتے اور راتوں کو دن بنانے میں عموماً مصروف نظر آتے ہیں۔ ورلڈ بینک کی تعریف کے مطابق یہ تمام لوگ غربت کے زمرے میں آتے ہیں۔ انسانیت کو اقدارِ انسانیت سے روشناس کرانے کا عزم رکھنے والی اقوام متحدہ کی تعریفِ غربت کچھ اور ہے۔ اس کی رو سے نہ صرف یہ کی بنیادی ضروریات کی فراہمی بلکہ اس میں پسند و ناپسند کا پہلو بھی شامل ہے۔ تعلیم و صحت کی سہولیات کا ہونا بھی ضروری ہے نیز عزت نفس کا تحفظ بھی اس تعریف کا اہم عنصر ہے۔ اگر ان شرائط میں سے کوئی ایک بھی پوری نہیں ہوتی ہے تو یہ شخص غریب ہے۔(2)

مسلمان ممالک میں یہ صورتحال اور بھی ابتر بلکہ خوفناک ہے۔ یہ مسلمان دنیا جو کہ اٹھاون ممالک اور ایک اعشاریہ دو ارب نفوس پر مشتمل ہے، جسے دنیا کے بے پناہ قدرتی وسائل، وائٹ اور بلیک گولڈ معدنیات پر فخر ہے، دنیا کے نصف ارب غریبوں کا بوجھ اپنی گود میں لئے ہوئے ہے۔ عالمِ غربت کے ممالک کی جب فہرست بنائی جائے تو اخیر کی سطح کے دس ممالک، مسلمان ہیں۔ رقبے کے لحاظ سے وسیع تر انڈونیشیا میں ایک سو انیتس ملین افراد یعنی کہ بارہ کروڑ نوے لاکھ مسلمانوں کی زندگی غربت کی لکیر سے نیچے ہیں۔(3) ان میں سے بہت سوں کی لختِ جگر اور بناتِ حوا، امیر ممالک میں بطور خدامہ یعنی جھاڑو پوچا لگانے، برتنوں کو مانجھنے، معذوروں کے روٹی کپڑے سے لیکر ان کا پیشاب تک اٹھانے کی "سروسز" کے بدلے میں اپنی نسوں کو بحال رکھتی ہیں خواہ اس کے لئے عزت نفس کی قربانی ہی کیوں نہ دینا پڑے۔ دنیائے اسلام کے آبادی کے لحاظ سے دو بڑے ممالک، بنگلہ دیش اور پاکستان میں ایک سو بائیس ملین افراد یعنی بارہ کروڑ بیس لاکھ افراد کا مقدر غربت ہے۔(4) جن میں سے کچھ اپنی بقاء کی جنگ لڑتے لڑتے غیر قانونی سمندروں کی بے رحم موجوں کا

رزق بن جاتے ہیں یا پھر گردوں جیسے اپنے اہم قیمتی اعضاء کو فروخت کرکے "اشیائے ضروریہ" خرید لیتے ہیں ۔دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کے دعویدار انڈیا کی سب سے بڑی اقلیت، یعنی مسلمان، دس کروڑ کی تعداد میں غریب ہیں۔[5] اسلامی ترقیاتی بینک جدہ کے اعداد وشمار اسلامی دنیا کے لئے لمحہ فکریہ ہیں جس کے چھپن ممالک میں صرف پانچ انڈونیشیا، بنگلہ دیش، پاکستان، نائجیریا اور مصر میں دنیا کے غریبوں کا تقریباً نصف ارب (پانچ سواٹھائیس ملین) پایا جاتا ہے۔ جن کی یومیہ آمدن دو ڈالر بھی نہیں۔[6] وطن عزیز میں غربت کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے کہ فی کس قومی پیداوار کی بنیاد پر غریب ممالک کی درجہ بندی میں پاکستان سنتالیسویں نمبر پر ہے۔ پاکستان میں تعلیم سے محروم افراد کی تعداد چھتیس فیصد جبکہ صحت کی سہولتوں سے محروم افراد کی تعداد بتیس فیصد ہے۔ مجموعی طور پر غربت کا گراف پنتالیس اعشاریہ چھ فیصد ہے۔ براہ راست آمدنی کے اعتبار سے ملک کی بائیس فیصد آبادی یومیہ ایک ڈالر جبکہ نصف سے زائد آبادی روزانہ دو ڈالر سے بھی کم پر گزر بسر کر رہی ہے۔[7]

ان حالات میں اس بات کی ضرورت اشد محسوس ہوتی ہے کہ مسلمان غربت کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے وہ سب کچھ کر گزریں، جس کا تقاضا حالات کرتے ہوں۔ نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ غربت اور کسمپرسی کو ہی عینِ دین سمجھ لیا گیا ہے، حالانکہ دینِ فطرت، دینِ اسلام کی تعلیمات اس کے برعکس ہیں۔

قرض حسنہ امید نو

یہ بات تو ہر کس و ناکس کو معلوم ہے کہ غربت دور حاضر کا عالمی مسئلہ ہے، لیکن اس مسئلے کا حل کیونکر کیا جائے، توجہ طلب قضیہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح اس دنیا کے رنگ و بو مختلف ہیں، وہیں انسان بھی اس سے مبرا نہیں۔ کسی کے پاس ہنر ہے، تو کسی کے پاس وہ فکری صلاحیت، جس کا ایک فیصلہ تجارت و کاروبار کی کایا پلٹ دے۔ جبکہ کچھ ایسے ہیں، جن کے پاس نہ تو ہنر، نہ فکر۔ البتہ جسمانی قویٰ اس قدر مضبوط کہ پہاڑوں کی ریزگی ان کی محنت سے عبارت، لیکن مالی وسائل کا نہ ہونا وہ موڑ ہے، جس پر یہ تینوں ہاتھ جوڑے نظر آتے ہیں۔ ایسے میں ان تمام کی صلاحیتیں اسی طرح بے کار ہو جاتی ہیں، جس طرح انتہائی زرخیز زمین عدم کاشت کی وجہ سے بنجر ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ایسے تمام افراد کو مالی وسائل کی فراہمی اشد ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ماہرینِ معیشت اس امر پر متفق ہیں کہ مائیکرو فائنانسنگ وہ ہتھیار ہے، جس سے سسکتی ہوئی انسانیت

کو سہارا دیا جا سکتا ہے۔مائیکرو فائنانسنگ سے مراد چھوٹے پیمانے پر لوگوں کو تجارت و کاروبار کے لئے اس طرح سے مدد فراہم کرنا ہے کہ وہ گزرانِ زندگی کے قابل ہو سکیں۔افسوس بلکہ صد افسوس کہ سرمایہ دارانہ نظام معیشت میں فائنانسنگ کا سب سے معروف طریقہ سودی قرضہ جات ہیں، جس کی حرمت قرآن و سنت متفق ہیں۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَأَحَلَّ اللَّهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا﴾(8)

ترجمہ: اللہ تعالی نے خرید و فرخت کو حلال اور سود کو حرام قرار دیا ہے۔

اور یہ حرمت نقلی کے ساتھ کس قدر عقلی ہے کہ مغموم انسانیت کے دکھ کا مداوا بھاری بھر کم شرح سود کے ساتھ ہر گز نہیں کیا جا سکتا، اس لئے کہ انسانیت کی خدمت کا تصور اور مروّجہ کاروبار۔دونوں میں بُعدِ بعید ہے۔کیا دین اسلام کے پاس سود سے ہٹ کر کوئی ایسا تصور ہے جس کے ذریعے اس معاشرتی روگ کو ختم کیا جا سکے؟ جی ہاں بیسیوں طریقے ایسے ہیں، جن پر عمل پیرا ہوتے ہوئے غربت کے ناسور کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ تاریخ اسلامی میں میں کم از کم ابتدائی بارہ سو سال کا زمانہ بلاسود معیشت کا ہی تو ہے۔(9) جس میں مسلم معاشرے غیر سودی معیشت سے اپنی ضروریات پوری کرتے آئے ہیں۔ لیکن اس مقالے میں زیر بحث صرف ایک طریقہ ہے اور وہ ہے قرض حسنہ۔لہٰذا اس پورے مقالے میں تمام تر گفتگو قرض حسنہ کے غربت میں خاتمے کے کردار پر محیط ہے۔جس میں درج ذیل مباحث کا احاطہ کیا گیا ہے:

مبحث اول: قرض حسنہ کی تعریف وفضیلت

مبحث دوم: قرض حسنہ کے ممکنہ ذرائع

مبحث سوم: قرض حسنہ کی حقیقی کارکردگی

قرض حسنہ کی تعریف:

"قرض" عربی زبان کا لفظ ہے، جس کے معنی "قطع کرنے" کے آتے ہیں۔قرض کی وجہ تسمیہ بھی یہی ہے کہ اس میں قرض دینے والا شخص اپنے مال کو ذاتی منافع سے قطع کر کے حاجتمند کو دیتا ہے۔"حسنہ" بھی عربی زبان کا لفظ ہے، جس کے معنی اچھائی، بھلائی اور عمدگی کے آتے ہیں۔(10) اب قرض حسنہ سے مراد کسی شخص کو بلاسود اس طرح سے قرض دینا ہے کہ وہ اپنی ضروریات پورا کرنے کے بعد سرمائے کو واپس کر دے۔(11) ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی(12) قرض حسنہ کی تعریف کچھ یوں کرتے ہیں:

"Lending with no obligation for the borrower more than returning the principal"[13]

ترجمہ: کسی کو اس طرح ادھار دینا کہ اس سے اصل رقم کے علاوہ کسی اضافے کا مطالبہ نہ کیا جائے۔

قرض حسنہ کی فضیلت:

احادیث میں قرض حسنہ کی بڑی فضیلت آئی ہے، جن میں سے چند ایک کا تذکرہ حسب ذیل ہے۔ حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((رَأَيْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ مَكْتُوبًا: الصَّدَقَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَالْقَرْضُ بِثَمَانِيَةَ عَشَرَ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ! مَا بَالُ الْقَرْضِ أَفْضَلُ مِنَ الصَّدَقَةِ؟ قَالَ: لِأَنَّ السَّائِلَ يَسْأَلُ وَعِنْدَهُ، وَالْمُسْتَقْرِضُ لَا يَسْتَقْرِضُ إِلَّا مِنْ حَاجَةٍ))[14]

ترجمہ: معراج کے موقع پر میں نے جنت کے دروازے پر لکھا ہوا دیکھا کہ صدقے کا ثواب دس گنا اضافے کے ساتھ دیا جاتا ہے، جبکہ قرض کا اٹھارہ گنا دیا جاتا ہے، تو میں نے جبرائیل سے پوچھا کیا وجہ ہے کہ قرض کا ثواب صدقہ سے بھی زیادہ ٹھہرایا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ سائل کبھی اس حال میں مانگتا ہے کہ اس کے ساتھ کچھ ہوتا ہے، جبکہ قرض تو انتہائی ضرورت کے تحت لیا جاتا ہے۔

حدیث کا مطلب یہ ہے قرض لینے والا انتہائی ضرورت کی حالت میں قرض لیتا ہے، اور اس فکر کے ساتھ مانگتا ہے کہ کل اسے لوٹانا بھی ہوگا جبکہ سائل عموماً اس سے بے نیاز رہتا ہے۔ حضرت براء بن عازب ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ مَنَحَ مِنْحَةَ وَرِقٍ، أَوْ مَنَحَ وَرِقًا، أَوْ هَدَى زُقَاقًا، أَوْ سَقَى لَبَنًا، كَانَ لَهُ عَدْلَ رَقَبَةٍ، أَوْ نَسَمَةٍ)) [15]

ترجمہ: جو شخص کسی کو چاندی سونا دے یا کسی کو دودھ پلادے دینے یا کسی کو مشکیزہ دے تو اس کے لئے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ہے۔

ایک دوسری روایت میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((كُلُّ قَرْضٍ صَدَقَةٌ))[16]

ترجمہ: ہر قرض دینے پر صدقہ کا ثواب ہے۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُقْرِضُ مُسْلِمًا قَرْضًا مَرَّتَيْنِ إِلَّا كَانَ كَصَدَقَتِهَا مَرَّةً)) (17)

ترجمہ: جب کوئی مسلمان کسی دوسرے مسلمان کو دو دفعہ قرضہ دے تو یہ اس طرح ہے کہ اس نے اتنا مال ایک دفعہ صدقہ کیا۔

مبحث دوم: قرض حسنہ کے ممکنہ ذرائع

قرض حسنہ کا بنیادی مقصد معاشرے کے بے آسرا افراد کو خود کفیل بنانا ہے، جس سے وہ اپنی زندگی کا سفر بغیر کسی کی محتاجی کے جاری و ساری رکھ سکیں۔ انسانیت کی اس بے مثل خدمت کے اندرونی و خارجی، دو طرح کے ذرائع ہیں۔ اب بجائے اس کے کہ کسی دوسرے کے سامنے دست دراز کیا جائے، کیوں نہ اپنی ہی جمع پونجی کو کام میں لا کر سامان زیست کا ذریعہ بنالیا جائے۔

محسن انسانیت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس تصور کا نہ صرف درس دیا بلکہ عملی نمونہ بھی دکھایا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار کے ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ مانگا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا تمھارے گھر میں کچھ سامان ہے؟ اس نے کہا ایک کمبل ہے جس کا ایک حصہ ہم بچھاتے ہیں اور ایک حصہ اوڑھ لیتے ہیں اور ایک پیالہ ہے جس میں ہم پیتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو یہ تمام چیزیں لانے کا حکم دیا، جس پر اس نے وہ چیزیں پیش کردیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی نیلامی کرتے ہوئے فرمایا: اسے کون کتنے پر خریدے گا؟ ایک شخص نے کہا کہ میں ایک درہم پر خریدتا ہوں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کون ہے جو ایک درہم سے زیادہ دے؟ اس پر ایک آواز آئی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں انہیں دو دراہم پر خریدتا ہوں۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ اشیاء دو دراہم پر فروخت کر ڈالیں اور یہ چھوٹی سی رقم اس انصاری رضی اللہ عنہ کو دے کر فرمایا: ایک درہم سے خوراک خرید کر اپنے گھر والوں کو کھلاؤ اور دوسرے سے کلہاڑا خرید کر میرے پاس لاؤ۔ وہ کلہاڑا لے کر خدمت اقدس میں حاضر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اس میں دستہ ڈال کر فرمایا: جاؤ لکڑی کاٹ کر بازار میں بیچا کرو، پندرہ دن تک میں تمھیں نہ دیکھ پاؤں۔ اس نے ایسا ہی کیا۔ پندرہ دن کے بعد جب وہ واپس آیا تو اس کے پاس پندرہ درہم جمع تھے۔ کچھ کے اس نے کپڑے خریدے اور کچھ سے کھانے کا سامان خریدا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ تمہارے لئے کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے بہت بہتر ہے۔ (18)

مؤاخات مدینہ بھی ایک طرح کا خود کفالتی پروگرام تھا جس میں اجڑے بچھڑے اور تہی دست افراد کو جائیدادوں کی قربانی دے کر مستحکم کیا گیا اور یوں چند دنوں میں دیکھتے ہی دیکھتے مہاجرین کے قدم جمتے چلتے گئے اور وہ مہاجر، جن کو انصار نے سہارا دیا تھا، دوسروں کو سہارا دینے والے بن گئے۔[19]

قرض حسنہ کی فراہمی میں ریاست کا کردار:

خود کفالتی پروگرام میں سب سے اولیں ذمہ داری ریاست کی ہے کہ وہ اپنے شہریوں کے دست و بازو کو مضبوط کرے۔ فلاحی ریاستیں اپنے شہریوں کی معاشی استعداد کو مستحکم بنانے کے لئے مختلف مالیاتی منصوبے ترتیب بھی دیتی ہیں۔ وطن عزیز میں وقتاً فوقتاً ایسی کوششیں حکومت کی جانب سے بھی نظر آئی ہیں مثال کے طور پر صدر ضیاء الحق نے نظام زکوٰۃ رائج کر کے محتاج لوگوں کی دادرسی کی کوشش کی۔ گذشتہ پیپلز پارٹی کی حکومت نے ۲۰۰۸ء میں غریبوں کے لئے بے نظیر انکم سپورٹ کے نام سے پروگرام کا آغاز کیا جس میں مستحق گھرانوں کو ماہانہ ایک ہزار کی امداد دی گئی۔ موجودہ حکومت نے اس پروگرام کو جاری رکھا۔ یکم جولائی ۲۰۱۳ء کو یہ رقم ۱۲۰۰ سو تک بڑھا دی گئی، اور پھر یکم جولائی ۲۰۱۴ء کو یہ رقم ۱۵۰۰ روپے ماہوار کر دی گئی۔ ۲۰۰۸ - ۲۰۰۹ میں اس رقم سے ایک اعشاریہ سات ملین یعنی سترہ لاکھ افراد مستفید ہوئے۔ جبکہ اکتیس دسمبر ۲۰۱۴، میں یہ تعداد سنتالیس لاکھ تک جا پہنچی۔[20] نقائص کے باوجود یہ پروگرام غربت کے خاتمے یا کمی کے لئے ایک اچھا قدم تھے۔ موجودہ حکومت نے مائیکرو فائنانسنگ کے ذریعے بھی غربت میں کمی لانے کے لئے پروگرام شروع کئے۔ مثال کے طور پر ایک اسکیم یوتھ بزنس لون کے نام سے شروع کی گئی، جس میں اکیس سے پنتالیس سال کے افراد کو بیس لاکھ تک کے قرض کی سہولت میسر تھی۔ حکومتی اعداد و شمار کے مطابق ۱۴۵.۵ ارب کی رقم نیشنل بینک کے ذریعے جبکہ ۴۳.۱۱۸ ملین ایف۔ ڈبلیو۔ بی۔ ایل کے ذریعے قرض خواہوں میں تقسیم کی گئی۔ اس اسکیم کا مثبت پہلو یہ تھا کہ اس میں پچاس فیصد کوٹہ خواتین کے لئے رکھا گیا لیکن سب سے منفی پہلو یہ تھا کہ یہ قرض کی اسکیم سود پر مبنی تھی اور شرح سود پہلے آٹھ فیصد تھی جسے بعد میں چھ فیصد کر دیا گیا۔[21] سود کی شرح کم ہو زیادہ، بہر صورت قابل ترک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مذہبی وابستگی رکھنے والے حلقوں نے اسے دلچسپی کی نظر سے نہیں دیکھا اور یوں جو ایک اچھی کوشش تھی، بنیادی غلطی کی وجہ سے مطلوبہ نتائج حاصل نہ کر سکی۔ البتہ ایک دوسری اسکیم غیر سودی قرض کے نام سے شروع کی گئی، جس میں ۲۵ ہزار روپے تک کے قرض کی سہولت میسر تھی۔ حکومت نے اس اسکیم کے لئے ۳.۵ ارب روپے مختص کئے اور

واپسی کا دورانیہ تین سال رکھا۔ یہ رقم غیر سودی بنیادوں پر جاری کی گئی۔اس اسکیم میں ۶۸،۷۲۹افراد کو ۲۲۳ شاخوں کے ذریعے ۳۶ اضلاع میں ۱۴۱۱ ملین روپے بطور قرض تقسیم کئے گئے۔[22] یہ اسکیم کب اور کیا نتائج حاصل کرے گی؟ یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا۔ بہر حال یہ ایک عمدہ کوشش ہے جسے سراہنا ہر مسلمان کی دینی واخلاقی ذمہ داری ہے۔

ریاست کے ساتھ ساتھ اہل ایمان کی یہ انفرادی اور اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ بذات خود بھی حالاتِ معاشرہ کا ادراک کریں قرآن حکیم نے﴿وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى﴾[23] کے ذریعے مومنوں کو حکم دیا ہے کہ وہ بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا کریں۔ بھلائی کا کام اس سے بڑھ کر کیا ہو سکتا ہے کہ اپنے کسی بے روزگار بھائی کو خود کفیل بنادیا جائے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ مسلم ماہرین معاشیات ہمیشہ سے اس بات پر زور دیتے رہے ہیں شخصی ضروریات اور کاروبار و تجارت کے لئے اولاً معاشرے کی ذمہ داری ہے کہ وہ محتاج افراد کو قرض حسنہ دے یا پھر صدقہ و خیرات کے ذریعے امداد کرے۔ مولانا مودودی کے بقول ایک معاشرے کی صحت مندی کا معیار یہی ہے کہ اس کے افراد اپنی اس طرح کی اخلاقی ذمہ داریوں سے آگاہ ہوں۔ اگر کوئی معاشرہ اپنے ضرورت مند بھائیوں کو ضرورت کے وقت قرض نہیں دے پاتا، تو یہ صریحاً اس بات کی علامت ہے کہ اس معاشرے کی اخلاقی آب و ہوا خراب ہے، جس کی اصلاح کی اشد ضرورت ہے۔[24]

بیسیوں نہیں بلکہ سینکڑوں کمزوریوں کے باوجود، الحمد للہ مملکت خداداد پاکستان میں ایسے مخیر حضرات کی کمی نہیں جن کی زندگیاں صدقہ و خیرات سے عبارت ہیں۔ خیرات کا سسٹم دنیا کے ۱۴۰ ممالک میں رائج ہے۔ اہل پاکستان خیرات کرنے میں دنیا بھر میں پانچویں نمبر پر آتے ہیں۔ ۱۹۹۸ میں پاکستان کے باسی ۷۰ ارب روپے خیرات کرتے تھے۔ ۲۰۰۶ میں یہ رقم دگنی ہو کر ۱۵۰ ارب کو جا پہنچی ہے۔[25] یہ کار خیر اہل پاکستان کے لئے کسی فخر سے کم نہیں۔ کیا ہی بہتر ہو کہ حکومت صدقات کی یہ رقم منظم بنیادوں پر قرض حسنہ کے لئے استعمال کرے۔ جس سے بے روزگاری میں خاطر خواہ کمی ہو۔

مالِ زکوۃ:

زکوۃ اسلام کا تیسرا رکن ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں تقریباً متعدد بار ہوا ہے اور اس کو نماز کے برابر اہمیت دی گئی ہے۔ اسلام نے جو مال میں واجبی حقوق رکھے ہیں ان میں سے ایک زکوۃ بھی۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے﴿وَآتُوهُمْ مِنْ مَالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ﴾ (۲۶)

ترجمہ: اور ان کو اس مال میں سے دو جو اللہ تعالیٰ نے تمھیں دے رکھا ہے۔

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَأَنْفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِينَ فِيهِ فَالَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَأَنْفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ﴾ (۲۷)

ترجمہ: اور جس مال میں اللہ نے تمھیں قائم مقام بنایا ہے، اس میں سے خرچ کیا کرو۔

آیت کی تفسیر میں امام قرطبیؒ فرماتے ہیں:

"دَلِيلٌ عَلَى أَنَّ أَصْلَ الْمُلْكِ لِلَّهِ سُبْحَانَهُ، وَأَنَّ الْعَبْدَ لَيْسَ لَهُ فِيهِ إِلَّا التَّصَرُّفُ الَّذِي يُرْضِي اللَّهَ فَيُثِيبُهُ عَلَى ذَلِكَ بِالْجَنَّةِ. فَمَنْ أَنْفَقَ مِنْهَا فِي حُقُوقِ اللَّهِ ...كَانَ لَهُ الثَّوَابُ الْجَزِيلُ وَالْأَجْرُ الْعَظِيمُ". (28)

ترجمہ: اس آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ مال کا حقیقی مالک صرف اللہ ہے لہٰذا انسان اس مال میں، جو اسے دیا گیا ہے، صرف وہی تصرفات کر سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا کا سبب بن کر دخول جنت کا ذریعہ بن سکیں۔ پس جو شخص اس مال کو اللہ کی راہ میں خرچے گا تو یہ اس کے لئے بڑا ہی ثواب اور اجر عظیم کا باعث ہو گا۔

مال جمع کر کے اس میں سے اللہ تعالیٰ کا حق نہ دینا آخرت میں عذاب کا ذریعہ ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ﴾ (29)

ترجمہ: اور جو لوگ سونا چاندی جمع کر کر کے رکھتے ہیں اور اس کو اللہ راستے میں خرچ نہیں کرتے، ان کو ایک دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔

مسلمان دنیا کے جس جس خطے میں آباد ہیں اپنی بساطِ ایمانی کے مطابق فریضۂ زکوۃ ادا کرتے ہیں، لیکن اس فریضہ کی ادائیگی عموماً انفرادی طور پر ہوتی ہے، جو کہ ایک محمود فعل کے ہوتے ہوئے بھی معاشرے میں وہ تبدیلی نہیں لا سکی، جس کی منشا اسلام کو ہے۔ اس کی بنیادی وجہ نظامِ زکوۃ کا منظم نہ ہونا ہے۔ کاش کہ زکوۃ کا نظام منظم بنیادوں پر استوار ہوتا، تو آج حالات کچھ اور ہوتے۔ ۱۹۸۰ء میں جنرل ضیاءالحق مرحوم نے

زکوۃ کے نظام کو منظم کرنے کی کوشش بھی کی اور زکوۃ و عشر آرڈیننس کے ذریعے پالیسی کو نافذ بھی کیا گیا، جو آج تک نافذ العمل ہے، تاہم اس کا نفاذ بینکوں کے کھاتوں تک محدود رہا، بلکہ اس میں بھی چور بازاری اور بددیانتی کے بیسیوں طریقے نکل آئے۔ بہر حال یہ نظام جیسا بھی ہے، اچھی خاصی رقم زکوۃ کی مد میں اکٹھی ہوتی ہے اور غرباء کے مابین تقسیم کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر جب سے نظام زکوۃ شروع ہوا ہے، مختلف سالوں میں زکوۃ کی اچھی خاصی رقم مختلف مواقع پر تقسیم ہوئی۔ ذیل میں ایک جھلک بطور نمونہ ملاحظہ ہو: [30]

(روپے ملین میں)

سال	1980-81	1981-82	1982-83	1983-84	1984-85	1985-86	کل رقم
رقم	464.355	585.136	409.462	982.949	849.86	557.239	3849.001
سال	1986-87	1987-88	1988-89	1990-91	1991-92	1992-93	
رقم	1163.651	1143.04	911.917	1126.226	2157.110	1251.820	7753.764
سال	1994-95	1995-96	1996-97	1997-98	1998-99	1999-2000	
رقم	243.108	591.048	319.033	504.165	745.475	1016.160	3418.989
سال	2000-001	2001-002	2002-003				
رقم	1597.183	2050.930	1705.833				5353.946
کل رقم							**20375.700**

مال زکوۃ کا استعمال کہاں اور کیسے؟

ہماری رائے اس بارے میں یہ ہے کہ بجائے یہ کہ زکوۃ کی رقم بطور امداد دی جائے، اس رقم کو بطور قرض حسنہ استعمال کیا جائے تاکہ آج کے لینے والے ہاتھ، کل کے دینے والے بن جائیں۔ قرض حسنہ دو طرح سے دیا جاسکتا ہے ایک تو یہ کہ قرض کے طالب کو نقد رقم دے دی جائے جو کہ ایک خاص عرصے مثلاً ایک سال یا چھ مہینے کے بعد واجب الاداء ہو۔ دوسرا یہ کہ رقم کی بجائے مطلوبہ مشینری مہیا کردی جائے اور اس کی قیمت اقساط کی صورت میں واجب الاداء ہو۔ ہماری نظر میں یہ دوسری صورت زیادہ موزوں رہے گی اس لئے کہ اس صورت میں رقم انہی مقاصد میں استعمال ہو گی، جنہیں پیش نظر رکھا گیا تھا۔ نیز اس میں ایک سہولت یہ

بھی ہو گی کہ مشینری کی خریداری جب بڑی تعداد میں کمپنی سے براہ راست کی جائے گی تو یہ سستی مل سکے گی اور ضرورتمندوں کو بازاری قیمت پر فروخت کردی جائے گی۔اصل قیمت اور بازاری قیمت میں جو فرق ہوگا وہ کسی حد تک انتظامی اخراجات میں معین و مددگار ہوگا۔ یہ طریقہ کار سلائی مشینوں، فوٹو کاپیئر، پرنٹر، اسکینر، ڈرائی کلین کے لئے واشنگ مشینوں اور ان جیسے کاروبار کے لئے اپنایا جاسکتا ہے۔درزی کے کام کے لئے سب سے ضروری سلائی مشین اور استری ہیں۔ان دو اشیاء کے علاوہ مختلف قسم کے چھوٹے اوزار اور ساز و سامان ہے۔ان تمام اشیاء پر بیس سے پچیس ہزار کا خرچ آتا ہے اور کاروبار کا آغاز ہوتا ہے۔ایک دفعہ جب یہ کام چل پڑے تو ایک سوٹ کی سلائی متوسط علاقوں میں ۶۰۰ روپے ہے۔اگر یومیہ صرف دو سوٹ بھی سلتے رہیں تو ماہانہ آمدنی ۳۶۰۰۰ بنتی ہے۔جہاں تک اخراجات کی بات ہے تو وہ یہ ہے کہ ایک سوٹ پر زیادہ سے زیادہ ۱۰۰ روپے خرچ آتا ہے۔[31] بہرحال اخراجات اگر کچھ بڑھ بھی جائیں تب بھی اتنی آمدن بچ رہتی ہے جس سے باعزت زندگی گزاری جاسکتی ہے۔

اسلامی بینکاری پر ۱۹۶۰ء اور ۱۹۷۰ء کی دہائی میں جو لٹریچر لکھا گیا، اس میں یہ تجاویز دی گئیں کہ مذکورہ صورت میں، سامان کی فراہمی میں اگر بینکوں کو کچھ مشکلات پیش ہوں تو بینک ایسے چند اسٹورز کو منتخب کرلیں جن کے پاس مطلوبہ مشینری دستیاب ہو۔جو گاہک مطلوبہ چیز کا متمنی ہو وہ بینک سے رجوع کرے۔بینک جانچ پرکھ کرنے کے گاہک کو Approval لیٹر بنا کر دے جس کی بنیاد پر گاہک اسٹورز سے مطلوبہ سامان خرید سکے اور اس کی ادائیگی بینک کو اقساط کی صورت میں کرے۔بینک کو چاہئے کہ وہ یہ خدمات بلا معاوضہ فراہم کرے تاہم اسے یہ بھی اجازت ہے کہ ان معاملات پر اٹھنے والے حقیقی اخراجات سروس چارجز کی صورت میں بھی وصول کرسکتا ہے۔[32] لیکن یہ طریقہ صرف اس صورت میں کامیاب ہو سکتا ہے جب مرکزی بینک کمرشل بینکوں کے معاملات پر کڑی نظر رکھے تاکہ صرف اور صرف حقیقی اخراجات ہی وصول کئے جائیں ایسا نہ ہو کہ سروس چارجز کے نام سے دوبارہ سود کا چور دروازہ کھل جائے۔

بیت المال:

اسلامی ریاست میں بیت المال وہ ادارہ ہے، جو ریاست کے مالی معاملات کا ذمہ دار ہوتا ہے۔سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں بیت المال اپنی مکمل صورت میں معرض وجود میں آیا۔یہ وہ ادارہ ہے جس میں عشر و زکوۃ، صدقات، خیرات، عطایا، لاوارث ترکے، درآمدات و برآمدات پر ٹیکس، ہنگامی ٹیکس، حکومتی

املاک کے کرائے، ملکی معدنیات، مالِ غنیمت ومالِ فئے، خراج، جزیہ، اوقاف، گم شدہ اشیاء سمیت ہمہ اقسام کی آمدن جمع کی جاتی ہیں۔ اسلامی معاشیات کا فلسفہ بیان کرنے والے افراد کی رائے یہ ہے کہ اسلامی ریاست میں قرض حسنہ کے ضرورتمندوں کو بیت المال مدد فراہم کرے۔[33] اس سلسلے میں تاریخِ اسلامی کے چند ایک واقعات بھی ہمیں اعانت فراہم کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بیت المال سے ایک لاکھ درہم قرض لیا۔ اس وقت بیت المال کے انچارج حضرت عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ تھے۔ انہوں نے گواہوں کی موجودگی میں اس معاملے کو لکھ کر ریکارڈ محفوظ کر لیا۔ جب مدت قریب آئی تو آپ نے یہ رقم بیت المال کو واپس کر دی۔[34] حضرت عمر بن عبدالعزیز نے والی عراق عبدالحمید بن عبدالرحمٰن کو حکم دیا تھا کہ بیت المال کی رقم سے حاجتمند کاشت کاروں کو قرض کی رقم دیں، تاکہ زراعت کے سلسلے میں انہیں کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔[35]

وطن عزیز پاکستان میں بیت المال کا ادارہ قرضہ جات تو فراہم نہیں کرتا، البتہ مختلف حوالوں سے غرباء کی امداد کرتا ہے مثلاً تھلیسمیا سے متاثرہ افراد کی مدد کرنا، لاوارث بچوں کی کفالت، وہ بچے جو تعلیمی اخراجات برداشت نہ کر سکتے ہوں، ان کی فیسوں کے اخراجات، دور دراز کے علاقوں میں دستکاری سکولوں کا قیام وغیرہ وغیرہ۔ یہ سکول ۱۹۹۵ء سے قائم کئے گئے اور اب ان کی کل تعداد ۱۵۷ ہے جن میں ضرورت مند غریب لڑکیوں کو ڈرافٹنگ، کپڑوں کی کٹائی، سلائی، بنائی، ہاتھ اور مشین کی کڑھائی اور کمپیوٹر کی مفت تربیت فراہم کی جاتی ہے۔ پندرہ سکولوں کو ترقی دے کر ان میں دفتری تکنیک کے استعمال جیسا کہ فیکس، فوٹو کاپی کرنے، پرنٹرز وغیرہ، گھریلو سجاوٹ، بیوٹیشن، کھانے پکانے کے ہنر، ٹائی اینڈ ڈائی اور گلاس پینٹنگ، کمپیوٹر کورسز کی تربیت دی جاتی ہے۔ اس وقت ۸۰۰۰ زیر تربیت طالبات اِن سکولوں سے فیض یاب ہو رہی ہیں جبکہ ۹۸۳۳۴ زیر تربیت طالبات کامیابی کے ساتھ کورسز مکمل کر چکی ہیں۔[36] آج کی دنیا میں تعلیمی قرضہ جات (Education Loans) بہت معروف ہیں اور انہیں Investment in men کہا جاتا ہے کہ آج جس طالب علم پر سرمایہ کریں گے، کل اس کا نفع ملے گا۔ مستحق طلباء کے لئے بیت المال کا یہ بندوبست بہت ہی عمدہ ہے لیکن بیت المال اگر قرض حسنہ اسکیم بھی جاری کر دے، تو یہ معاشرے کی بہت بڑی خدمت ہو گی۔

کرنٹ اکاؤنٹس:

قرض حسنہ کے لئے رقم کے بندوبست کا ایک نہایت اہم ذریعہ بینکوں کے کرنٹ اکاؤنٹس ہیں۔ بینکوں کے پاس بڑی بڑی رقمیں ان اکاؤنٹس میں جمع رہتی ہیں۔ وضح رہے کہ بینک خواہ وہ سودی ہوں یا غیر سودی، ایسے اکاؤنٹس میں جمع شدہ رقوم پر کسی قسم کا سود یا نفع ادا نہیں کرتے، بلکہ ان رقوم کا مختصر حصہ ریزروز رکھنے کے بعد بقیہ تمام رقوم کا کئی گنا قرض جاری کر دیتے ہیں۔ شاید اسی وجہ سے پروفیسر سیئرز (Prof.Sayers) اور ہارٹلے (Hartley) کہتے ہیں کہ بینک قرضے تخلیق کرتے ہیں۔[37] جو بینک عوام کی ان رقوم سے اس طرح متمتع ہوں کہ جمع شدہ رقموں پر دس سے بارہ فیصد اضافہ وصول کرتے ہوں۔ اب انہیں اخلاقی طور خود چاہیئے کہ جب معاشرے کے ضرورت مند افراد کو قرض کی ضرورت پڑے تو یہ انہیں قرض حسنہ فراہم کریں۔ رہا یہ سوال کہ بینک کے پاس تمام رقوم امانت ہوتی ہیں اور قرض حسنہ دینے کی صورت میں خطرہ ہے کہ کہیں یہ رقمیں ڈوب ہی نہ جائیں، تو اس کا حل ضمانتوں کی صورت میں موجود ہے۔ یہ شرط رکھ دی جائے کہ جو شخص قرض کا طلبگار ہو، وہ پہلے بینک کے پاس ضمانت جمع کروائے۔ فقہائے اسلام نے مالی اور شخصی دونوں طرح کی ضمانتوں کے احکام کتب فقہ میں بیان فرمائے ہیں۔ رہن مالی ضمانت ہے جس کا تذکرہ قرآن حکیم میں موجود ہے اور کفیل بننا شخصی ضمانت ہے۔ بینک دونوں طرح کی ضمانتیں وصول کرنے کے بعد قرض حسنہ جاری کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی شخص قرض واپس نہیں کرتا، تو بینک مہلت دینے کے بعد زرِ ضمانت سے اپنی رقم وصول بھی کر سکتا ہے۔

مبحث سوم: قرض حسنہ کی حقیقی کارکردگی

درج بالا سطور میں تو اس بات کا احاطہ کیا گیا ہے کہ قرض حسنہ کن ذرائع سے حاصل کیا جا سکتا ہے؟ اور اب عملی میدان میں قرض حسنہ کے حوالے سے بحث کی جاتی ہے۔

ملائیشیا کا اسلام بینک، بینکاری کی خدمات کے ساتھ ساتھ قرض حسنہ کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔ جس شخص کو قرض کی ضرورت ہوتی ہے وہ بینک سے رجوع کرتا ہے۔ بینک درخواست کا جائزہ لینے کے بعد اسے سونا یا چاندی بطور ضمانت رکھوانے کی درخواست کرتا ہے۔ جب گاہک بینک کے پاس زیور جمع کروا دیتا

ہے تو بینک اس زیور کی بازاری قیمت کے ساٹھ فیصد کے برابر قرض جاری کر دیتا ہے اور زیور لاکرز میں رکھنے کے عوض چار جز وصول کرتا ہے۔اسلام بینک ۲۵ ہزار ملائیشین رنگٹ تک کی رقم بطور قرض دیتا ہے۔[38]

امداد باہمی کی تنظیمیں

قرض حسنہ کی فراہمی کا ایک اہم ذریعہ امداد باہمی کی تنظیمیں ہیں جو قرض کی فراہمی کے لئے غیر سودی بنیادوں پر قائم کی جاتی ہیں۔ڈاکٹر اوصاف احمد[39] کہتے ہیں کہ ایسی تنظیمیں نہ صرف مسلم اقلیتی بلکہ اکثریتی علاقوں میں بھی نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ مسلمان ماہرین معاشیات قرض حسنہ کی فراہمی کے ماڈلز میں ایسی تنظیموں کا تذکرہ ہمیشہ کرتے آئے ہیں اور ایسی تنظیمیں پاکستان سمیت مختلف مملک میں قائم بھی ہوتی رہی ہیں لیکن جو نتائج اور کارد کردگی پاکستان کی "اخوت" نے دکھائے ہیں، بنگلہ دیش کے نوبل انعام یافتہ محمد یونس[40] اور گرامین بینک بھی ان سے عاجز ہیں لہٰذا ذیل کی سطور میں ہم "اخوت" کا تذکرہ کریں گے۔

"اخوت" کا مختصر تعارف:

"اخوت" وطن عزیز پاکستان میں بلا سود قرض فراہم کرنے والی سب سے بڑی تنظیم ہے جس کا قیام ۲۰۰۱ میں ڈاکٹر امجد ثاقب[41] کے ہاتھوں عمل میں آیا جن کا تعلق ڈی۔ایم۔جی گروپ سے تھا۔ یوں پیشے کے اعتبار سے وہ ایک بیوروکریٹ تھے اور پنجاب رورل سپورٹ پروگرام میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ انسانی ہمدردی سے سرشار ہو کر دنیا کے ناز و نعم کو لات ماری اور شب و روز اخوت کے لئے وقف کر دیئے۔۲۰۰۱ء میں "اخوت" کا پہلا قرض صرف دس ہزار پر مشتمل تھا، لیکن بلا سود قرض کا نظام اس قدر شفاف تھا کہ اہل ثروت اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ لہٰذا جوق در جوق کھچے چلے آئے اور یوں اخوت دن دگنی رات چگنی ترقی کرتی چلی گئی۔ دس ہزار سے اپنے سفر کا آغاز کرنے والی یہ تنظیم اپنے قیام کے دس سال بعد اس قابل ہوئی کہ ۲۰۱۰۔۱۱ میں ایک ارب روپے کے قرض لوگوں میں تقسیم کر ڈالے ۲۰۱۱۔۱۲ میں یہ حجم دوچند ہوا اور دو ارب تک جا پہنچا[42] اور آج ۲۰۱۵ میں ضرورتمندوں کے مابین تقسیم کئے گئے اس قرض کی رقم چار ارب، چوراسی کروڑ، اٹھارہ لاکھ، پچپن ہزار چار سو ستتر روپے تک پہنچ چکی ہے۔[43]

"اخوت" کی اس بلا سود بینکاری نے ان ماہرین کو ہلا کر رکھ دیا، جن کے معاشی فلسفے میں قرض اور سود کا ساتھ، دامن چولی کا ہے لہٰذا تحقیق کے میدان میں شہرہ آفاق، ہاورڈ یونیورسٹی نے ڈاکٹر امجد کو اپنے ہاں لیکچر کے لئے مدعو کیا تاکہ پوچھا جاسکے کہ آخر وہ کونسی جادو کی چھڑی ہے جو اربوں روپے کے قرض بھی دیتی

ہے، سود کا ایک آنہ وصول بھی نہیں کرتی اور ننانوے فیصد قرض بر وقت واپس بھی ہو جاتے ہیں۔ واضح رہے کہ ہاورڈ، وہ یونیورسٹی ہے جس کی بنیاد ۱۶۳۶ء میں پڑی۔ یوں نہ صرف یہ کہ ہاورڈ، قدیم یونیورسٹی ہے بلکہ اس کا شمار دنیا کے صف اول کے تعلیمی اداروں میں ہوتا ہے جس کا منہ بولتا ثبوت یہ ہے کہ پچاس سے زائد نوبل انعام یافتہ شخصیات کا تعلق ہاورڈ سے ہے۔ اس یونیورسٹی کا سالانہ بجٹ دنیا کے بائیس ممالک کے بجٹ کے برابر ہے۔ پاکستان اپنی سالانہ برآمدات سے جو زرمبادلہ کماتا ہے، اس سے زیادہ ہاورڈ اپنے کاپی رائٹس سے کما لیتی ہے۔ لہٰذا ڈاکٹر امجد کو ہاورڈ یونیورسٹی کی طرف سے لیکچر کی دعوت عالم اسلام اور بالخصوص پاکستان کے لئے کسی اعزاز سے کم نہیں۔ (44)

"اخوت" کی کامیابی کا راز:

اخوت کی کامیابی کے پیچھے صاحبانِ اخوت کا نہایت درجہ خلوص، بے پناہ قربانی، جذبہ مواخات اور دردِ انسانیت ہے۔ قرضوں کی آڑ میں اربوں کا کاروبار کرنے والوں کو یہ الفاظ سمجھ تک نہیں آتے، تو وہ ان کے فلسفے کو کیونکر جانیں؟ یہ تو صرف ان کو سمجھ آ سکتا ہے، جنہوں نے مؤاخات مدینہ کا مطالعہ کرکے اسے حرزِ جاں بناڈالا ہو۔ دوسرے یہ کہ اس کی کامیابی کے پیچھے یہ راز بھی مضمر ہے کہ یہ تنظیم اپنے ابتدائی سفر سے لے کر اب تک اس سادگی کو شعار بنائے ہوئے ہے جس کی تعلیم محسنِ انسانیت جناب رسول اللہ ﷺ نے دی۔ اخوت اپنے دفاتر مہنگے ترین اور پوش علاقوں میں، اعلیٰ ترین فرنیچر کے ساتھ مزین کرنے کی بجائے اپنے معاملات مساجد میں طے کرتی ہے، یوں نیک کام کے لئے نیک جگہ کا انتخاب از خود ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت بھی شامل حال ہو جاتی ہے۔ اس وقت ملک بھر میں اخوت کی ۳۹۷ کے لگ بھگ برانچز مساجد میں ہی قائم ہیں۔ یہ مساجد اخوت کے مصارف میں کمی لاتی ہیں اور نظام کو شفاف رکھتی ہیں۔ ان کی بدولت روابط میں بہتری آتی ہے اور باہمی آہنگی کو فروغ ملتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ایسی تنظیموں کو جادوئی ترقی عطا فرمائے۔ (آمین)

سفارشات:

دور حاضر میں نہ صرف پاکستان بلکہ مسلم دنیا کو ہنگامی طور پر غربت سے چھٹکارا پانے کی ضرورت ہے اور یہ کچھ مشکل بھی نہیں اس لئے کہ یہ مسلم دنیا ہی ہے جس کے پاس دنیا بھر تیل کے ذخائر ۶۹ فیصد، تیل کی پیداواری صلاحیت ۴۱ فیصد، پٹ سن ۹۲ فیصد، ربڑ ۷۳ فیصد، گوند ۸۹ فیصد، کپاس ۳۶ فیصد، مصالحہ جات ۶۸ فیصد اور دنیا بھر کی معدنیات کا ۳۵ فیصد موجود ہے۔(45)

۱۔ پوری دنیا کی معدنیات کا ایک تہائی سے زائد ہونے کے باوجود یہ آئی۔ایم۔ایف اور ورلڈ بینک کے محتاج کیوں ہوں؟ بلکہ انہیں تو چاہئے کہ اپنا آئی۔ایم۔ایف تشکیل دیں جو مسلمان ممالک کی معیشتوں کو سنوارنے کے لئے قرض حسنہ دے تاکہ غریب ممالک کے مرکزی بینک مائیکرو فائنانسنگ کے ذریعے بلا سود قرضے نہایت آسان شرائط پر دیں اور معیشتوں میں انقلاب برپا ہو جائے۔ یہ بات مسلم ممالک کے لئے باعث شرم ہے کہ ایک طرف یہود و نصاریٰ امت مسلمہ کو تہِ تیغ کرنے کے لئے افغانستان میں ۴۰ ارب ڈالر یعنی ۲۴ کھرب روپے کا بجٹ منظور کریں، عراق پر حملے کے لئے ۲۴ ارب ڈالر خرچ ہوں، ان دونوں ممالک پر گولہ و بارود کی مد میں ماہانہ ۵ ارب ڈالر خرچ ہوں اور دوسری طرف مسلمان ممالک غربت کو ختم کرنے کے لئے بھی ایک دوسرے کی مدد نہ کریں۔(46)

۲۔ زکوٰۃ کا نظام صرف بینک اکاؤنٹس تک محدود ہے اور اس میں بھی چور بازاری کے بیسیوں راستے ہیں نیز اس کے علاوہ نظام زکوٰۃ کی شفافیت پر بھی عوام کا عدم اعتماد ہے۔ حکومت وقت چور بازاری کے تمام راستوں پر بند لگائے، اپنی عدم اعتمادی کو ختم کرے۔

۳۔ زکوٰۃ کے نظام کو نہ صرف اکاؤنٹس بلکہ تمام جائیداد پر لاگو کرے۔ اس سے جو پیسہ حاصل ہو اس سے قرض حسنہ کا بندوبست کرے اور اس قرض حسنہ میں غیر مسلموں کو بھی خصوصی طور پر شامل کیا جائے تاکہ مؤلفۃ القلوب کے ذریعے انہیں اپنے قریب کیا جائے کہ کہیں وہ دشمن کے آلہ کار نہ بن جائیں اس سے سلطنت خداداد کو داخلی اور خارجی استحکام حاصل ہو گا جو معاشی سرگرمیوں اور بالخصوص بیرونی سرمایہ کاری کے لئے نہایت ضروری ہے۔

۴۔ الیکٹرانک، پرنٹ اور سوشل میڈیا پر ایسے اشتہارات دیے جائیں جس سے عوام میں دوسروں کو خود کفیل بنانے کی ترغیب پیدا ہو۔ ایک خصوصی مہم کے تحت سنگرز اور فلم اسٹارز کی بجائے ایسے افراد کو میڈیا پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے بطور ہیرو کے پیش کیا جائے جنہوں نے اپنے شب و روز معاشرے کے لئے وقف کر دیے اور جن کی کوششوں کی بدولت مفلوک الحال اور بے آسرا عوام اپنے پاؤں پے کھڑے ہونے کے قابل ہوئے۔

۵۔ مرکزی بینک کی جانب سے کمرشل بینکوں کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ اپنے کرنٹ اکاؤنٹس کا کم از کم بیس فی صد قرض حسنہ کے طور پر جاری کریں۔ جو بینک مرکزی بینک کی ہدایات پر عمل نہ کرے اس کو مختلف قسم کے جرمانوں سے اس پر مجبو کیا جائے۔

۶۔ اسلام نے ہر معاملے میں سادگی کی تعلیم دی ہے لیکن زیب و زینت سے بھی نہیں روکا لہذا خود کفالتی پروگرامز کی تمام اسکیموں میں اعتدال کو ملحوظ خاطر رکھا جائے وگرنہ قیمتی سرمائے کے ضیاع کے خطرات ہیں۔

۷۔ نوجوانوں کو نہ صرف یہ کہ کاروبار کے لئے روپیہ پیسہ دیا جائے بلکہ کاروبار کی مناسب تربیت بھی دی جائے۔ پنجاب کی موجودہ حکومت نے اگرچہ اس سلسلے میں ایسے پروگرام شروع کئے ہیں جن میں نہ صرف نوجوانون کو ہنر مند بنایا جاتا ہے بلکہ کورس کے آخر میں انہیں اوزار بھی فراہم کئے جاتے ہیں یہ اقدام قابل ستائش ہے لیکن واضح رہے کہ یہ پروگرام زیادہ تر "لیبر فورس" پر مشتمل ہیں نیز یہ محدود پیمانے پر ہیں۔

۸۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے پروگرامز کا دائرہ وسیع کیا جائے اور الیکٹریشن، پلمبر، اسٹیل فکسر، کارپینٹر، ویلڈر سے آگے نکل کر گھڑی، وال کلاک، بچوں کے کھلونے اور چھوٹے پیمانے پر الیکٹرانکس کی صنعت کو فروغ دیا جائے۔

۹۔ مائیکرو فائنانسنگ میں بنگلہ دیش کے محمد یونس کو تبدیلی کی علامت تصور کیا جاتا ہے اور اقوام متحدہ ۲۰۰۶ء میں انہیں نوبل انعام بھی دے چکی ہے لیکن واضح رہے کہ محمد یونس کا گرامین بینک جو صرف غریبوں کو قرضہ دیتا ہے، چالیس فیصد سود بھی وصول کرتا ہے جبکہ وطن عزیز میں "اخوت" ضرورت مند افراد کو بلاسود قرض دیتی ہے اور اس کی ریکوری کی شرح بھی ۹۹ فیصد ہے، حکومت کو

چاہیئے کہ وہ ایسے اداروں سے بھرپور استفادہ کرے، جنہوں نے اپنے شب و روز قربان کر کے آج معاشرے میں یہ مقام پیدا کیا، بلکہ کیا ہی وسعت ظرفی ہو کہ حکومت اپنے مائیکرو فائنانسگ کے تمام پروگرام اخوت جیسی تنظیم کے حوالے کر دے، جس پر عوام اس طرح سے اعتبار کرتے ہیں کہ اربوں کے عطیات نہایت صدق دل اور بھرپور اعتماد کے ساتھ اخوت کے حوالے کر دیتے ہیں ۔

حواشی وحوالہ جات

1) Global Monitering Report,2015-16,P.1 Retrieved from www.world bank .org

2) Khan, Z. Asmatullah and Khyber. Commercial verses cooperative microfinance program: An investigation of efficiency, performance and sustainability, The Dialogue, Qurtuba university of science and I.T, Vol:5, Issue: 2,P.166

3) M. Obaidullah, Dr. *Muslim economy fighting against poverty in Islamic society*, Islamic voice, December, 2007

4) Ibid

5) Ibid

6) Ibid

7) ہیومن ڈیولپمنٹ رپورٹ۔ ۲۰۱۴ء بحوالہ روزنامہ جنگ ۱۷ اکتوبر ۲۰۱۵، راولپنڈی

8) سورۃ البقرۃ:275/2

9) غازی، محمود احمد، محاضرات معیشت و تجارت، الفیصل ناشران و تاجران، لاہور، پاکستان، ص:299

10) ابن منظور، محمد بن مکرم، لسان العرب، دار صادر، بیروت، ۱۴۱۴ھ، ص:۲۱۷/۷

11) طبری محمد بن جریر، جامع البیان فی تاویل القرآن، مؤسسۃ الرسالۃ طبع ۲۰۰۰، ص:۲۸۲/۵

12) مشہور مسلم ماہر معاشیات، کنگ عبدالعزیز یونیورسٹی کے شعبہ اسلامی معاشیات کے پروفیسر اور محقق

13) Siddiqi, Mohammad Nejatullah. Riba, Bank Interest, and the Rationale of Its Prohibition, Islamic Development Bank, Jeddah, 2004, p. 48.

14) ابن ماجہ، محمد بن یزید القروینی، سنن ابن ماجہ، باب القرض، حدیث نمبر:2431

15) احمد بن حنبل، مسند احمد، مؤسسۃ الرسالہ بیروت، طبع ۲۰۰۱ء، حدیث نمبر:18519

16) الطبرانی، سلیمان بن احمد بن ایوب، ابوالقاسم، المعجم الأوسط طبع دارالحرمین، القاہرۃ، ص:729/1

17) سنن ابن ماجہ، باب القرض حدیث نمبر:2430

18) ابوداؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابی داؤد، مکتبۃ العصریۃ، بیروت، حدیث نمبر ۱۶۴۱

19) ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، البدایہ والنہایہ، دارالفکر، بیروت، ۱۹۸۶، ص:۲۲۸/3

20) http://www.bisp.gov.pk/Default.aspx.07/10/2015,07:11 pm

21) http://youth.pmo.gov.pk/Youth-Business-Loan-Scheme.php. 09/10/2015

22 http://youth.pmo.gov.pk/Interest-Free-Loans-Scheme.php. 09/10/2015

23) سورۃ المائدہ:۲/۵

24) مودودی، ابوالاعلیٰ، سود، اسلامک پبلیکیشنز، 2005ء، لاہور، ص: 185

25) جاوید چوہدری، اللہ کے نام پر (کالم) 8 اکتوبر، 2006ء روزنامہ ایکسپریس، اسلام آباد

26) سورۃ النور: 33/24

27) سورۃ الحدید: 7/57

28) قرطبیؒ، ابوعبداللہ محمد بن احمد، احکام القرآن، دار الکتب المصریہ، القاہرۃ، طبع دوم، 1384ھ، ص: 238/17

29) سورۃ التوبہ: 9/34-35

30) سنٹرل زکوۃ ایڈ منسٹریشن بحوالہ، اسلامی معاشیات، عبدالحمید ڈار اور دیگر، علمی کتب خانہ، لاہور، ص: 405-409

31) محمد کامران، محمد ادریس (انٹرویو) بتاریخ 10 اکتوبر، 2015ء

32) شیخ احمد ارشاد، بلاسود بینکاری، مکتبہ تحریک مساوات، کراچی، ص: 87

33) محمد اکرام خان، بلاسود بینکاری، مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری، لاہور، ص: 24

34) بلاذری، احمد بن یحیی، انساب الاشراف، دار الفکر، بیروت ص: 173/6

35) ابن عساکر، ابوالقاسم علی بن حسن، تاریخ دمشق، دار الفکر، ص: 213/45

36) http://www.pbm.gov.pk/pbmurdu/vds.html 09/10/2015-03.36 pm

37) معین الدین، بنکاری، سنرجی پبلیکیشنز، اسلام آباد، ص: 294

38) Muhammad Obaidullah, Dr. Islamic Financial Services, IRTI, Jeddah, P, 101

39) ہندوستان کے مسلمان ماہر معاشیات جنہوں نے اسلامی معاشیات وبینکاری پر گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔

40) آپ کا تعلق بنگلہ دیش سے ہے۔ اقوام متحدہ نے مائیکرو فائنانسنگ میں آپ کی خدمات کو سراہتے ہوئے ۲۰۰۶ء میں آپ کو نوبل انعام دیا۔

41) دنیا بھر میں اپنی نوعیت کی واحد، بلاسود قرض دینے والی پاکستانی تنظیم اخوت کے بانی۔

42) راجہ انور، اور نکلیں گے عشاق کے قافلے (کالم) روزنامہ نئی بات، 25 مئی، 2012ء، لاہور

43) Akhwat Progress Repot up to Sep,30,2015 Retrieved from http:/ www . akhuwat.org.pk/progress_report.asp

44) جاوید چوہدری، یہ معاشرا ابھی مرا نہیں، ڈاکٹر امجد ثاقب، جبران علی، کمبوہ پرنٹر، 2013ء، ص: 15

45) مسز شاہدہ پروین، امت مسلمہ کے موجودہ مسائل، درپیش چیلنجز اور تدارک سیرت طیبہ کی روشنی میں، مقالات سیرت، ۲۰۰۷ء، ص: ۱۴/۲

46) ایضاً

****

مولانا مناظر احسن گیلانی اور ان کی صوفیانہ فکر

Manāẓir Aḥsan Gīlānī and His Mystic Approach

ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی*

ABSTRACT

Juristic rules laid the foundation of law, along with such juristic rules, Islām promotes the values of piety (through mystic guidelines). Most of the theologians opine that the real approach to get close the Creator can only be achieved through the mystic guidelines. In the early period of Islām, during the time of the prophet, Muḥammad (ﷺ) and during the periods of the rightly guided caliphate, when people were trained in a very righteous environment, there were no such reservations about the applications of clear jurisprudential injunctions along with the mystic guidelines, but, when Muslims tasted the grandeur of rule, regime and abundance of wealth, they indulged in the worldly affairs and adopted a materialistic approach, not only in their daily life, but, toward their religion, too.

The Muslim thinkers have been trying to define and explain whether the typical rituals of mysticism are reconcilable with the larger demands of an Islamic vocabulary. Despite the wide diversity of the critical approaches, a certain pattern has been identified by Muslim responses as mysticism, which is, sometimes found closer to asceticism and sometime as a mediator.

Many Muslim mystics have dealt with mysticism, but, perhaps, Manāẓir Aḥsan Gīlānī has displayed, with reference to Ibn ʻArabī and Shāh Walī Ullāh, the most impressive and knowledgeable applications of such mystic ideas within an Islamic framework. Manāẓir's applied mysticism is not a typical mysticism; his special focus upon legal injunctions of al-Sharīʻah goes much further than any of his peers in establishing a strong framework for better understanding of Islām. This study is devoted to examining the effects and implications of mysticism, not only for individuals, but also for the Muslim masses, generally.

Keywords: *Juristic Ruling, Mysticism, Environment, Guidelines; al-Ghazālī*

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ حدیث و سیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

حالات زندگی:

مولانا مناظر احسن گیلانی کے آباء و اجداد واسطی زیدی سادات کے خاندان سے تھے۔ آپ کے بزرگ اولاً سلطان محمد غوری کے ہمراہ ہندوستان آئے اور کان پور میں آباد ہوئے۔ پھر بہار چلے گئے، جو ضلع مونگیر کا حصہ ہے۔ ضلع پٹنہ کے موضع بہار کے مشرق میں ان کی ایک شاخ "محی الدین پور گیلانی" نامی بستی میں آباد رہی۔ یہ نام بعد ازاں گیلانی ہی پکارا جانے لگا۔ اس سے مولانا مناظر احسن کی پہچان بطور گیلانی ہوئی۔[(1)]

مناظر احسن گیلانی کے دادا محمد احسن نے اگرچہ ابتدائی عمر میں تعلیم پر توجہ نہ دی، مگر جب صاحب اولاد ہوئے، تو کسی نے انہیں ان پڑھ ہونے کا طعنہ دیا۔ یہ طعنہ برداشت نہ کر سکے، گھر بار چھوڑا اور چودہ برس تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد تدریس کو اپنی جولان گاہ بنایا۔[(2)] جبکہ آپ کے والد گرامی حافظ ابوالخیر حفظ قرآن اور ابتدائی فارسی تعلیم کے بعد کھیتی باڑی کے کاموں میں لگ گئے، تعلیم پر توجہ نہ دی۔ تاہم بتایا جاتا ہے کہ آپ بڑے مخیر اور فیاض تھے۔[(3)]

مناظر احسن گیلانی کی ولادت ۱۸۹۲ء میں ہوئی۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے چچا سعید ابو نصر سے پائی۔ بعد ازاں مزید تعلیم کے حصول کے لیے آپ سید برکات احمد ٹونکی کے ہاں ٹونک چلے گئے۔ یہاں سات آٹھ سال قیام رہا۔[(4)] ٹونک سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ برکات احمد کے ایک اور شاگرد معین الدین اجمیری کے ہاں کچھ عرصہ مقیم رہے اور بعد ازاں دورہ حدیث کے لیے دیوبند گئے۔

دارالعلوم دیوبند میں آپ نے مولانا محمود الحسن، انور شاہ کاشمیری، شبیر احمد عثمانی اور حسین احمد مدنی سے کسبِ فیض کیا۔ مولانا مدنی خود بھی شیخ الہند مولانا محمود الحسن کے درس میں بیٹھتے تھے یوں ایک کتاب کے درس میں وہ مناظر احسن کے ہم سبق بھی رہے۔[(5)] دیوبند سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد مناظر احسن ٹونک کی اپنی ابتدائی مادر علمی کے کتب خانہ کی فہرست سازی پر مامور ہوئے۔ اور دو ماہ بعد یہیں مدرس ہو گئے۔[(6)] چند ماہ بعد یہاں سے حیدر آباد اور پھر دیوبند آ گئے۔[(7)] دیوبند میں وہ پہلے پہل "الرشید" اور "القاسم" کے مدیر مقرر ہوئے۔ پھر یہاں استاد بھی رہے۔[(8)] اسی دوران ۱۹۱۹ء میں حیدر آباد دکن میں جامعہ عثمانیہ قائم ہوا۔ حمید الدین فراہی کے توسط سے مناظر احسن گیلانی جامعہ عثمانیہ میں استاد حدیث مقرر ہوئے۔ یہ دیوبند کے برخلاف جدید طرز کی درس گاہ تھی۔ بعد ازاں یہاں مولانا گیلانی کو دینیات لازمی کا استاد مقرر کیا گیا۔ ۱۹۴۹ء تک مولانا گیلانی یہیں رہے اور یہیں جامعہ عثمانیہ سے پینشن لی یوں آپ کی زندگی کا بہترین حصہ جامعہ عثمانیہ میں گزرا۔

جامعہ عثمانیہ سے ان کی وابستگی تیس سال تک رہی۔ یہاں مولانا گیلانی کو حمید الدین فراہی سے استفادہ کا موقع ملا۔ قابل ذکر ہے کہ یہاں تدریس کے ساتھ ساتھ آپ قریبی مسجد میں درس قرآن بھی دیتے تھے اور جمعہ و عیدین کے خطبات بھی ارشاد فرماتے تھے۔[9] قیام پاکستان کے بعد پاکستان میں نفاذ اسلام کی کوششوں کے فن میں علمی و قانونی مسائل کی مشاورت کے لیے جو بزرگ ہندوستان سے پاکستان میں مقیم رہنے کے بعد واپس ہندوستان تشریف لائے ان میں مناظر احسن گیلانی بھی شامل تھے۔ آپ کچھ عرصہ پاکستان میں مقیم رہنے کے بعد واپس ہندوستان تشریف لے گئے۔ ہندوستان واپسی کے بعد ۱۹۵۳ء میں آپ کو دل کا دورہ پڑا مگر جلد صحت یاب ہو گئے۔ تاہم بعد ازاں ۱۹۵۶ء میں آپ کو پھر دل کا دورہ پڑا جس سے آپ جانبر نہ ہو سکے۔

مولانا کی وفات

مولانا مناظر احسن گیلانی کی رحلت کا واقعہ بھی سبق آموز ہے۔ مولانا کا خیال تھا کہ موت کے وقت تکلیف نہیں بلکہ نیند کی کیفیت ہوتی ہے ان کے تحریر کردہ اوراق میں سے ایک ورق پر یہ تحریر لکھی ہوئی بھی ہے۔ ۱۰ اپریل ۱۹۵۲ء یکایک سونے کے وقت رات کو قرآنی آیت: ﴿اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا وَالَّتِي لَمْ تَمُتْ فِي مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِي قَضَى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْأُخْرَى إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى﴾ کا خیال آیا۔ عجیب بات ہے کہ آخر میں فرما ہی دیا گیا۔ ﴿إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ﴾[10]۔

مگر سمجھ میں نہیں آتا کہ مسلمانوں میں موت کے متعلق طرح طرح کی روایتیں مشہور ہو گئی ہیں موت بھی اسی طرح آتی ہے۔ نیند آنے میں سونے والوں کو تکلیف کب ہوتی ہے۔ پھر موت میں تکلیف کا تصور عجیب ہے۔

حضرت تھانوی نے بھی غزالی کی ان روایتوں کی تنقید کرائی تھی، جن سے موت کے شدائد پر امام نے احیاء العلوم میں استدلال کیا ہے۔[11] اسی حسن خیال کے مطابق مولانا کے ساتھ واقعہ اَجل پیش آیا کہ رات کو بارہ بجے تک کچھ اشعار سنتے رہے۔ صبح نماز پڑھی، وظیفہ کرنے کے بعد پلنگ پر آکر آرام سے چادر اوڑھ کر لیٹ گئے، اور دار باقی کی طرف یوں چل دیئے کہ ساتھ بیٹھے ہوؤں کو بھی پتا نہ چل سکا۔ جب لوگوں نے دیکھا کہ پلنگ پر ایک نوجوان کی طرح کا شگفتہ و شاداب چہرے والا انسان پڑا ایسے معلوم ہوتا تھا، جیسے راحت کی نیند سو رہا ہے۔[12]

تصنیف و تالیف

مولانا خود فرماتے تھے کہ ان کی کوئی تصنیف بھی باضابطہ " تصنیفی پروگرام " کے تحت انجام نہیں پائی۔ یہی ہوتا رہا کہ کسی نے مضمون لکھنے کی فرمائش کر دی یا طلبہ کے لیکچر کی تیاری یا ان کے مقالات کی رہبری کے سلسلہ میں معلومات فراہم کرنا پڑیں۔ وہ معلومات اتنی زیادہ اور قیمتی ہوئیں کہ ہر موضوع پر ایک مستقل کتاب خود بخود تیار ہو گئی۔

بہر کیف اس غیر تصنیفی پروگرام کے باوصف آپ کی کئی تالیفات زیور طبع سے آراستہ ہوئیں۔ جن میں مقدمہ تدوین قرآن ، تذکیر بسورۃ الکھف ،تدوین حدیث، النبی الخاتم ، مقدمہ تدوین فقہ ، اسلامی معاشیات اور امام ابو حنیفہؒ کی سیاسی زندگی وغیرہ، قابل ذکر ہیں۔

مولانا گیلانی اور تصوف

تصوف پر مناظر احسن گیلانی کا ایک ابتدائی مضمون کائنات روحانی کے زیر عنوان "القاسم" میں چھپا ۔علاوہ ازیں آپ نے تصوف کی بعض کتب کے تراجم بھی کئے جیسے سید مرتضٰی الزبیدی کی النفخة القدوسية اور شاہ اسماعیل شہید کی طبقات وغیرہ۔ ۱۹۴۴ء میں آپ کا ایک رسالہ الدین القیم شائع ہوا۔اس میں مولانا نے صوفی اور متکلم کی حیثیت سے "صوفیانہ علم الکلام" پیش کیا۔اس میں انہوں نے وحدت الوجود اور وحدت الشہود کے مباحث کے ذریعے کائنات کے اس معمہ کو حل کرنے کی کوشش کی جسے عقل و فلسفہ حل کرنے سے عاجز رہا۔(13)

مولانا دوران طالب علمی ہی میں شیخ الہند مولانا محمود الحسن کے ہاتھ بیعت ہو گئے تھے۔ شیخ الہند کی وفات کے بعد آپ نے حیدر آباد میں سلسلہ قادریہ کے ایک بزرگ حضرت حبیبُ العید کے ساتھ تعلق قائم کیا۔ یہ بزرگ شیخ عبدالقادر جیلانی سے نسبی اور باطنی تعلق کے حامل تھے۔ مولانا نے ان سے قادریہ طریق پر تربیت پائی اور خلافت سے سرفراز ہوئے۔ بعد ازاں سلسلہ چشتیہ کے ایک بزرگ مولانا محمد حسین حیدر آبادی کے ساتھ منسلک ہوئے اور کسب فیض کیا اور خلافت کا شرف حاصل ہوا۔

قابل ذکر ہے کہ محمد حسین صاحبِ حال بزرگ تھے۔آپ جب بیمار ہوئے، دوا پینے کا وقت آیا تو فوراً اٹھ بیٹھے اور فرمایا کہ تدبیر امرِ شرعی ہے اس کا احترام کرنا ضروری ہے یہ کہتے ہوئے دوا پی لی اور ہنستے ہوئے

غلبہ شوق میں ارشاد ہے " مگر بھائی اب تو ہم چلے "اس کے ساتھ ہی منہ پر چادر کھینچ لی اور "أشْهَدُ أنْ لَّا اِلٰهَ إلاَّ الله "پڑھتے ہوئے رخصت ہو گئے (14)۔ مناظر احسن گیلانی اگرچہ دہری خلافت رکھتے تھے، مگر آپ نے کبھی کسی کو بیعت نہیں کیا۔ البتہ ہزاروں کی تعداد میں آپ کے شاگردوں نے آپ سے کسبِ فیض کیا اور دیگر علوم کے ساتھ ساتھ آپ سے تصوف بھی سیکھا۔

مقالاتِ احسانی

مولانا عبد الماجد دریا آبادی کے مشاہد کے مطابق مولانا گیلانی اگرچہ خانقاہی رسوم کے قائل نہ تھے لیکن شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی سے ان کو خصوصی عقیدت تھی اور روحانی مناسبت بھی۔(15) قیام گیلانی کے زمانہ میں انہوں نے شیخ اکبر کے مطالعہ کے لئے دار المصنفین اعظم گڑھ سے خصوصی طور پر کتابیں مستعار لی تھیں۔ اسی زمانہ میں تصوف کے حوالہ سے آپ کے لکھے گئے مضامین تصوف پر آپ کی ایک اہم تالیف مقالات احسانی کی صورت میں جمع کئے گئے ہیں۔

ان مضامین میں مولانا نے اس بات پر زور دیا کہ اگرچہ سلاسل تصوف کے ساتھ منسلک ہونا دینی تعلیمات پر عمل میں حسن و جمال پیدا کرتا ہے جسے قرآن و سنت میں احسان سے تعبیر کیا گیا ہے تاہم اس مقام احسان کا حصول ان سلاسل کے ساتھ منسلک ہوئے بغیر بھی ممکن ہے۔ مقدم الذکر رجحان کو وہ طریقہ غزالیہ کا عنوان دیتے ہیں جبکہ مؤخر الذکر راہ عمل کو انہوں نے طریقہ اشغال مطلقہ یا اطلاقی تصوف کا نام دیا ہے۔

طریق غزالیہ

مولانا گیلانی کا کہنا ہے کہ عہد رسالت اور خلافت راشدہ میں ظاہر و باطن، قلب و قالب، اور جسم و روح میں توازن و ہم آہنگی تھی۔ اس دور میں عرفان ذات الٰہی اور وصول الی اللہ کے لئے دنیا سے بے زاری اور اسباب سے بے نیازی و، دوری کی شرط نہ تھی بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دنیاوی ساز و سامان اور دنیاوی فرائض کی انجام دہی کے ساتھ ساتھ اس طرح عرفانی رنگ میں رنگ جاتے تھے کہ ان کو مجاہدات و مراقبات کی ضرورت ہی لاحق نہ ہوتی تھی۔

لیکن جب خلافت پر ملوکیت نے قبضہ جما لیا تو دنیاوی زیب و زینت اور ظاہری آرائش و آسائش نے لوگوں کے دلوں پر تسلط قائم کر لیا۔ تب بزرگان دین کے ایک طبقے نے ان ظاہر داریوں سے گریز کی راہ اپنائی

اور درویشانہ زندگی اختیار کی۔اس دوران حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تعلیمات اور عملی زندگی کے نمونہ سے شریعت کے ظاہری احکام (فقہیات)اور باطنی ہدایات (تقوی وعبادت) کو جمع کر دیا۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دلنشین اسلوب اور مؤثر طرز بیان سے صوفیائے سابقین کی ساری تعلیمات کو اپنی کتابوں احیاء العلوم اور کیمیائے سعادت وغیرہ میں سمو دیااور یوں تصوف کے طریق غزالیہ کا ظہور ہوا۔مولانا گیلانی کا کہنا ہے کہ اس ضمن میں نہ صرف امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے دور کے سیاسی حالات کا دخل تھابلکہ اس طریق کی تشکیل میں خود امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کو پیش آنے والے بعض تجربات کا بھی دخل تھا۔امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا دور مسلمان حکومتوں کے ارتقاء کا زمانہ تھا۔تب مشرق ومغرب کے خزانوں کی کنجیاں مسلمانوں کے ہاتھوں میں تھیں۔اس لئے ان کی بیان کردہ صوفیانہ تعلیمات میں ان رجحانات کے برخلاف دنیا گریز رجحانات کا عنصر غالب تھا۔تاہم یہ ان کا ایک بڑاکارنامہ ہے کہ انہوں نے اپنے عہد میں نظام اخلاق کی تاراجی کو محسوس کیااور اس کے استحکام کی جانب امت کی توجہ مبذول کروائی۔(16)

مولانا گیلانی کا کہنا ہے کہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے اس طریق پر چلنے کے لئے ہمہ تن غرق مجاہدہ ہوناپڑتا ہے۔نہ معاشی مشغولیت کی صورت پیدا ہو سکتی ہے نہ درس وتدریس جیسے دیگر فرائض کی انجام دہی کی۔ایسی کامل یکسوئی اور دنیوی فرائض سے یکسر دامن کشی کے ڈانڈے رہبانیت سے جا ملتے ہیں جس کی اسلام میں ممانعت ہے۔

اس لئے مولانا گیلانی کے خیال میں احسانی کیفیات کا حصول اشغال صوفیہ پر موقوف نہیں۔مخصوص صوفیانہ اشغال اور مجاہدات تجربہ کی بناپر مفید تو ضرور ہیں مگر واجب نہیں۔کسی شخص کے لئے ان سے ممارست نہ کرنا مراتبِ احسان تک پہنچنے میں رکاوٹ نہیں بنتا۔اصل چیز شریعت کے اوامر ونواہی ہیں جن کا ہر مکلف پابند ہے۔

آپ کے خیال میں اشغال صوفیہ کی اہمیت ایسی ہی ہے جیسے برف سے ہوا بننے تک پانی کو مختلف مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔اسی طرح انانیت فراموشی کے درجے تک انسانی نفوس بھی مختلف حالات سے گزرتے ہوئے ہی پہنچتے ہیں۔جن کے لئے اشغال کا طریقہ اختیار کرنا ہوتا ہے۔

طریقہ اشغال مطلقہ یا اطلاقی تصوف:

مولانا گیلانی کے نزدیک انتساب الی السلاسل کا درجہ مندوب کا ہے۔ان کے خیال میں انسان اصحاب سلاسل میں سے ہوئے بغیر بھی مرتبہ احسان پر فائز ہو سکتا ہے، جس کا مشاہدہ ہم اسلام کے صدر اول میں کرتے ہیں۔ مولانا گیلانی نے اسے اطلاقی تصوف سے تعبیر کیا ہے۔ یوں مولانا مرحوم نے طریق غزالیہ جو دنیا گریزی کے رجحانات کا حامل ہے' کے مقابل اطلاقی تصوف کے تصور کو نمایاں کیا ہے اور اس سلسلہ میں شیخ اکبر ابن عربی اور خانوادہ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے علماء کی تصریحات سے استشہاد کیا ہے۔

ان شہادتوں کو بیان کر کے مولانا گیلانی بتاتے ہیں کہ صوفی بننے اور صوفیانہ سلوک کی راہ اختیار کئے بغیر بھی ان نسبتوں کے حصول کی گنجائش ان لوگوں کے لئے بھی پائی جاتی ہے جو کسی وجہ سے دین و دنیا کے دیگر مشاغل اور دھندوں میں مصروفیات سے کنارہ کشی اختیار کرنے کی صورت نہیں پاتے۔

اس ضمن میں مولانا گیلانی شیخ اکبر کے حوالہ سے رجال اللہ کی سہ گانہ تقسیم کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ مردان خدا میں عباد و زہاد کی دو جماعتیں تو وہ ہیں جو اپنے ظاہر و باطن کو پاک کرتے ہیں اور ان سے ریاکاری کا خوف زائل ہو جاتا ہے انہیں احوال و مکاشفات ملتے ہیں اور ان سے کرامات کا ظہور ہوتا ہے۔

لیکن مردان خدا کا تیسرا طبقہ وہ ہے جو اگرچہ خود پسندی سے کلیۃ پاک بھی نہیں ہوتے اور نفسانیت کا اثر بھی ان پر باقی رہتا ہے لیکن یہ تیسرا گروہ شیخ اکبر کی نظر میں سب سے زیادہ قابل تعریف ہے۔ نمازوں میں فرائض اور سنن مراتبہ سے زائد میں ان لوگوں کو مشغول ہوتے نہیں پایا جاتا۔ نمازوں کے علاوہ دیگر دینی فرائض سے متعلق بھی ان کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ عوام کے مقابلہ میں ان میں کسی قسم کا امتیاز نہ پیدا ہو۔ چلت پھرت، لباس اور وضع قطع میں بھی یہ عام لوگوں کے رواج کے مطابق چلتے ہیں۔

یہ لوگ دل میں اندر ہی اندر تنہا اپنے آپ کو اللہ کے ساتھ اس طریقے سے باندھے رکھتے ہیں کہ خدا کے سوا ان کے اندر گویا کچھ ہے ہی نہیں۔ وہ اپنے مالک و معبود کے ساتھ اس تعلق کو ہمیشہ تر و تازہ رکھتے ہیں خدا کے سامنے اپنی خاکساری اور محتاجی کا احساس انہیں ہر وقت رہتا ہے۔[17]

طریقہ اشغالِ مطلقہ یا اطلاقی تصوف کی راہ پر چلنے والے اس گروہ کے خصائص بتاتے ہوئے مولانا مرحوم بحوالہ ابن عربی لکھتے ہیں کہ یہ دانش مندوں اور حکماء کا گروہ ہے جو ہر چیز کو ٹھیک اس کے قدرتی مقام پر رکھتا ہے۔ یہ گروہ اسباب کی نفی نہیں کرتا۔ جن اسباب کا دنیا کی موجودہ زندگی سے تعلق ہے، یہ لوگ ان کے

اقتضاء کو اس زندگی میں پورا کرتے ہیں اور اخروی زندگی کے نتائج کو قدرت نے جن اسباب کے ساتھ وابستہ کیا ہے ان کے اقتضاء کی تکمیل بھی آئندہ زندگی کے نتائج کے لئے کرتے ہیں۔[18]

اگرچہ اسباب کی اہمیت میں بد ترین قسم کی عقلیت کے مریض بھی ایسا ہی نقطہ نظر رکھتے ہیں مگر ان مردان خدا یا رجال اللہ کا اس طبقہ "مریضانِ عقل" سے امتیاز یہ ہے کہ یہ لوگ اسباب پر تکیہ نہیں کرتے۔ چنانچہ بحوالہ ابن عربی لکھتے ہیں کہ سبب اور اس کی اقتضاؤں کی تکمیل کے دوران میں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر انہی اسباب پر ٹیک لگالی جائے اور انہی کو سب کچھ سمجھ لیا جائے تو یہی شرک اور الحاد ہے۔[19]

شیخ اکبر کا کہنا یہ ہے کہ اہل اللہ میں سب سے اونچا طبقہ انہی لوگوں کا ہے۔ یہی لوگ حق سبحانہ و تعالیٰ کے پاس سب سے زیادہ قریب ہیں۔ مولانا گیلانی لکھتے ہیں کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رجالُ اللہ اور مردانِ خدا کے مذکورہ بالا دو طبقات کے بزرگوں کو بھی شیخ رحمۃ اللہ علیہ اگرچہ مردانِ خدا ہی میں شمار کرتے ہیں لیکن تیسرے طبقے کے وہ سب سے زیادہ مداح ہیں۔ مولانا گیلانی لکھتے ہیں:

مان بھی لیا جائے کہ یہ شیخ کا ذاتی مذاق ہو لیکن اس سے اتنی بات تو بہر حال ثابت ہو جاتی ہے کہ خود صوفیوں میں بھی ایسے افراد گزرے ہیں جن کے نزدیک دین کے احسانی مقام تک ترقی کر کے پہنچنے کے لئے اس سے زیادہ وقت دینے کی ضرورت نہیں جتنا وقت بہر حال ایک مسلمان کو اپنے دین کے فرائض و واجبات اور سنن کے ادا کرنے کے لئے ضروری ہے۔[20]

مولانا نے شیخ اکبر کے حوالہ سے لکھا ہے کہ اس تیسرے گروہ کو ملامتیہ کے نام سے موسوم کیا جانا چاہیئے۔ کیونکہ عباد تو اپنی عبادت اور زہد کی وجہ سے شہرت و امتیاز حاصل کر لیتے ہیں اور کشف و کرامت کی وجہ سے دوسرا طبقہ عوام میں عظمت و مقبولیت اختیار کر لیتا ہے لیکن رجال اللہ کے اس تیسرے طبقے کو ان تمام امور سے محرومیوں پر صبر کرتے ہوئے زندگی گزارنی پڑتی ہے۔

تصوف کا نصی استناد

قابل ذکر ہے کہ مولانا مرحوم نے اگرچہ تصوف کو طریق غزالیہ کے زیر عنوان ہدف تنقید تو بنایا ہے مگر وہ اسے علوم اسلامیہ کا ایک اہم شعبہ بھی قرار دیتے ہیں۔ اور یوں تصوف کی نفی کرنے والوں اور تصوف ہی کو سب کچھ قرار دینے والوں نے درمیانی راہ اپنائی۔ اور تصوف کو منصوص بنیادوں پر استوار قرار دیا۔

مولانا گیلانی ایک عام درجہ کے عالم نہ تھے۔آپ مایۂ ناز محقق،تاریخ اور علوم عصریہ کے واقف حال،قدیم اسلامی لٹریچر کے ماہر اور دیگر علوم ظاہریہ میں امتیاز رکھتے تھے۔آپ نے جس پختگی کے ساتھ علم تصوف کا نصی استشہاد بتایا وہ انہی کا عالمانہ امتیاز ہے۔

مولانا گیلانی کا کہنا ہے کہ تصوف اسلامی علوم کا ایک اہم شعبہ ہے۔اس پر بدعت کا اطلاق کرنا حقیقت شناسی نہیں۔اس ضمن میں وہ شاہ اسماعیل شہید کی کتاب طبقات کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ تصوف پر یہ الزام بھی منصفانہ نہیں کہ اس کا بڑا حصہ غیر منصوص ہے۔اس لئے کہ فقہی مسائل کا ایک بڑا حصہ بھی تو ایسا ہے کہ جس کے متعلق صاحب شریعت سے صراحتاً حکم منقول نہیں۔[21]

اس لئے فقہ ہو یا تصوف یا علم کلام یہ سارے ہی علوم شرعی علوم ہیں اور ان علوم کے سارے ائمہ کی تائید غیب سے کی گئی ہے۔اوران کی تقلید کرنے والے حق کے پیرو ہیں۔[22]

چنانچہ لکھا: کچھ بھی ہو جائے بیان و تفصیل کی صلاحیت ،سلیقہ مندی عوام میں نہ ہو۔لیکن عموماً مسلمانوں میں یہی سمجھا گیا ہے کہ دینی دائرے میں جیسے فقہ اور فقہاء کے اجتہادی و قیاسی مسائل داخل ہیں یہی حیثیت تصوف اور صوفیاء کی بھی ہے۔[23]

مولانا گیلانی چاہتے تھے کہ اہل ظاہر اور اہل باطن کے درمیان جو چشمک یا ناراضی رہتی ہے اس کا سلسلہ ختم ہونا چاہیئے۔آپ نے اصحاب حدیث کو امام احمد بن حنبل جیسے محتاط محدث کا صوفیائے وقت سے متاثر ہونے کے حوالے سے بتایا کہ امام موصوف صوفیوں کے سر خیل حارث محاسبی اور ان کے رفقاء کے احوال سے غیر معمولی طور پر متاثر ہوئے۔ان کے احوال سنتے ہوئے خود صاحب حال ایسے ہوئے کہ روتے روتے آپ پر غشی طاری ہو گئی۔

تصوف میں اختلاف سلاسل:

تصوف کے مختلف سلاسل کے درمیان اختلاف کے ضمن میں بھی آپ کی توجیہ قابل توجہ ہے۔وہ اس اختلاف کو صرف اسمی اور تبرکی اختلاف سے تعبیر کرتے ہیں اور اس مسئلے کو بزرگوں کے انداز طبائع اور فطری رجحانات کے اختلاف سے تعبیر فرما کر حل فرماتے ہیں۔ان کے نزدیک یہ اختلاف ایسا ہی ہے جیسے لوگوں

کی سانسوں کا اختلاف کہ ہر شخص کی سانس دوسرے سے مختلف ہوتی ہے۔اسی لئے کہا جاتا ہے کہ **"عدد الطرق الی اللہ للناس بعدد الانفاس"** (24)

نیز آپ لکھتے ہیں:

"اور ٹھیک جیسے فقہ میں باوجود اختلافات کے حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی مکاتب خیال اہل سنت یا اہل حق ہی کا مکاتب خیال سمجھے جاتے ہیں اسی طرح قادری، نقشبندی، سہروردی اور چشتی وغیرہ صوفیوں کے ان مختلف طرق و سلاسل کے متعلق یہی باور کیا جاتا ہے کہ ان میں ہر طریقہ صحیح اور درست ہے۔اختلافات جو کچھ بھی صوفیوں کے ان مختلف طریقوں میں پائے جاتے ہیں ان کا تعلق صاحب طریقہ کے فطری رجحانات یا ان لوگوں کے خصوصی حالات سے ہے جن میں پہلے پہل یہ طریقہ مروج ہوا۔"(25)

وہ اس ضمن میں خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ محمد ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی تقابلی مثال پیش کرتے ہیں کہ دونوں بزرگ ہم عصر اور ہم شہر تھے، دونوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے کسب فیض کیا لیکن دونوں کے طریقے مختلف تھے۔ان کا یہ اختلاف کوئی بنیادی و اصولی اختلاف نہ تھا، بلکہ یہ ان کے شخصی مزاج اور تربیتی ماحول کا ان کی تعلیمات پر اثر تھا۔(26)

مولانا اس اختلاف کو صحابہ کے مزاج طبعی اور ذوق شخصی کے اختلاف سے تعبیر کرتے ہیں اور اختلاف کی ان ناگزیر قدرتی شکلوں کو مفید قرار دیتے ہیں۔ وہ مثال دیتے ہیں کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کی رافت و نرمی اور عمر رضی اللہ عنہ کی شدت و گرمی دونوں ہی سے امت کو فائدہ پہنچتا رہا۔(27)

حواشی و حوالہ جات

1) سفیر اختر، ڈاکٹر، سید مناظر احسن گیلانی: احوال و آثار پر ایک طائرانہ نظر۔ مقالہ در تدوین حدیث از مناظر احسن گیلانی، مکتبہ العلم، لاہور ص: ۸
2) سفیر اختر، ص: ۹ بحوالہ: ہندوستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت از مناظر احسن گیلانی، ندوۃ المصنفین دہلی، ۱۹۴۴ء، ص: ۱/۳۵۳
3) سفیر اختر، ص:10
4) بحوالہ تذکرہ مسلم شعراء بہار از حکیم سید احمد اللہ ندوی، کراچی، 1968ء، ص: ۴/219
5) سفیر اختر، ص:12
6) سفیر اختر، ص:13
7) سفیر اختر ص: 13-14، بحوالہ یاد ایام عمر گزشتہ از مناظر احسن گیلانی، ماہنامہ دار العلوم دیوبند 1374ء، ص:34
8) سفیر اختر، ص: 14-15 بحوالہ: مکاتیب، گیلانی از مناظر احسن گیلانی، مرتبہ منت اللہ رحمانی، دار الاشاعت رحمانی، مونگیر 1972ء، ص: 85/1
9) سفیر اختر، ص:17
10) سورۃ الزمر: 42/39
11) مولانا مناظر احسن گیلانی پر معارف اعظم گڑھ 79:4، ص: 269 پر سید صباح الدین عبدالرحمٰن کا مضمون
12) معارف 79:4، ص: 269
13) معارف 79:3، ص: 180
14) تذکرہ احسن از غلام محمد، در مقالات احسانی از مناظر احسن گیلانی، مکتبہ اسعدیہ کراچی، 2005، ص: 22
15) بحوالہ وفیات ماجدی از عبد الماجد دریابادی، مرتبہ عبد القوی دریابادی، عبد الماجد اکیڈمی لکھنؤ، ۱۹۷۸ء، ص: ۷۹
16) مقالات، ص: ۱۰۸
17) مقالات، ص: ۴۷
18) مقالات، ص: ۲۷۱
19) مقالات، ص: ۲۷۲
20) مقالات، ص: ۴۹

21) مقالات، ص:۳۵
22) مقالات، ص:۳۴
23) مقالات، ص:۳۵
24) مقالات، ص:۲۳۴
25) مقالات، ص:۳٦
26) دیکھئے مقالات، ص:233-269
27) مقالات، ص:271-272

****

بالوں کو سنوارنے سے متعلق شرعی احکامات

The Ruling of Hairstyling According to the Islamic Law

سبین اکبر*

ABSTRACT

Allāh Almighty has concentrated most of the physical beauty of the human beings in the upper part of the human body, i.e., the face and what surrounds the face. Here is displayed the important features of human beauty. Hair on head adds beauty to a person's countenance. Especially, long, thick, silky & shiny hair is always preferred by females. But it required to be kept clean, tidy and properly combed.

Unfortunately, often, it seems that the women, who wear "Ḥijāb", do not bother to maintain their hair in a proper manner. Since, it is out of sight, so is out of mind, but, it does not mean that since if hair is not visible, they should neglect it. Sometimes, improper keeping of hair creates a lot of problems like lice, itching, dandruff, hair fall, etc. Therefore, cleanliness is the most important element for the health of hair and Islām also recommends the same.

Most of the time, people adopt different methods and products for hairstyling, such as branded shampoo, extensions, transplantation of hair, dyeing, trimming of hair, etc. But, people need to know the Islamic ruling of beatification, so that they may not indulge in something, which is not allowed in the Islamic law.

Therefore, the author of this paper, chose this topic to explore and hence, guide the people, especially, the women, the methods and types of products that are allowed for them to use and adopt, and the others ones that are forbidden or undesirable, according to Islamic law of beautification.

Keywords: *Hair, Hairstyling, Trimming, Cutting, Dyeing, Transplantation of Hair. Wig*

* اسسٹنٹ پروفیسر، بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز، کوئٹہ

فطرتاً مرد ہو یا عورت، سب کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ حسین سے حسین تر نظر آئیں اس مقصد کے لئے بسا اوقات وہ ایسے طریقے بھی اختیار کرتے ہیں جو شرعاً ممنوع ہوتے ہیں۔ بال خوبصورتی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اسی لئے بناؤ سنگھار میں بالوں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے ویسے بھی بال انسانی شخصیت اور حسن کا اہم ترین حصہ ہیں ایک محتاط اندازے کے مطابق مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی زندگی کا دس فیصد وقت ان کے بالوں کی صفائی ستھرائی اور سنگھار میں صرف ہو جاتا ہے۔

بالوں کی اصل ہیئت واہمیت

بال بنیادی طور پر انسانی حسن کا اساسی حصہ ہیں جبکہ عورت کے حسن میں بالوں کا گھنا اور طویل ہونا اس کی اصل ہیئت اور خوبصورتی ہے۔ قبل از اسلام نیز ابتداء اسلام تا دور حاضر فیشن کے نظریات تبدیل ہوئے ہیں۔ گو کہ اب بالوں کا کٹوانا خوبصورتی اور سنگھار کا حصہ ہے لیکن اس کے باوجود لمبے بالوں کو تمام خواتین اب بھی پسند کرتی ہیں۔ شاید لاکھوں میں ایک آدھ عورت ہو جسے لمبے بال اچھے نہ لگتے ہوں لہذا عورتوں کے بالوں میں اصل یہی ہے کہ ان کو بڑھنے دیا جائے کاٹا نہ جائے۔

ائمہ کے فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ بلاضرورت عورت کے بال کٹوانا، کتروانا یا فیشن کے طور پر سامنے دائیں، بائیں یا پیچھے کی جانب سے کٹوانا، لٹکوانا یا اتنا چھوٹا کروانا، جس میں مردوں سے مشابہت ہوتی ہو اسے ناجائز نہیں قرار دیا ہے کیونکہ مردوں سے مشابہت کرنے پر حدیث شریف میں لعنت وارد ہوئی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔

((لَعَنَ اللّٰهُ المُتَشَبِهِينَ مِنَ الرِّجالِ بالنِّسَاءِ، وَالمُتشبِهاتِ مِن النِّسَاءِ بالرِّجَالْ))(1)

ترجمہ: رسول ﷺ نے مردوں کو عورتوں سے مشابہت اختیار کرنے اور عورتوں کو مردوں کی مشابہت اختیار کرنے پر اللہ کی لعنت ہے۔

بالوں کے احکامات کیا ہیں؟ اس مقالے میں ان تمام کا احاطہ تو ناممکن ہے مگر اہم مسائل پر گفتگو ذیل میں کی جاتی ہے۔

کنگھی اور برش کا استعمال

بال رکھنے والوں کے لئے سر میں کنگھی اور صفائی شرعاً ضروری ہے مگر اس کا مطلب ہر گز یہ نہیں کہ بس آدمی کا دن رات یہ مشغلہ بن جائے حتیٰ کہ آدمی اپنے بالوں کا ہی ہو کر رہ جائے۔ بال انسان کی زندگی

میں بہت اہمیت کے حامل ہیں اگر بالوں کی صفائی نہ رکھی جائے، ان میں کنگھی نہ کی جائے تو بہت سے مسائل لاحق ہو جاتے ہیں جن میں جوئیں پڑنا، خارش اور خشکی شامل ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ:

((نَهَى رَسُولُ اللَّهِ ρ عَنْ التَّرَجُّلِ إِلَّا غِبًّا))(2)

ترجمہ: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لگاتار سر کو کنگھی کرنے سے منع فرمایا۔

لہذا ہر وقت کنگھی کی عادت نہیں بنانی چاہیئے بلکہ وقفہ کے ساتھ کنگھی اور صفائی شرعاً ضروری ہے۔اسی طرح برش اور کنگھی کا صاف رکھنا بھی نہایت ضروری ہے کیونکہ جو بال اپنی عمر پوری کر چکے ہیں ان کا سر میں لگا رہنا اچھا نہیں ہوتا کنگھا اور برش کرنے سے مردہ بوڑھے بال جو اپنی عمر پوری کر چکے ہوتے ہیں سر سے الگ ہو جاتے ہیں اور نئے بالوں کے نکلنے اور ان کے پرورش پانے کی فضاء تیار ہو جاتی ہے۔ مردہ بالوں کا سر میں رہنا زندہ بالوں کے حسن اور صحت پر بھی اثر انداز ہوتا ہے اس لئے روزانہ برش اور کنگھا کر لینا چاہیئے اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ سر میں خون کی گردش بحال رہتی ہے۔

کنگھی و برش کا استعمال اور سائنسی تحقیقات

محمد انور کنگھی اور برش کے استعمال کی سائنسی تحقیقات کے بارے میں کچھ یوں قمطراز ہیں کہ:

"عام طور پر نرم بالوں کا برش اچھا ہوتا ہے مگر سر کی خون بردار نالیوں میں تحریک پیدا کرنے کے لئے سخت بالوں کا برش بہتر خیال کیا جاتا ہے ایسے برش کو خوب دبا کر سر میں پھیرنا چاہئے اور برش کے سخت بالوں کو دھیرے دھیرے سر پر اس وقت تک مارنا چاہئے جب تک سر میں ہلکی سی جھنجھاہٹ پیدا نہ ہو جائے۔اس کے بعد سر میں کنگھا کرنا چاہئے کنگھے کے دانت چوڑے ہونے چاہئیں جس کنگھے کے دندانے ٹوٹ جائیں اسے استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ سر میں برش اور کنگھا کرنے سے بالوں کا جھڑنا بند ہو جاتا ہے کیونکہ سر میں دورانِ خون تیز ہو کر بالوں کو غذا خوب ملنے لگتی ہے اس کے علاوہ برش قدرتی تیل کو بالوں میں بانٹ کر ان کی چمک اور نرمی بڑھا دیتا ہے اسی کے ساتھ موسمی اور فضائی اثر سے بچا کر بالوں کو ٹوٹنے اور گرنے سے بچاتا ہے۔۔۔۔ بالوں کی صحت کے لئے کنگھی نہایت مفید شے ہے، بالوں میں سے گرد نکل جاتی ہے، میل دور ہو جاتا ہے، جلد صاف ہو جاتی ہے ہر روز نہایت باقاعدگی سے کنگھی کرنی چاہئے اس سے بالوں کی ڈرائی کلیننگ اور حیرت انگیز طریقے سے صفائی ہو جاتی ہے اور جلد میں خون کی گردش بڑھ جاتی ہے"(3)

سر پر جوڑا

بالوں کو جمع کر کے سر کے اوپر باندھنا ناجائز ہے، چاہے کسی رسی کے ذریعے انہیں باندھا جائے یا اس مقصد کے لئے جدید اشیاء کا سہارا لیا جائے کیونکہ اس سے سر پر اونٹ کے کوہان جیسی شکل نمودار ہو جاتی ہے۔ حدیث مبارکہ میں ایسے بال خاص طور پر بدقماش اور جہنمی عورتوں کی پہچان بتائے گئے ہیں۔ اس لئے ان کا اس طرح باندھنا ناجائز ہے، اگر اس طرح باندھیں گی تو حدیث کی وعید میں داخل ہو جائیں گی اور اس کے علاوہ نماز بھی مکروہ ہو گی۔ اس سلسلے میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

((نَهَى رَسُولُ اللهِ ρ عَنِ الزُّورِ))(4)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بالوں کو جوڑ کر جوڑا بنانے سے منع فرمایا ہے۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ "مرقاۃ المفاتیح" میں (رُءُوسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ) کے تحت سر پر جوڑا بنانے کے بارے میں فرماتے ہیں:

" أي يعظمنها ويكبرنها بلف عصابة، ونحوها وقيل: يطمحن إلى الرجال لا يغضضن من أبصارهن ،ولا ينكسن رؤوسهن"(5)

ترجمہ: اور وہ عورتیں جو بالوں کو لپیٹ کر سر پر باندھ لیتی ہیں جس کی وجہ بال بہت معلوم ہوتے ہیں، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایسی عورتیں (اس فیشن کے ذریعے) اجنبی مردوں کی جانب مائل ہوتی ہیں (اور نہیں اپنی جانب مائل کرتی ہیں) نہ تو وہ اپنی نظروں کو جھکا کر رکھتی ہیں اور نہ ہی سر کو ڈھانپتی ہیں۔

مفتی رشید احمد لکھتے ہیں:

"حالت میں نماز میں گدی پر جوڑا بنانا جائز بلکہ افضل ہے اس لئے کہ اس سے بالوں کے پردے میں سہولت ہوتی ہے"۔(6)

حاصل کلام یہ ہے کہ اس وعید میں وہ عورتیں داخل ہوں گی، جو بالوں کو لپیٹ کر سر پر باندھ لیتی ہیں جس کی وجہ سے بال گھنے معلوم ہوتے ہیں اور اس کا مقصد بھی اجنبیوں کو دکھانا ہو، باقی وہ خواتین جو گھروں میں کام کاج کے دوران بالوں کا جوڑا بنا لیتی ہیں یا گھر ہی میں اپنے بالوں کو کپڑے وغیرہ کے ذریعے باندھ لیتی ہیں، تو یہ خواتین اس وعید کا مصداق نہیں۔

کلپ، سلائی اور پراندہ کا استعمال

علامہ الشوکانی بیان کرتے ہیں:

"جائز بلا کراہت ہیں جبکہ اپنے گھروں میں اپنے محارم یا صرف عورتوں کے روبرو ہو ورنہ غیر محرم کے سامنے ظاہر کرنا قطعاً جائز نہیں، چھوٹی بچیاں جو کہ نابالغ ہوں وہ کسی بھی وقت لگا سکتی ہیں"۔ (7)

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ پراندہ کے استعمال کے بارے میں لکھتے ہیں:

"فأما ربط خيوط الحرير الملونة ونحوها مما لايشبه الشعر فليس بمنهى عنه لأنه ليس بوصل ولاهو في معنى مقصود الوصل وانما هُوَ لِلتَّجَمُّلِ وَالتَّحْسِينِ"(8)

ترجمہ: پس رنگیلا بریشم کے دھاگے مربوط کرنا اور دیگر اسی طرح چیزیں جو بالوں کے ساتھ مشابہ نہ ہو، پس یہ ممنوع نہیں ہے کیونکہ یہ نہ وصل ہے اور نہ مقصود وصل کے معنی میں داخل ہے بلکہ یہ تو خوبصورتی اور حسن کے لئے ہیں۔

وگ لگانا

بعض خواتین اپنے بال لمبے گھنے دکھانے کیلئے دوسری عورت یا مرد کے بال اپنی چٹیا یا بالوں میں ملا لیتی ہیں۔ وگ کا معاملہ بھی بالکل اس جیسا ہے۔ یہاں بھی بالوں کو حقیقی بالوں سے ملایا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ مسلمانوں کے ہاں وگ کے استعمال پر کوئی تاریخی شہادت دستیاب نہیں ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اسلام نے وگ پہننے کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے جس کی تفصیل ذیل میں دی جاتی ہے۔

وگ کی شرعی حیثیت

فقہا کے نزدیک بالوں کے ساتھ انسانی بالوں کو ملا کر انہیں لمبا کرنا حرام ہے اس مفہوم کی متعدد احادیث صحیح مسلم اور دوسری کتب وحدیث میں موجود۔ وگ کی حرمت کا مسئلہ اتنا اہم ہے کہ امام بخاریؒ نے اپنی کتاب "صحیح بخاری" میں ایک مستقل عنوان" **الوصل فی الشعر**"(9)

ترجمہ: بالوں کے ساتھ دوسرے بالوں کو ملانا۔) کے نام سے تحریر کیا ہے۔

ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی لکھتے ہیں:

"ووصل الشعر بشعر الآدمي حرام ...... سواء أكان شعر المرأة أم شعر غيرها، لما فيه من التزوير."(10)

ترجمہ: آدمی کے بالوں کے ساتھ انسانی بالوں کو ملانا حرام ہے چاہے وہ عورت کے بال ہوں یا اس کے علاوہ کسی اور کے کیونکہ اس میں تزویر ہے۔

وگ کے متعلق حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہا سے روایت مروی ہے آپ فرماتی ہیں۔

"لعن النبي ρ الواصلة والمستوصلة"(11)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بال جوڑنے اور جڑوانے والی پہ لعنت فرمائی ہے۔

اس سلسلے میں حمید بن عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کا بیان ہے۔

((أنه سمع معاوية بن أبي سفيان عام حج وهو على المنبر وهو يقول وتناول قصة من شعر كانت بيد حرسي أين علماؤكم ؟ سمعت رسول الله ρ ينهى عن مثل هذه ويقول (إنما هلكت بنو إسرائيل حين اتخذ هذه نساؤهم))(12)

ترجمہ: میں نے حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ کو حج کے سال (جس سال انہوں نے اپنے زمانہ خلافت میں حج کیا) منبر پر فرماتے ہوئے سنا انہوں نے بالوں کا گچھا جو ایک سپاہی کے ہاتھ میں تھا، لیتے ہوئے فرمایا تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرنے سے منع فرماتے ہوئے سنا۔ آپ ؐ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل اسی لئے ہلاک ہوئے جب ان کی عورتوں نے ایسا کرنا شروع کر دیا۔

اگر کوئی عورت انسانی بال لے کر اپنے بالوں کے ساتھ ملا کر لمبا کرنے کی کوشش کرے، تو یہ حرام ہے، چاہے وہ اپنے بال ہی کیوں نہ ہوں۔ کیونکہ حدیث میں ایسی عورتوں پر جو بال جوڑنے والیں ہوں یا دوسری عورتوں یا مردوں سے بال جڑوانے والیں ہوں، دونوں پر لعنت آئی ہے۔

یہاں تک کہ اگر کسی کو یہ خیال ہو کہ بصورت مجبوری ایسا کرنا جائز ہوگا، تو اسے یہ حدیث مد نظر رکھنی چاہئے۔

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا اس سلسلے میں فرماتی ہیں۔

" سألت امرأة النبي ρ فقالت يا رسول الله إن ابنتي أصابتها الحصبة فامرق شعرها وإني زوجتها أفأصل فيه ؟ فقال لعن الله الواصلة والمستوصلة "(13)

ترجمہ: ایک خاتون حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: میری ایک بیٹی کی شادی ہے اور اس کے سر کے بال خسرہ کی وجہ سے جھڑ گئے تھے کیا(آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اجازت دیتے ہیں کہ) میں اس کے بالوں کو گانٹھ کر لمبے بنادوں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بال جوڑنے اور جڑوانے والی پر لعنت کی ہے۔

شرعی اعتبار سے وگ لگانے کے طریقے

بال بڑھانے کے لئے یا سر پر بال نہ ہونے کی صورت میں وگ کا استعمال آج کل رائج ہے اور بطور فیشن بھی اس کا استعمال ہوتا جارہا ہے جبکہ مسلمان ہونے کے ناطے وگ کے استعمال کے ساتھ یہ جاننا بھی انتہائی ضروری ہے کہ شرعی اعتبار سے وگ لگانے کے طریقے کیا ہیں؟ اس کی وضاحت مفتی احسان اللہ شائق اپنی کتاب "خواتین کے جدید مسائل" میں مفتی کمال الدین راشدی کا قول نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں "کہ موجودہ دور میں وگ یعنی بناوٹی بالوں کا استعمال بہت عام ہے اور جدید سائنس نے اس میں بھی کافی ترقی کی ہے اور نئے انداز سے بال لگوائے جانے کے طریقے ایجاد ہوگئے ہیں۔

۱) انسان اور خنزیر کے بالوں کی وگ۔

۲) جانور کے بالوں یا مصنوعی بالوں کی وگ۔"(14)

انسان اور خنزیر کے بالوں کی وگ کا استعمال

انسان اور خنزیر کے بالوں کی وگ کا استعمال بالکل جائز نہیں ہے بلکہ قرآن کی نص کے مطابق خنزیر نجس العین ہے اس لئے اس کی کوئی بھی چیز استعمال کرنا جائز نہیں بلکہ حرام ہے۔

احسان اللہ شائق مزید لکھتے ہیں:

"احادیث سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ انسانی بالوں کی وگ لگوانا جائز نہیں بلکہ حرام ہے اسی طرح خنزیر کے بالوں کی وگ لگوانا بھی جائز نہیں۔ خواہ وگ کے بال مشین کے ذریعے اس طرح لگوائیں کہ وہ جسم کے ساتھ مستقل پیوست (فٹ) ہو جائیں اور وہ جسم سے الگ نہ ہو سکتے ہوں یا اس

طرح نہ لگوائیں بلکہ عارضی طور پر لگوائیں کہ جب چاہیں اسے پہن لیں اور جب چاہیں اسے اتار لیں، ان میں سے کسی صورت میں بھی انسانی بالوں کی وگ لگوانا جائز نہیں۔[15]

جانور کے بالوں یا مصنوعی بالوں کی وگ کا استعمال

نقلی بالوں کی وگ یا ایسے جانوروں کے بالوں کی وگ جو نجس العین نہیں جیسے حلال جانور یا درندے وغیرہ جن کا گوشت کھانا حلال نہیں تو ایسی وگ لگوانا شرعاً جائز ہے خواہ وہ عارضی طور پر لگائی جائے کہ جب چاہے لگالی اور جب چاہے اتار دی خواہ مستقل بنیادوں پر جسم میں پیوست کر دی جائے۔

اس بات کی تائید میں علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔

"ولا يجوز الانتفاع به لحديث لعن الله الواصلة والمستوصلة وإنما يرخص فيما يتخذ من الوبر فيزيد في قرون النساء وذوائبهن هداية"[16]

ترجمہ: مصنوعی بال انسان کے ہوں تو ان سے فائدہ حاصل کرنا جائز نہیں ہے اور اگر انسان کے علاوہ جانور وغیرہ کے ہوں تو ایسے مصنوعی بالوں کا استعمال جائز ہے۔

امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ وگ کے استعمال کے بارے میں فرماتے ہیں۔

((وتفسير الواصِلةِ: التي تَصِلُ الشعَرَ بشعر النساء،... عن سعيدِ بن جُبير، قال لا بأس بالقرامِلِ، قال: أبو داود كأنَّه يذهب إلى أن المنهي عنه شعور النساء.))[17]

ترجمہ: واصلہ وہ ہے جو عورتوں کے بالوں میں بال ملادے...... سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ بالوں کو کسی چیز سے باندھنا منع نہیں ہے، امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ممانعت اس چیز کی ہے کہ عورت اپنے بالوں کے ساتھ کسی دوسری عورت کے بال ملالے۔

امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"يُكْرَهُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَصِلَ شَعْرًا إِلَى شَعْرِهَا، أَوْ تَتَّخِذَ قُصَّةَ شَعْرٍ، وَلا بَأْسَ بِالْوَصْلِ فِي الرَّأْسِ إِذَا كَانَ صُوفًا، فَأَمَّا الشَّعْرُ مِنْ شُعُورِ النَّاسِ فَلا يَنْبَغِي، وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ، وَالْعَامَّةِ مِنْ فُقَهَائِنَا رَحِمَهُمُ اللَّهُ تَعَالَى"[18]

ترجمہ: عورت کیلئے مکروہ ہے کہ وہ اپنے بالوں کے ساتھ اور بال ملائے یا بالوں کا گچھا بنالے اگر وہ بال اون کے ہوں تو اس کے ملانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جہاں تک انسانوں کے بالوں کا تعلق ہے اس کا ملانا جائز نہیں ہے اور یہی قول امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور عام فقہاء کا ہے۔

بالوں کی پیوند کاری

بالوں کی پیوند کاری میں بھی یہی اصول ہے کہ اگر انسانی بالوں سے پیوند کاری کی جائے تو جائز نہیں جبکہ انسانی بالوں کے علاوہ جانوروں کے بال یا مصنوعی بال ہوں تو جائز ہے۔ پیوند کاری کے بارے میں عرفجہ بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں:

((أُصِيبَ أَنْفِي يَوْمَ الكُلاَبِ فِي الجَاهِلِيَّةِ، فَاتَّخَذْتُ أَنْفًا مِنْ وَرِقٍ، فَأَنْتَنَ عَلَيَّ فَأَمَرَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَتَّخِذَ أَنْفًا مِنْ ذَهَبٍ)) (19)

ترجمہ: میری ناک کلاب کے دن ایام جاہلیت کی لڑائی میں کٹ گئی تو میں نے چاندی کی ایک ناک بنوائی وہ بدبودار ہو گئی تو پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے سونے کی ناک بنوانے کا حکم دیا کہ اس میں بدبو نہیں آتی۔

اس روایت میں بالوں کی پیوند کاری کا ذکر تو نہیں البتہ اس بات کا ثبوت ہے کہ کہ جسم میں اگر کوئی نقص آجائے جس کی وجہ سے بدن بھدا لگتا ہو تو مصنوعی طریقے سے اس کا ازالہ کیا جا سکتا ہے۔

گنجے پن کے خاتمے کیلئے بالوں کی سرجری

جدید سائنسی ترقی کے ذریعے گنجے سروں پر بال جدید طریقہ علاج سے لگا دیئے جاتے ہیں اور اس کی بڑی شہرت ہو رہی یہاں بھی وہی شرط ہے کہ وہ بال خنزیر اور کسی دوسرے انسان کے نہ ہوں، تو یہ سرجری جائز ہے۔ لیکن اس کے لئے شرط یہ ہے کہ انسان میں گنجے پن کی وجہ سے کھلا عیب ہو گیا ہو تو چھپانے کے لئے ایسا کرنا درست ہے۔ اس صورت میں بھی جس شخص کے سر پر بال لگائے جا رہے ہیں، اُسی شخص کے بال لئے جانے ضروری ہیں۔ اس عمل کی بنیادی شرط ضرورت ہے ضرورت نہ ہو تو جائز نہیں کیونکہ ہر قسم کے گنجے پن کو چھپانا ضرورت نہیں ہے۔

اس سلسلے میں محمد اعجاز مسلم اپنی کتاب "لباس اور زینت" میں لکھتے ہیں۔

"جدید سرجری والوں کا کہنا ہے کہ گنجے پن کے مریض کے اپنے ہی سر کے پچھلے حصے کے بالوں سے تراش کر انہیں متاثرہ حصہ کے مسام میں پیوست کیا جاتا ہے اور اس میں ہمیں گلو، کلپ یا جھلی کے استعمال کی ضرورت بھی نہیں پڑتی، اگر واقعی جدید طریقہ علاج میں گلو، جھلی وغیرہ نہ لگائی جاتی ہو اور دوسرے انسان کے بال بھی استعمال نہ کئے جاتے ہوں تو اس طریقہ علاج کو اختیار کرنے میں گنجائش ہے"۔(20)

سفید بالوں کو رنگنا

بالوں کو رنگنا خضاب کہلاتا ہے اور اس کی درج ذیل صورتیں اور قسمیں ہیں :

رسول اللہ نے سفید بالوں کو رنگنے کا حکم دیا ہے۔ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

بڑھاپے (بالوں کی سفیدی) کو (خضاب کے ذریعے) بدل ڈالو اور (خضاب نہ لگانے میں) یہودیوں کی مشابہت نہ کرو۔(21)

ایک دوسری روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہودی اور نصرانی (عیسائی) خضاب نہیں لگاتے لہٰذا تم ان کے خلاف کرو (تم خضاب لگاؤ)-(22)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فتح مکہ کے روز حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لائے گئے، ان کے سر اور داڑھی کے بال ثغامہ (سفید پھلوں اور پھولوں والا درخت) کی طرح سفید تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

((غَيِّرُوا هَذَا بِشَيْءٍ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ))(23)

ترجمہ: ان کی سفیدی کسی چیز سے تبدیل کر دو، لیکن سیاہ رنگ سے اجتناب کرو۔

بعض فقہاء سیاہ خضاب کی حرمت کی علت دھوکہ دہی بتلاتے ہیں ان کے نزدیک کسی عورت یا مرد کے لئے جائز نہیں کہ وہ سیاہ خضاب کے ذریعے کسی کو کم عمری کا دھوکہ دیں البتہ میاں بیوی ایک دوسرے سے اپنا تعلق مضبوط کرنے کی خاطر ایسا کر سکتے ہیں۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں:

"كما يعجبني أن تتزين لي يعجبها أن أتزين لها" (24)

ترجمہ: جیسے میری خواہش ہے کہ میری بیوی میرے لئے بناؤ سنگھار کرے تو اس کی خواہش یہ ہو گی کہ میں اس کے لئے بناؤ سنگھار کروں۔

بالوں کو بلیچ اور مختلف رنگوں سے رنگنا

بیوٹی پارلرز میں خواتین کے بالوں کو بلیچ (Bleach) کیا جاتا ہے اور پھر دوسرے رنگ سے رنگا جاتا ہے تو یہ کام اگر شرعی حدود میں رہتے ہوئے کیا جائے تو شرعاً اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

عنبسہ بن سعید فرماتے ہیں:

"إنما شعرك بمنزلة ثوبك فاصبغه بأي لون شئت"(25)

ترجمہ: بال کپڑوں کی طرح ہیں جس رنگ سے رنگنا چاہو رنگو۔

مہندی کا خضاب (رنگ) لگانا یا مہندی میں کوئی چیز ملا کر سفید بالوں کو رنگین کرنا بھی جائز ہے۔ زرد خضاب لگانا بھی ٹھیک ہے۔ سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دباغت دیئے ہوئے اور بغیر بال کے چمڑے کا جوتا پہنتے تھے اور اپنی ریش (داڑھی) مبارک پر آپ ورس (ایک گھاس جو یمن کے علاقے میں ہوتی تھی) اور زعفران کے ذریعے زرد رنگ لگاتے تھے۔(26)

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے بعض دفعہ سرخ اور زرد خضاب لگایا ہے اور بعض دفعہ نہیں بھی لگایا۔ شیخ نورپوری حفظہ اللہ لکھتے ہیں:

"احادیث میں رسول اللہ کے بالوں کو رنگنے کا بھی ذکر ہے اور نہ رنگنے کا بھی جس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا رنگنے سے تعلق امر ندب پر محمول ہے البتہ کل کے کل بال سفید ہو جائیں کوئی ایک بال بھی سیاہ نہ رہے تو پھر رنگنے کی مزید تاکید ہے۔(27)

گویا خضاب یا دیگر اشیاء جن سے بالوں کو کلر کیا جاتا ہے شرعاً استعمال کر سکتے ہیں اگر طبّی طور پر ان کا کوئی برا اثر نہ پڑے۔ خواہ عام دن ہوں یا شادی کے مخصوص دن کوئی پابندی نہیں ہے۔ البتہ سیاہ خضاب کا استعمال کرنا حرام ہے۔ بالوں کو کالا کرنے یا بالوں کو خوبصورت بنانے کی غرض سے خضاب یا دیگر کیمیاوی مرکبات مثلاً کالا کولا، کالی مہندی یا دیگر ہیئر کلرز لگانے کے بارے میں شرعی احکامات کی تفصیل درج ذیل ہے۔ سیاہ خضاب کا استعمال حرام ہے اور خالص سیاہ رنگ استعمال کرنے پر بہت سخت وعیدیں آئی ہیں۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ قمطراز ہیں:

"الخضاب بالسواد خضاب الكفار ويقال أول من خضب بالسواد فرعون لعنه الله." (28)

ترجمہ: سیاہ خضاب کفار کا خضاب ہے اور سب سے پہلے سیاہ خضاب فرعون لعنہ اللہ نے استعمال کیا۔

سیاہ خضاب لگانا جائز نہیں اس سلسلے میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يَكُونُ قَوْمٌ يَخْضِبُونَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ بِالسَّوَادِ كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لاَ يَرِيحُونَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ)) (29)

ترجمہ: آخری زمانے میں ایسی قومیں آئیں گی جو کبوتر کے پپوٹوں کی طرح کالے رنگ کا خضاب کریں گی وہ جنت کی خوشبو تک نہ پائیں گی۔

سیاہ خضاب کے استعمال سے جنت کی خوشبو تک نصیب نہیں ہو گی، تو کیا ضرورت ہے کہ بحیثیت مسلمان ہم ایسا کریں؟ جو اللہ عزوجل اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ناپسند ہو۔ سیاہ خضاب کے استعمال کے بارے میں وعید ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ((مَنْ خَضَّبَ بِالسَّوَادِ ، سَوَّدَ اللَّهُ وَجْهَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) (30)

ترجمہ: جو سیاہ خضاب لگائے گا، اللہ بروز قیامت اس کے چہرے کو سیاہ کر دے گا۔

جہاں بالوں کو سیاہ خضاب سے رنگنے کے بارے میں قرآن و حدیث میں وعیدیں ہیں، وہیں سیاہ خضاب کی بجائے کسی دوسری چیز سے (سفید) بالوں کے رنگ کو تبدیل کرنے کی اجازت بھی دی گئی ہے۔

بالوں کو رنگنے سے متعلق جدید سائنسی تحقیق

دین اسلام نے جہاں کسی چیز کے استعمال کو منع فرمایا، وہیں جب سائنس نے اس پر ریسرچ کی تو سائنسی حوالے سے بھی اس کو منع کیا گیا۔ بالوں کا معاملہ بھی کچھ ایسا ہی ہے۔

حکیم طارق چغتائی اپنی کتاب "اسلام صحت اور جدید سائنسی تحقیقات" میں رقمطراز ہیں:

